تشریحات رضوی
شرح
فارسی کی دوسری

مرتب

حضرت مولانا کریم اللہ رضوی

استاذ دارالعلوم مخدومیہ اوشیورہ برج جوگیشوری ممبئی

نام کتاب : تشریحات رضوی شرح فارسی کی دوسری

نام مؤلف : مولانا کریم اللہ رضوی فیضی

: استاذ دارالعلوم مخدومیہ جوگیشوری ممبئی

تصحیح اول : حضرت مولانا ذاکر علی قادری مصباحی

شیخ الحدیث دارالعلوم مخدومیہ جوگیشوری

تصحیح ثانی : حضرت مولانا مفتی منظور احمد یار علوی

صدر شعبۂ افتا دارالعلوم برکاتیہ جوگیشوری

نظر ثانی : حضرت مولانا عبد القدیر مصباحی

استاذ دارالعلوم گلشن مدینہ جوگیشوری

کمپوزنگ وسیٹنگ : مولانا محمد ارشاد احمد مصباحی

دارالعلوم مخدومیہ 9833844851

صفحات : ۱۸۴

رابطہ نمبر : مولانا کریم اللہ 7666456313

شرف انتساب

میں اپنی اس حقیر کاوش کو اپنے ان عظیم دینی رہنماؤں کے نام منسوب کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں جنھیں دنیائے اسلام امام عشق و محبت، امام اہل سنت، پروانۂ شمع رسالت، مجدد دین وملت، اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان محدث بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، جلالۃ العلم، استاذ العلماء حضور حافظ ملت علامہ الشاہ عبدالعزیز محدث مرادآبادی، شیخ المشائخ قدوۃ السالکین حضور شعیب الاولیاء الشاہ محمد یار علی و مظہر شعیب الاولیاء حضرت صوفی محمد صدیق احمد المعروف بہ خلیفہ صاحب و حضور تاج الشریعہ نبیرۂ اعلیٰ حضرت جانشین حضور مفتی اعظم ہند حضرت علامہ مفتی اختر رضا خان ازہری رضی اللہ عنہم کے نام سے جانتی ہے۔ اور میں اپنی کتاب کو بطور ہدیہ اپنے تمام اساتذہ کی بارگاہوں میں بالخصوص استاذ الاساتذہ حضرت علامہ و مولانا مفتی آل مصطفیٰ علیہ الرحمۃ والرضوان کی بارگاہ میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں جن کی بے لوث مساعی جمیلہ اور پر خلوص دعاؤں کا یہ صلہ ہے کہ مجھ ناچیز میں یہ صلاحیت پیدا ہوئی۔

رب تبارک و تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا ہے کہ مولیٰ تعالیٰ ان حضرات کی تربت اقدس پر رحمت و نور کی بارش برسائے اور انھیں کے وسیلے سے اس کتاب کو شرف قبولیت عطا فرمائے اور اساتذۂ کرام کو بہترین جزا دنیا و آخرت میں عطا فرمائے۔

مولیٰ تبارک و تعالیٰ اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے میرے والدین کو دارین کی سعادتوں سے مالا مال فرمائے اور اس کتاب کو میرے اور میرے والدین کے لئے اخروی نجات کا ذریعہ بنائے۔ مولیٰ انھیں بھی شاد و آباد رکھے جن کے دامے درمے قدمے سخنے تعاون کی بدولت یہ کتاب منظر عام پر آسکی۔

محمد کریم اللہ رضوی فیضی

استاذ دارالعلوم مخدومیہ اوشیورہ جوگیشوری ممبئی

چند باتیں

مرتب کتاب حضرت مولانا کریم اللہ صاحب رضوی فیضی ایک جواں سال قلمکار ہیں۔ تصنیف و تالیف اور تحقیق کا بہت گہرا شوق رکھتے ہیں۔ چند سال قبل ائمہ اربعہ کی حیات و خدمات کے حوالے سے ایک معرکۃ الآراء کتاب بنام ''حیات ائمہ اربعہ'' منظر عام پر آئی جس میں موصوف نے ائمہ اربعہ: حضرت امام اعظم ابوحنیفہ نعمان بن ثابت، حضرت امام شافعی، حضرت امام مالک اور حضرت امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہم کی حیات و خدمات کو بڑے خوبصورت انداز میں بیان کیا ہے۔

اور اب موصوف کی دوسری اور تیسری کتاب فارسی کی پہلی و فارسی کی دوسری کا ترجمہ اور اس کی تشریح و توضیح بنام ''تشریحات رضوی شرح فارسی کی پہلی'' و ''تشریحات رضوی شرح فارسی کی دوسری'' غیر مطبوعہ پی ڈی ایف فائل میں منظر عام پر آچکی ہے۔ ان دونوں کتابوں کی خصوصیت یہ ہے کہ ہر لفظ کی تشریح و توضیح بہت آسان انداز میں کی گئی ہے۔ فعل کی صورت میں جو الفاظ کتاب میں آئے ہیں ان کی مکمل معلومات صیغہ، مصدر، ماضی، ، مضارع، امر و نہی کے اعتبار سے درج کی گئی ہے۔ الفاظ کو واحد اور جمع یعنی واحد کی جمع اور جمع کی واحد کے اعتبار سے بہت خوبصورت انداز میں بیان کیا گیا۔ غرضیکہ ان دونوں کتابوں میں طلبہ کے لئے ان کی تسکین کا مکمل سامان فراہم کیا گیا ہے۔

مگر ان سب کے باوجود اگر مذکورہ بالا کتابوں میں کوئی کمی نظر آئے تو اس کو ہماری کوتاہی پر محمول کیا جائے اور کرم کر کے ہمیں آگاہ فرمائیں تاکہ آئندہ وہ کمی دور کر دی جائے۔

از۔ محمد ارشاد احمد مصباحی

صاحب کتاب مولانا کریم اللہ رضوی فیضی کا رابطہ نمبر: 7666456313

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمد ونصلی علی رسولہ الکریم

حمد و ثنا

انتخاب از کیمیاے سعادت

شکرِ خداے را کہ یگانہ و بے ہمتاست
ہمہ عالم و ہر چہ در وست، آفریدۂ اوست
ہستی اورا ابتداے وانتہاے نیست
زمین و اسمان و ہر چہ ہست در حکم اوست
ہر چہ خواست کرد و ہر چہ خواہد کند، بروے حکم
نیست ☆ از بہر ہدایت آدمیاں پیغمبراں را
آفرید کہ آخرِ ہمہ پیغمبرِ ما است ☆ رحمتِ
خدا بروے باد ☆ پیغمبرِ ما حضرت محمد مصطفٰے
(بروے رحتِ خدا) سرور و خاتمِ پیغمبراں

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا
ہم اس کی حمد بیان کرتے ہیں اور ہم اس کے
رسول کریم پر دورد و سلام پڑھتے ہیں

حمد و ثنا

کیمیاے سعادت سے چنا ہوا

شکر اس خدا کے لئے ہے جو اکیلا اور بے مثل ہے
تمام عالم اور جو کچھ اس میں ہے اسی کا پیدا کیا ہوا ہو
اس کی ذات کے لئے کوئی ابتدا اور انتہا نہیں ہے
زمین اور آسمان اور جو کچھ ہے اس کے حکم میں ہے
اس نے جو چاہا کیا، اور جو چاہے کرے، اس
پر حکم نہیں ہے، اس نے آدمیوں کی ہدایت
کے لئے پیغمبروں کو پیدا فرمایا۔
کہ سب کے آخر ہمارے پیغمبر ہیں (خدا کی
رحمت ان پر ہو) ہمارے پیغمبر حضرت محمد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

انتخاب از کیمیائے سعادت

حل لغات: انتخاب ۔ چننا، پسند کرنا، چھانٹنا۔ کیمیا ۔ وہ عمل جس سے ادنی دھاتیں اعلیٰ بن جائیں ۔ مثلا رانگا یا تانبا سونا چاندی بن جائیں ۔ سعادت ۔ خوش نصیبی، نیکی ۔ کیمیائے سعادت ۔ امام غزالی علیہ الرحمہ کی فارسی زبان میں تصنیف کردہ ایک مشہور کتاب کا نام ہے۔ پس کیمیائے سعادت کے معنٰی ہوئے نیکی کی کیمیا یعنٰی وہ کتاب جس کے پڑھنے سے ادنیٰ اور ناقص آدمی اعلیٰ اور کامل انسان بن جائیں ۔ حمد ۔ زبان سے اللہ کی تعریف کرنا۔ ثنا ۔ تعریف۔ شکر ۔ احسان کرنے والے

اند کہ بعد از ایشان پیغمبرے نباشد ☆ ہمہ
خلق را اطاعت ایشاں باید کرد ☆

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

انتخاب از رِسالۂ منہاج العابدین

بداں اے عزیز! زنہار بغیر حق اعتماد مکن
تا پشیماں نشوی ☆ از حق غافِل مباش تا
شیطان بر تو راہ نیابد ☆ ہیچ چیز مغرور مشو

مصطفٰے (خدا کی رحمت ان پر ہو) پیغمبروں کے
سردار اور آخر ہیں۔ کہ ان کے بعد کوئی پیغمبر نہیں
ہوگا۔ تمام مخلوق پر ان کی اطاعت ضروری ہے۔

رسالۂ منہاج العابدین سے چنا ہوا

اے پیارے تو جان! ہرگز حق کے علاوہ پر
بھروسہ مت کر۔ تاکہ تو شرمندہ نہ ہوئے۔ حق
سے غافل مت رہ تاکہ شیطان تجھ پر قابو نہ

کی تعریف کرنا، احسان ماننا۔ یگانہ ۔ بے مثل، تنہا، اکیلا۔ بے ہمتا ۔ بے نظیر، جس کا کوئی شریک اور ہم جنس نہ ہو۔ عالم ۔ جہاں، دنیا۔ ہستی ۔ وجود، زندگی، ہونا۔ ہرچہ ۔ جو کچھ۔ آفریدہ ۔ پیدا ہوا، اسم مفعول، آفریدن، مصدر پیدا کرنا، آفرید، فعل ماضی مطلق، آفریند، فعل مضارع، بیا فریں فعل ۔ خواست ۔ چاہا، فعل ماضی مطلق، صیغہ واحد غائب، مصدر، خواستن، چاہنا، فعل مضارع، خواہد ۔ کرد ۔ کیا، فعل ماضی مطلق، صیغہ واحد غائب، مصدر، کردن، فعل مضارع، کند۔ بروے ۔ اس پر ۔ بہر ۔ کے لئے۔ آدمیاں ۔ آدمی کی جمع ہے، انسان۔ پیغمبراں ۔ پیغمبر کی جمع ہے، خدا کا پیغام لانے والا۔ محمد ۔ خوب تعریف کیا ہوا، آخری پیغمبر کا نام ہے۔ مصطفٰی ۔ چنا ہوا، برگزیدہ۔ سرور ۔ سردار۔ خاتم ۔ ختم کرنے والا، آخری۔ خاتم پیغمبراں ۔ پیغمبروں کے بعد آنے والا، آخری پیغمبر ۔ خلق ۔ مخلوق۔ آمد ۔ آیا، فعل ماضی مطلق، صیغہ واحد غائب، مصدر، آمدن، آنا، فعل مضارع، آید، فعل امر، بیا۔ نباشد ۔ نہ ہونا، فعل مضارع منفی، صیغہ واحد غائب، مصدر، بودن، ہونا، رہنا۔ ایشان ۔ وہ لوگ، بصورت جمع ہے۔ اطاعت ۔ فرماں برداری۔ باید کرد ۔ کرنا چاہئے۔

انتخاب از رسالہ منہاج العابدین

حل لغات: منہاج العابدین ۔ امام غزالی علیہ الرحمہ کی تصنیف کردہ ایک کتاب کا نام ہے۔ رسالہ ۔ چھوٹی کتاب، مختلف لوگوں کے مضامین کا مجموعہ جو وقت مقررہ پر شائع ہوتا ہے۔ بداں ۔ جان تو، فعل امر، صیغہ واحد حاضر، مصدر، دانستن، جاننا، فعل مضارع، داند۔ زنہار ۔ ہرگز، کبھی۔ بغیر حق ۔ خدا کے سوا کسی اور پر۔ اعتماد مکن ، بھروسہ مت کر، اسم فاعل ترکیبی، کردن مصدر سے۔ پشیماں نہ

تا ہلاک نگردی ☆ دل از حرص خالی کن تا راحت یابی ☆ در کارِ حق باش تا کارِ تو ساختہ گردد ☆ جز حق و راست مگو تا خستہ نگردی ☆ دل بر کس مبند تا زِیاں نکنی ☆ کسے را عیب مکن تا بعیب مبتلا نگردی ☆ تنگیہا صبر کن تا کشایش یابی ☆ طمع از دل دور کن تا خوار نہ گردی ☆ از ہمہ نومید شو تا کارِ تو بر آید ☆ کار بہ اِخلاص کن تا جزا یابی ☆ غمِ دنیا مخور تا دلِ تو تباہ نشود ☆ راستی پیش گیر تا رستگاری شوی

پائے۔ کسی چیز پر گھمنڈی مت ہوتا کہ تو ہلاک نہ ہوئے۔ دل لالچ سے خالی کرتا کہ تو آرام پائے۔ حق کے کام رہ تا کہ ترا کام بن جائے۔ حق اور سچ کے علاوہ مت کہہ تا کہ تو ذلیل نہ ہوئے۔ دل کسی شخص پر مت باندھ تا کہ تو نقصان نہ اٹھائے۔ کسی کی غیبت مت کرتا کہ تو غیبت میں مبتلا نہ ہوئے۔ مصیبتوں میں صبر کر تا کہ تو خوش حالی پائے۔ لالچ دل سے دور کر تا کہ تو ذلیل نہ ہوئے۔ سبھی سے نا امید ہو تا کہ تیرا کام بن جائے۔ کام دل سے کرتا کہ تو بدلہ پائے۔ دنیا کا غم مت کھا تا کہ ترا دل برباد

شوی۔ شرمندہ مت ہووئے، نہ شوی، فعل مضارع منفی، صیغہ واحد حاضر، مصدر، شدن، ہونا، جانا۔ غافل مباش۔ غافل مت ہو، اسم فاعل ترکیبی، بودن، مصدر سے۔ بر تو راہ نیابد۔ تجھ پر راہ نہ پائے، نیابد، فعل مضارع منفی، صیغہ واحد غائب، فعل امر، بیاب، مصدر، یافتن، پانا۔ بہیچ چیز۔ کسی چیز پر۔ مغرور۔ متکبر، گھمنڈ کرنے والا۔ مشو۔ مت ہو، فعل نہی، صیغہ واحد حاضر، فعل مضارع، شود، مصدر، شدن، ہونا۔ نگردی۔ نہ ہووئے، فعل مضارع منفی، فعل امر، بگرد، مصدر، گردیدن۔ حرص۔ لالچ، ہوس۔ ساختہ۔ اسم مفعول، بنایا ہوا، فعل مضارع، سازد، فعل امر، بساز، مصدر، ساختن، بنانا۔ راست۔ درست، صحیح، سچ۔ مگو۔ مت کہہ، فعل نہی، صیغہ واحد حاضر، مصدر، گفتن، کہنا، فعل مضارع، گوید، فعل امر، بگو۔ خستہ۔ زخمی، گھائل، بدحال۔ مبند۔ مت باندھ، فعل نہی، صیغہ واحد حاضر، مصدر، بستن، باندھنا، فعل مضارع، بندد، فعل امر، ببند۔ زیاں۔ نقصان۔ تنگیہا۔ تنگ کی جمع ہے، مصیبت۔ کشایش۔ کشادگی، فراخی۔ طمع۔ لالچ، حرص، خواہش۔ خوار۔ ذلیل، رسوا۔ اخلاص۔ خلوص، سچی نیت رکھنا۔ مخور۔ مت کھا، فعل نہی، صیغہ واحد حاضر، مصدر، خوردن، کھانا، فعل مضارع، خورَد، فعل امر، بخور۔ راستی پیش گیر۔ سچائی اختیار کر، سچائی پکڑ، فعل امر، صیغہ

☆ آزارِ کس مخواہ تا اماں یابی ☆ کسے را بحقارت مَنِگر تا خوار نشوی ☆ از جہتِ دنیا اندوہگیں مباش تا پریشان نگردی ☆ مرگ را یاد کن تا دل تو بدنیا نِگراید ☆ در امانت خیانت مکن ☆ بیہودہ گوئی را سر ہمہ آفتہا دان ☆ مِنَّت بردار مِنَّت مَنِہ ☆ نمّام را بخود راہ مدہ ☆ حاجت روائی را کارِ بزرگ داں ☆ عقوبت باندازۂ گناہ کن ☆ بہر جا کہ باشی خدارا حاضر داں ☆ گستاخ مباش ☆ عہد را در حال سخط و رضا نیکو نگہدار ☆ چوں با اہل دنیا

نہ ہوئے۔ سچائی اختیار کرتا کہ تو چھٹکارا پائے۔ کسی کی تکلیف مت چاہ تا کہ تو امان پائے۔ کسی کو ذلت مت دیکھ تا کہ تو ذلیل نہ ہوئے۔ دنیا کے واسطے رنجیدہ مت ہوتا کہ تو پریشان نہ ہوئے۔ موت کو یاد کرتا کہ ترا دل دنیا میں نہ لگے۔ امانت میں خیانت مت کر۔ گالی بکنے والے کو تمام آفتوں کی جڑ جان۔ احسان کر احسان مت جتا۔ چغلخور کو اپنے سے راستہ مت دے۔ حاجتپورا کرنے والے کو بڑا کام جان۔ سزا گناہ کے موافق کر۔ تو جس جگہ رہے خدا کو موجود جان۔ گستاخ مت ہو۔ وعدے کو پریشانی اور خوشی میں اچھا نبھا۔ جب

واحد حاضر، مصدر، گرفتن، پکڑنا، فعل مضارع، گیرد۔ رستگار۔ چھٹکارہ پانے والا۔ آزار۔ دکھ، بیماری، تکلیف۔ مخواہ۔ مت چاہ، فعل نہی، صیغہ واحد حاضر، مصدر، خواستن، چاہنا، فعل مضارع، خواہد، فعل امر، بخواہ۔ حقارت۔ ذلت۔ منگر۔ مت دیکھ، فعل نہی، صیغہ واحد حاضر، مصدر، نگریستن، دیکھنا، فعل مضارع، نگرد، فعل امر، بنگر۔ جہت۔ سبب، واسطے، اندوہگین رنجیدہ، مغموم۔ نگراید۔ مائل نہ ہوئے، خواہش نہیں کرتا، فعل مضارع منفی، صیغہ واحد غائب، مصدر، گرائیدن، خواہش کرنا، مائل ہونا، فعل امر، بگرائے۔ مرگ۔ موت۔ سر ہمہ آفتہا دان۔ تمام مصیبتوں کا جڑ جان، آفت کی جمع ہے، دان، فعل امر، دانستن مصدر سے۔ منت۔ احسان، نیکی۔ منت منہ۔ احسان مت جتا، احسان مت رکھ، فعل نہی، صیغہ واحد حاضر، مصدر، نہادن، رکھنا، فعل مضارع، نہد، فعل امر، بنہ۔ نمام۔ چغلخور، لُترا۔ مدہ۔ مت دے، فعل نہی، صیغہ واحد حاضر، مصدر، دادن، دینا، فعل مضارع، دہد، فعل امر، بدہ۔ حاجت روائی۔ ضرورت پوری کرنے والا۔ عقوبت۔ سزا۔ اندازہ۔ موافق، قیاس۔ عہد۔ پیمان، قول وقرار، وعدہ۔ سخط۔ ناراضی، غصہ۔

نشنیی خداے تعالیٰ را فراموش مکن ☆توقع از کس مدار تا عزت یابی ☆فِروتنی کن تا بہ بزرگی رسی ☆شکرِحق بجا آرا گرنعمت دنیا و دین خواہی ☆دشمن مباش تا امان یابی ☆باحق باش اگرعیش جاوِدانی خواہی ☆خدمت بزرگاں کن تا بہ بزرگی رسی ☆صبر پیش گیرا گر عافیت خواہی ☆خودرا بحق سِپار تا بسامان شوی ☆ خودرا ہیچ قدر مَنِہ تا باقدر گردی ☆ قَناعت کن اگر توانگری خواہی ☆ دربندِ چیزے مباش تا آزادشوی ☆خودرا مبیں تا بمعرفت رسی ☆بصدق طلب تا بیابی ☆ حرمت را نگہدار تا محترم گردی ☆

تو دنیا والوں کے ساتھ بیٹھے تو خداے تعالیٰ کو مت بھول۔ بھروسہ کسی شخص سے مت رکھ تا کہ تو عزت پائے۔خاکساری کرتا کہ تو بڑائی کو پہنچے۔حق کا شکر بجالا۔ اگر تو دین ودنیا کی نعمت چاہتا ہے۔دشمن مت رہ۔تا کہ تو امان پائے۔حق کے ساتھ ہو۔اگر تو ہمیشہ کی زندگی چاہتا ہے۔بزرگوں کی خدمت کرتا کہ بڑائی کو پہونچے۔پہلے صبر اختیا کرا گر تو آرام چاہتا ہے۔اپنے کو خدا کے سپرد کرتا کہ سامان نجات پائے۔اپنے کو کسی قابل مت رکھ تا کہ باعزت ہوئے۔قناعت کرا گر تو مالداری چاہتا ہے کسی چیز کی فکر میں مت ہو، یا نہ رہ۔تا کہ آزاد ہوئے۔اپنے کو مت دیکھ تا کہ معرفت کو پہونچے۔سچائی سے طلب کرتا کہ تو پائے۔عزت کا خیال رکھ تا کہ

رضا۔خوشی۔توقع۔امید۔مدار۔مت رکھ،فعل نہی،صیغہ واحد حاضر،مصدر،داشتن،رکھنا،فعل مضارع،دارد،فعل امر،بدار۔فِرُوتنی۔عاجزی،تواضع۔رسی۔ پہونچے،فعل مضارع،صیغہ واحد حاضر،مصدر،رسیدن،پہونچنا،فعل امر،برس۔بجا آر۔بجالا،فعل امر،صیغہ واحد حاضر،مصدر، آوردن،لانا،فعل مضارع،آورد۔عیش۔سکھ،چین۔جاودانی۔ہمیشگی،ہمیشہ رہنے والا۔بزرگاں۔بزرگ،کی جمع ہے۔گیر۔پکڑ،اختیار کر،فعل امر،صیغہ واحد حاضر،مصدر،گرفتن،پکڑنا،فعل مضارع،گیرد ۔عافیت۔آرام۔سپار۔سپرد کر،فعل امر،صیغہ واحد حاضر،مصدر،سپردن،سونپنا،فعل مضارع،سپارد۔سامان۔قدر،اندازہ،اسباب۔قناعت۔تھوڑی چیز پر خوش ہونا،جومل جائے اس پر راضی رہنا۔توانگری۔مالداری،دولت مندی۔بند۔فکر،قید۔مبیں۔مت دیکھ،فعل نہی،صیغہ واحد حاضر،مصدر،دیکھنا،فعل مضارع،بیند،فعل امر،ببیں۔معرفت۔پہچان،خدا کی

خوش خو باش تا عزیز گردی ☆سودائے پیش گیر کہ دراں سودے کنی ☆ خشم فروخور تا راحت یابی ☆مسکین باش تا مقبول شوی ☆ کارے کن کہ پشیماں نگردی ☆درعیب خود فروشواگر باکاری ☆باہمہ رفق و نرمی کن تا عزیز گردی ☆برنعمتِ کس حسد مکن تا عافیت یابی ☆ یار ہمہ کس باش تا محتشم گردی ☆برزیر دستاں شفقت کن تا برہی ☆در کارہا آہستگی کن تا شیطان برتو ظفر نیابد☆ دلہا را دریاب تا خوشنودیِ حق یابی ☆بدخوئی را ترک دہ تا عیش برتو تلخ نگردد☆ در معاملہ سخت مپیچ تا خستہ نگردی ☆ باہمہ آسانی کن تا برہی ☆ دُرشتی بگذار تا نزدیک ہمہ دوست گردی ☆از خود طلب اگر جواں مردی ☆حق را یاد کن تا

تو معزز ہوئے۔اچھی عادت والا ہوتا کہ تو عزیز ہوئے۔پہلے بھلائی اختیار کرتا کہ تو اس میں فائدہ حاصل کرے۔غصہ پی جا،یا کم کرتا کہ تو آرام پائے۔مسکین رہ تا کہ تو مقبول ہوئے۔ایسا کام کرتا کہ تو شرمندہ نہ ہوئے۔اپنے عیب میں غور کرا گر بااختیار ہو۔سب کے ساتھ مہربانی اور نرمی کرتا کہ تو عزیز ہوئے۔کسی شخص کے نعمت پر حسد مت کرتا کہ تو آرام پائے۔تمام شخص کا دوست ہوتا کہ تو شان و شوکت والا ہوئے کمزوروں پر مہربانی کرتا کہ تو نجات پائے۔کاموں میں آہستگی کرتا کہ شیطان تجھ پر کامیابی نہ پاوے۔لوگوں کی دلجوئی کرتا کہ خدا کی خوشنودی پائے۔بُری عادت کو چھوڑ دے تا کہ زندگی تجھ پر تلخ نہ ہوئے۔کسی معاملہ میں سختی مت کرتا کہ تو آزردہ نہ ہوئے۔سب کے ساتھ آسانی کرتا کہ تو چھٹکارا پائے۔سختی چھوڑ دے تا کہ تو سب کے نزدیک دوست ہوجائے۔خود سے مانگ اگر قوت والا ہے

پہچان۔حُرمَت۔عزت،آبرو۔نگہدار۔محفوظ رکھ،اسم فاعل ترکیبی،داشتن مصدر سے۔مُحترم۔معزّز،بزرگ۔سود۔نفع،فائدہ،بھلائی۔خشم۔غصہ۔فرُو۔کم،نیچے۔محتشم۔خدام وحشم والا،امیر،رئیس۔زِیردستاں۔زیردست،کی جمع ہے،ماتحت،مغلوب،کمزور۔دلہا رادریاب۔لوگوں کی دل جوئی کر،دریاب،فعل امر،صیغہ واحد حاضر،مصدر،یافتن۔تلخ۔کڑوا،ناگوار۔مپیچ۔مت لپیٹ،مت کر،فعل نہی،صیغہ واحد حاضر،مصدر،پیچیدن،لپینا،فعلمضارع،پیچد،فعل امر،بپیچ۔ دُرُستی۔بدخلقی،سختی۔بگذار۔چھوڑ دے،فعل امر،صیغہ واحد حاضر،مصدر،گذاشتن،چھوڑنا،فعل

دلِ تو سیاہ نگردَد ☆ در ماندگاں را دریاب
تا باز نمانی ☆ جز حق میندیش اگر طالبی
☆ خلاف ترک دہ بسلامت مانی ☆ از
حکم سرمتاب تا عاصی نشوی ☆ آں کہ
با تو بدی کند باوَے نیکی کن ☆ با قافلہ رَو
کہ رہزناں بسیار اند و دشمناں در کار ☆
سر بریں در بنہ یا برو سرِ خود گیر ☆ خود خواہ
مباش اگر دوست خواہی ☆ دوستی آں
بہ کہ برائے خدا بُوَد ☆ بارِ خود بر کس مَنِہ تا
خوار نگردی ☆ پند بشنو تا سود حاصل کنی
☆ بحق پناہ گیر تا خلاص یابی ☆ وقت را
بشناس اگر صرّافی ☆ طمع از خلق بردار تا
محتاج نگردی ☆ ہوائے نفس را خلاف کن
اگر دلاوری ☆

(جوانمرد)۔خدا کو یاد کر تا کہ ترا دل سیاہ نہ ہوئے ۔عاجزوں کی دلجوئی کر تا کہ تو پیچھے نہ رہے ۔حق کے علاوہ مت سوچ اگر تو خواہش مند ہے مخالفت چھوڑ دے تا کہ سلامتی سے رہے ۔خدا کے حکم سے نافرمانی مت کر تا کہ تو گنہگار نہ ہوئے ۔ وہ جو تیرے ساتھ بُرائی کرے اس کے ساتھ بھلائی کر ۔قافلہ کے ساتھ چل کیونکہ ڈاکو بہت ہیں اور دشمن گھات میں ہیں ۔اسی کے در پر سر رکھ یا جا اپنا راستہ پکڑ۔خودغرض مت ہو اگر تو دوستی چاہتا ہے۔وہ دوستی بہتر ہے جو خدا کے لئے ہو۔اپنا بوجھ کسی شخص پر مت رکھ تا کہ تو ذلیل نہ ہوئے نصیحت سن تا کہ تو فائدہ حاصل کرے خدا کی پناہ لے تا کہ تو چھٹکارا پائے ۔وقت کو پہچان اگر پرکھنے والا ہے۔مخلوق سے لالچ مت رکھ تا کہ تو محتاج نہ ہوئے ۔جی کے خواہش کے خلاف کر اگر تو بہادر

مضارع ،گذارد۔ جواں مردی ۔قوت والا۔ در ماندگان ۔درماندہ کی جمع ہے،ناچار،عاجز۔ باز نمائی ۔ پیچھے نہ رہے،فعل مضارع منفی ،صیغہ واحد حاضر،مصدر، ماندن، رہنا ،فعل امر ،بماں ۔ میندیش ۔مت سوچ، فعل نہی ،صیغہ واحد حاضر ، مصدر، اندیشیدن ، سوچنا ،فعل مضارع ،اندیشد،فعل امر ، بیندیش ۔ سرمتاب ۔ نافرمانی مت کر ،فعل نہی ،صیغہ واحد حاضر ،مصدر ،تافتن ،نافرمانی کرنا،فعل مضارع ،تابد،فعل امر ،بتاب ۔عاصی ۔گہنگار، مجرم۔ رَہزَ ناں ۔رَہزَن کی جمع ہے،لٹیرے،ڈاکو۔ کار ۔جنگ وجدال،کام۔ خَلاص ۔رہائی، چھٹکارا۔ سر بریں در بنہ یا برو۔اسی در پر سر رکھ یا جا،بنہ ،رکھ،فعل امر ،صیغہ واحد حاضر،مصدر،نہادن ، رکھنا،فعل مضارع ،نہد ۔ برو۔ جا،فعل امر ،صیغہ واحد حاضر،مصدر،رفتن ،جانا،فعل مضارع ،رود۔بشناس ۔ پہچان ،فعل امر

کار باندیشہ کن تا زِیاں نکنی ☆ از حق
نصرت خواہ تا یاری یابی ☆ بحق بگریز تا
از دشمن برہی ☆ بیکس باش تا باکس باشی
☆☆☆☆

ہے ۔کام سوچ کر کر تا کہ تو نقصان نہ کرے ۔خدا سے مدد چاہ تا کہ تو مدد پائے ۔حق کی طرف دوڑ تا کہ دشمن سے نجات پائے ۔بے سہارا رہ تا کہ لوگ ساتھ ہوں۔

اِنتخاب از سفر نامۂ شاہِ ایران
سواری ریل

یک ساعت از شب رفتہ براہِ آہن
رفتیم ☆ کالسکہاے راہِ آہن بسیار خوب
و وسیع و مزّین بود ☆ ہمہ باہم وصل بود
☆ بجمیع کالسکہا می رفت و آمد ☆ اول
مرتبہ ایست کہ بکالسکۂ بخاری نشینم ، بسیار

ایران کے بادشاہ کے سفرنامہ سے چنا ہوا
گاڑی کی سواری

ایک گھنٹہ رات سے گزار کر ہم ریل گاڑی سے روانہ ہوئے ۔ریلوے کی گاڑیاں بہت اچھی ،کشادہ اور سجی ہوئی تھیں ۔سب آپس میں ملی ہوئی تھیں تمام گاڑیوں سے آنا جانا ہو رہا تھا پہلی مرتبہ یہ ہے کہ میں ریل گاڑی میں بیٹھا

،صیغہ واحد حاضر ،مصدر،شاختن ، پہچاننا،فعل مضارع ،شناسد۔صرّاف ۔ پرکھنے والا۔ ہوائے نفس ۔جی کی خواہش ۔ دِلاور ۔ بہادر،سورما۔ نصرت ۔مدد۔ یاری ۔دوستی۔ بگریز ۔ بھاگ،فعل امر ،صیغہ واحد حاضر،مصدر،گریختن ، بھاگنا،فعل مضارع ،گریزد۔

انتخاب از سفر نامۂ شاہِ ایران (سواریِ ریل)

حل لغات: سفر نامۂ شاہِ ایران ۔ایک کتاب کا م ہے جس میں ایران کے بادشاہ ناصرالدین شاہ قاچار نے اپنے ان سفروں کا حال لکھا ہے جو ممالک یورب میں کئے ۔ ساعت ۔گھنٹہ، وقت، گھڑی ۔ شب ۔رات۔ رفتہ ۔گیا ہوا،اسم مفعول ،مصدر،رفتن ، جانا، چلنا،فعل مضارع ،رود،فعل امر ، برو ۔ راہِ آہن ۔ریل گاڑی کی پٹڑی۔ رفتیم ۔ہم گئے،فعل ماضی مطلق ،صیغہ جمع متکلم ،مصدر،رفتن ، جانا ، چلنا۔ کالسکہا ۔کالسکہ کی جمع ہے، گاڑیاں۔ وسیع ۔ چوڑا، کشادہ۔ مزین ۔آراستہ ،سجا ہوا۔ با ہم وصل بود ۔آپس میں ملے ہوئے تھے ۔ بجمیع ۔تمام ،سب ۔ میشد ۔ ہو رہا تھا ،فعل ماضی استمراری ،صیغہ واحد غائب ،مصدر،شدن ، ہونا ،فعل مضارع ،شود،فعل امر ، بشو۔ می نشینم ۔میں

خوب و راحت است ☆ ساعتے پنج فرسنگ راہ میرود☆ تندیِ حرکتِ کالسکہ بطور بود کہ کلاغ وقتیکہ در پرواز بود، کالسکہ برابر او رسیدہ ازوے گذشت و کلاغ عقب می ماند☆

در ہر دو سہ میل یک قراوُل خانہ بجہت حفظ راہ و در ہر چند فرسنگ یک استاسِیَون (اسٹیشن) ساختہ اند ☆ استاسیونحلِ استادنِ کالسکۂ بخار است کہ آنجا عراوہ ہا را چرب می کنند، مسافراں پائیں می آیند، قہوہ وغذا می خورند☆ بناے استاسیونہا بسیار خوب است و ہمیشہ چند کالسکۂ بخار براے حمل ونقلِ مسافر و مالِ تجارت در ہر استاسِیوَن حاضر است☆

، بہت اچھی اور آرام دہ ہے۔ایک گھنٹے میں پانچ میل راستہ طے کرتی ہے۔ گاڑی کی حرکت کی تیزی اس طور پر تھی ایک کوّا جو اس وقت اڑ رہا تھا، گاڑی اس کے برابر پہونچکر اس سے آگے گزر گئی اور کوّا پیچھے رہ گیا۔

ہر دو، تین میل میں ایک پولیس چوکی راستے کی حفاظت کے لئے اور چند میل میں ایک اسٹیشن بنا ہوا ہے۔اسٹیشن گاڑی کھڑی ہونے کی جگہ ہے کہ اس جگہ پہیوں کو چیک کرتے ہیں، مسافر نیچے آتے ہیں، قہوہ اور کھانا کھاتے ہیں۔اسٹیشنوں کی عمارت بہت اچھی ہے اور ہمیشہ چند ریل گاڑی مسافروں اور مال تجارت لانے لے جانے کے لئے ہر اسٹیشن پر موجود ہیں۔

بیٹھتا تھا، فعل ماضی استمراری، صیغہ واحد متکلم، مصدر، نشستن، بیٹھنا، فعل مضارع، نشیند، فعل امر، بنشیں۔ فرسنگ ۔تین میل کوس (بارہ ہزار گز)۔ میرود ۔جا رہا تھا، فعل حال، صیغہ واحد غائب، مصدر، رفتن، جانا، تُندِی ۔تیزی۔ کُلاغ ۔جنگلی کوّا۔ عقب ۔پیچھے۔ وقتیکہ ۔جس وقت۔ می ماند ۔رہ رہا تھا، فعل حال، صیغہ واحد غائب، مصدر، ماندن، رہنا، فعل امر، بماں۔ قَراوُل خانہ ۔پولیس چوکی، تھانہ۔ بِنائے استاسیون ۔اسٹیشن کی عمارت۔ عَراوہ ۔گاڑی۔ ساختہ اند ۔بنا ہوا ہے، موافقت کرنا، فعل ماضی قریب، صیغہ جمع غائب، مصدر، ساختن، بنانا، فعل مضارع، سازد، فعل امر، بساز۔ قہوہ ۔کافی۔ حمل ونقل ۔اٹھانا اور لے جانا۔ چرب می کنند ۔چیک کرتے تھے، فعل حال، صیغہ جمع غائب، مصدر کردن، کرنا۔ مسافراں پائیں آیند۔ مسافر لوگ نیچے آتے ہیں۔ می آیند

سیر کارخانۂ پنبہ ریسی

براے تماشاے کارخانۂ پَنبہ ریسی رفتم ☆ رسیدم سرِ کارخانہ۔ پنج مرتبہ داشت، در ہر مرتبہ کارے میکردند، اغلب زَنہا مشغول کار بودند، ریسماں وغیرہ درست میکردند ☆ در مرتبۂ پائیں پارچہ می بافتند کہ ایں پارچہ را بجاے دیگر بردہ نقسِ چیت زدہ بہ تمام دنیا حمل می کنند ☆ کارخانۂ پائیں بسیار تماشا داشت، بقدر یک میدانِ بزرگ بود، البتہ بقدر دو ہزار دستگاہ داشت، بر ہر دستگاہ داشت، بر ہر دستگاہ چہار نفر زن کار می کردند☆

روئی کاتنے والے کارخانے کی سیر

میں روئی کاتنے والے کارخانہ کے نظارہ کے لئے گیا۔ میں کارخانے میں پہونچا وہ پانچ منزلے رکھتا تھا ہر منزل میں کام کر رہے تھے زیادہ تر عورتیں کام میں مشغول تھیں، سوت وغیرہ درست کر رہی تھیں نیچے کے منزل میں کپڑے بُنے جاتے تھے اِس کپڑے کو دوسری جگہ لے جا کر چھینٹ کے نقش و نگار ڈال کر پوری دنیا میں روانہ کرتے تھے نیچے کا کارخانہ عجیب نظارہ رکھتا تھا ایک بڑے میدان کے مقدار میں تھا یقیناً دو ہزار کے مقدار میں کار خانے رکھتا تھا، ہر کارخانے میں چار مزدور عورتیں کام کر رہی تھیں۔

۔فعل حال، صیغہ جمع غائب، مصدر، آمدن، آنا، ۔استادن۔کھڑا ہونا، مصدر، فعل مضارع، استد، فعل امر بالیست۔محل۔جگہ۔

سیر کارخانۂ پنبۂ رِیسی

حل لغات: سیر۔تفریح۔ کارخانہ ۔فیکٹری، جہاں مشینی کاروبار ہوتا ہے۔ پَنبہ ریسی ۔روئی کاتنا۔ مَرتبہ ۔درجہ۔ داشت ۔رکھا ہے، فعل ماضی مطلق، صیغہ واحد غائب، مصدر، داشتن، رکھنا، فعل مضارع، دارد، فعل امر، بدار۔ اغلب ۔زیادہ تر۔ زنہا ۔زن کی جمع ہے، عورتیں۔ ریسماں ۔ڈورا، رسی۔ پارچہ ۔کپڑا۔ چیت ۔چھینٹ۔ تماشہ ۔ہنگامہ، عجیب چیز۔ میدان بزرگ ۔بڑا میدان۔ دستگاہ ۔کرگھا۔ نفر ۔مزدور، نوکر۔ پائیں ۔نیچے۔ بجاے ۔جگہ۔

سیرِ باغ وحش

رفتیم بباغ وحش ، قفسہاے بزرگ خوب دیدہ شد کہ ہرنوع حیوانے را در قفس علیحدہ گزاشتہ بودند☆ انواعِ طیور ے کہ در عالم بہم می رسد ، ہمہ در آنجا موجود بود☆ اَشکالے کہ در کتاب نوشتہ اند، در ینجا زندہ دیدم ☆ بعد داخلِ دالان قفسہاے حیواناتِ درندہ دیدیم ،اینقدر انواعِ سِباع بود کہ بہ تصورنمی آید ☆شیرِ یالدارِ افریقہ بسیار عظیم الجثہ و مُہیب بود، یالِ سیاہ بسیار ضخیم ریختہ ،سرش

چڑیا گھر کی سیر وتفریح

ہم چڑیا گھر گئے ،خوب بڑے پنجڑے دیکھے گئے جو ہر قسم کے جانوروں کو علیٰحدہ پنجڑے میں رکھا گیا تھا۔ پرندوں کی قسمیں جو دنیا میں حاصل ہوتے تھے تمام اس جگہ میں موجود تھے ۔ایسی تصویریں جو کتاب میں ہیں ،اس جگہ میں نے زندہ دیکھا ۔ہم درندے جانوروں کے پنجڑوں کے ہال میں داخل ہونے کے بعد دیکھے اس قدر قسم قسم کے درندے تھے جو خیال میں نہیں آتے تھے ۔افریقہ کا شیر بَبر بہت بڑے جسم والا اور خوفناک تھا، بہت

سیر باغ وحش

حل لغات: باغ وحش ۔ چڑیا گھر۔ قفسہا ۔قفس کی جمع ہے، پنجڑوں ۔ دیدہ شد ۔ دیکھا گیا، فعل ماضی مطلق مجہول ، صیغہ واحد غائب ،مصدر ، دیدن ، دیکھنا ،فعل مضارع ، بیند، فعل امر ، ببیں ۔ انواع ۔نوع کی جمع ہے، قسمیں ۔ طیور ۔طیر کی جمع ہے، پرندے ۔ بہم می رسد ۔ملتی ہیں، فعل حال ،صیغہ واحد غائب ،مصدر، رسیدن اشکال ۔شکل کی جمع ہے، شکلیں۔ نوشتہ اند ۔لکھے ہیں، فعل ماضی قریب ،صیغہ جمع غائب ،مصدر ،نوشتن ،لکھنا ،فعل مضارع ،نویسد ،فعل امر ، بنویس ۔ در ینجا ۔اس جگہ میں ۔ دالان ۔ہال، صحن ۔ حیوانات دَرِندہ ۔ پھاڑنے والے جانور۔حیوان کی جمع ہے۔ اینقدر ۔ اس قدر۔ سباع ۔سبع کی جمع ہے، درندے۔ بہ تصورنمی آید ۔خیال میں نہیں آتے تھے۔ نمی آید ۔ فعل مضارع منفی ،صیغہ واحد غائب ،مصدر، آمدن ،آنا ۔ یالدار ۔ وہ جانور جس کی گردن میں لمبے لمبے بال ہوں۔ عظیم الجثہ ۔ بڑے جسم والا۔ مہیب ۔خوفناک ،ڈراؤنا۔ ضخیم ۔موٹا۔ ریختہ ۔لٹکائے ہوئے ، اسم مفعول ، مصدر ، ریختن ، لٹکانا ، چھڑکانا ۔فعل مضارع ، ریزد ،فعل امر ، بریز۔

بقدرِ سرِ فیل بلکہ بزرگتر چشمہاے دریدہ خیلے مُہیب بدن خوش شکل مثلِ مخمل ☆ شیربان گوشت بلند کرد ،او بلندمی شد ☆من مائل بودم کہ مدتے تماشاے ایں شیر بکنم ولے از ہجومِ مردمِ تماشائی ممکن نبود☆ چند بَبُر بسیار بزرگ از بَبر ہاے افریقہ و ہند نیز بود ☆ و پَلنگ سیاہ ہم دیدہ شد کہ خیلے غریب و مہیب بودند ☆ شیر ہاے دیگر ہم بودند☆ یک شیر یالدارے بود اما ہنوز یالش مثل آں دو شیرِ اولیں نشدہ بود☆ شیر مادہ ہم بود کہ چند بچۂ شیر ہمانجا زائیدہ و بچہ ہایش بزرگ شدہ بودند☆ پلنگ زیادہ ، یُوز ہاے مختلف، گفتار ہاے عجیب الخلقت کہ صداہاے غریب می کردند☆ میمونہاے

موٹا کالے بال بکھرے ہوئے ،اس کا سر ہاتھی کے سر کے برابر بلکہ اس سے بڑا، آنکھیں پھٹی ہوئی بہت ڈراؤنی، جسم خوبصورت مخمل کی طرح تھا۔شیر کا نگہبان گوشت بلند کرتا وہ بلند ہو جاتا تھا۔ میں متوجہ تھا کہ دیر تک اِن شیروں کا نظارہ کروں لیکن تماشا دیکھنے والے لوگوں کی بھیڑ سے ممکن نہیں تھا چند بہت بڑے شیر ببر افریقہ اور ہندوستان کے ببر شیر میں سے بھی تھے دو کالے تیندوے بھی دیکھے گئے جو بہت ڈراؤنی تھے دوسرے شیر بھی تھے ۔ایک شیر ببر تھا لیکن ابھی تک اس کے گردن کے بال پہلے والے دو شیروں کی طرح نہیں ہوئے تھے۔ایک شیرنی بھی تھی جس نے چند بچے اسی جگہ جنا اور اس کے بچے بڑے ہوگئے تھے زیادہ تیندوے ،مختلف قسم کے چیتے ،عجیب و غریب بجّو ، جو عجیب وغریب آوازیں کررہے

چشمہائے دریدہ ۔ پھٹی (کھلی) ہوئی آنکھیں ،چشم کی جمع ہے ۔ شیر بان ۔شیر رکھنے والا ،شیر کی نگہداشت کرنے والا ۔ مائل ۔متوجہ۔ تماشہ ۔نظارہ۔ ولے ۔لیکن ۔ ہجوم ۔بھیڑ۔تماشائی۔تماشا دیکھنے والے ۔ ببر ۔وہ شیر جس کی گردن پر بال ہوں ۔پلنگ ۔تیندوا۔ خیلے غریب ۔بہت زیادہ عجیب ۔ امّا ہنوز ۔لیکن ابھی تک ۔ ہم نجا ۔اسی جگہ۔ زائیدہ ۔ جنے ہوئے ۔اسم مفعول ، مصدر، زائیدن ، جننا، فعل مضارع ، زاید، فعل امر ، بزائے ۔ یوز ۔ چیتا ، یا اس سے چھوٹا ایک درندہ جو شیر کا دشمن ہے۔ گفتار ۔ بجّو (گوشت خور جانور) ۔ عجیب الخلقت ۔ غیر طبعی ،عجیب و غریب تخلیق ۔ میمونہا ۔میمون کی جمع ہے، بندرے ۔ فیل ۔ ہاتھی ۔ ہندی ۔ ہندوستانی ۔تفاوت ۔فرق ۔ گوشہا۔

مختلف وغیرہ ہمہ انواعِ حیوانات دیدہ شد☆ دو فیل ہم بودند، یکے بسیار بزرگ کہ ہندی بود، دیگرے از افریقہ☆ فیلِ افریقہ بسیار تفاوت با فیل ہند داشت ☆ گوشہاے خیلے بزرگ تر وپہن تر بود ☆ گاؤ میش وحشی بزرگ وکوچک ہم بودند ☆ گاؤ میشِ تبت نیز دیدم ،از اطرافش آنقدر پشم آویختہ بود کہ بزمین می کشد ،بسیار مہیب بود☆ حیواناتِ عجیب دیگر ہم آنقدر در آنجا دیدہ شد کہ بحساب نیامد ☆ ہرنوع حیواناتے کہ در ہر اقلیم بودہ، در آنجا جمع نمودہ اند ☆ در کمالِ نظافت و پاکیزگی خوراک ہر یک رامی دہند ☆انواع طوطیہا وطاؤسہا وانواع مرغہاے

تھے۔مختلف بندر وغیرہ تمام قسموں کے جانور دیکھے گئے۔دو ہاتھی بھی تھے،ایک بہت بڑا جو ہندوستانی تھا ،دوسرا افریقہ کا۔افریقہ کا ہاتھی ہندوستان کے ہاتھی سے بہت فرق رکھتا تھا۔اس کان بہت بڑے اور زیادہ چوڑے تھے۔بڑی اور چھوٹی جنگلی بھینس بھی تھیں۔میں نے تبّتی بھینس بھی دیکھا ،اس کے ہر طرف اس قدر بال لٹکے ہوئے تھے جو زمین پر گھسٹتے تھے ،بہت ڈراؤنا تھا۔دوسرے عجیب جانور بھی اس قدر اس جگہ دیکھے گئے جو شمار میں نہیں آتے تھے۔ہر قسم کے جانور جو ہر ملک میں تھے اس جگہ میں جمع دیکھے ہیں۔نہایت صفائی اور پاکیزگی سے ہر ایک کو غذا دیتے تھے۔قسم قسم کے طوطے اور موریں اور قسم قسم خوش رنگ پرندے بہت بڑے پنجڑے میں اڑنے اور

گوش کی جمع ہے،کانیں۔پہن تر۔بہت چوڑا۔گاؤ میش وحشی۔جنگلی بھینس۔بزرگ وکوچک۔بڑے اور چھوٹے۔تبت۔ایک ملک کا نام ہے۔اطرافش۔اس کے چاروں طرف۔پشم۔اُون ،بال،رُواں۔آویختہ بود لٹکا ہوا تھا۔فعل ماضی بعید۔صیغہ واحد غائب،مصدر،آویختن،لٹکنا،فعل مضارع،آویزد،فعل امر،بیاویز۔می کشید۔گھسٹتے تھے،ماضی استمراری،صیغہ واحد غائب،مصدر، کشیدن،کھینچنا،گھسیٹنا،فعل مضارع،کشد،فعل امر،بکش۔اقلیم۔ملک،ولایت۔نمودہ اند۔دیکھے ہیں،فعل ماضی قریب،صیغہ جمع غائب،مصدر،نمودن،دکھانا،فعل مضارع،نماید،فعل امر،بنمائے۔ کمال نظافت۔انتہائی صفائی،پاکیزگی۔می دہند۔دیتے ہیں،فعل حال،صیغہ جمع غائب،مصدر، دادن،دینا،فعل امر،بدہ۔طوطیہا۔طوطا کی جمع ہے،پرندہ۔طاؤسہا۔طاؤس کی جمع ہے،موریں۔

خوش رنگ در قفسے بسیار بزرگ مشغول پرواز وبازی بودند ☆ باز بہ ماہی خانہ آمدیم ،دیدیم ماہیہا وحیوانات ونبات بحری راتُو ےحوضہا کہ روے آنہا بلور وآئینہ ہاے بزرگ است انداختہ اند ومتصل آب را ہم تازہ می کنند ☆از آنجا کہ ما ایستادہ تماشا می کردیم تہ حوض پیدا بود☆ ماہیہا و جانور ہا ونباتات بحالت طبعی کہ در دریا دارند پیدا ہستند ،بعض خوابیدہ بعض در حرکت☆

خلاصہ ماہیہاے عجیب نوع رنگارنگ بزرگ و کوچک ،صدفہاے بسیار ،خرچنگہاے مختلف رنگ و زاغ وغیرہ بسیار عجیب ،انواعِ مرغہاے آبی ،طوطیہا

کھیلنے میں مشغول تھے۔

پھر ہم مچھلی گھر آئے ،ہم نے مچھلیوں اور سمندری جانوروں اور پودوں کو حوضوں کے اندر دیکھا جس کے اوپر کے حصہ پر شفاف پتھر اور بڑے آئینے ڈالے ہوئے ہیں اور قریب ہی پانی کو تازہ کرتے تھے۔اس جگہ سے ہم کھڑے ہوکر نظارہ کررہے تھے جو حوض کے اندر ظاہر تھا۔مچھلیاں اور جانور اور پودے قدرتی حالت کے ساتھ جو سمندر میں رکھتے ہیں ظاہر ہیں بعض ساکت اور بعض حرکت میں۔

خلاصہ عجیب قسم قسم کی رنگ برنگ بڑی چھوٹی مچھلیاں بہت سی سیپیاں مختلف رنگ کے کیکڑے بہت انوکھے کوّے وغیرہ قسم قسم کے سمندری پرندے رنگ برنگ طوطے دیکھے گئے

مرغہا۔مرغ کی جمع ہے،پرندے۔خوش رنگ۔اچھا رنگ۔پرواز۔اڑان،حاصل مصدر،مصدر، پریدن،اڑنا،فعل مضارع پرد،فعل امر،بپر۔بازی۔کھیل۔ماہی خانہ۔مچھلی گھر۔نبات بحری۔ سمندری گھاس،پودے۔تُو۔اندر،تہ۔تُوے حوضہا۔حوضوں کے اندر۔روئے۔ہر چیز کے اوپر کا حصہ۔بلّور۔شیشہ،ایک شفاف پتھر۔تہ حوض۔حوض کا نچلا حصہ۔انداختہ اند۔ڈالے ہوئے،فعل ماضی قریب،صیغہ جمع غائب،مصدر،انداختن،ڈالنا،فعل مضارع،اندازد،فعل امر، بینداز۔بعض خوابیدہ۔کچھ سوئے ہوئے،اسم مفعول،مصدر،خوابیدن،سونا،فعل مضارع،خوابد، فعل امر،بخواب۔صدفہا۔صدف کی جمع ہے،سپیاں۔خرچنگ۔کیکڑا۔زاغ۔کوّا۔مرغہائے آبی۔سمندری پرندے۔

ے رنگ برنگ دیدہ شد☆ طوطیِ سفید بزرگ بود، خیلے شبیہ بآدم صدا می کرد☆ یک محوطہ بود مانندِ قفس کہ میان آں فوارہ می جست و درش باز، ہمہ خانہ قفس بود، توے قفسہا درخت مصنوعی ساختہ اند ☆ ہر نوع مرغے کہ در دنیا تصور شود، سرد سیری و گرم سیر در آنجا موجود است و بہ ہر شکلے مرغے کہ در کتابہا دیدہ بودم، رنگ برنگ آنجا دیدم ☆ ہمہ آنہا را در کمال پاکیزگی آب و دانہ می دہند ☆ جمع ایں مرغہا یک دفعہ می خواندند، گاہے بازی می کردند، گاہ پرواز ☆ خیلے از تماشاے آنہا حیرت دست داد ☆ ہمیں جا در طویلہ بقدر پنجاہ و شصت اسپ بسیار خوب برنگہاے غریب بودند، ہیچ جا چنیں اسپہا ندیدہ شد☆ اسپہاے خالدارے عجیبے بودند ☆ ایں اسپہا را طورے تعلیم و عادات دادہ اند کہ بیک اشارہ ہر حرکتے کہ خواہند می کنند☆ ہمہ

ایک بڑا اسفید طوطا تھا، انسانی آواز سے بہت مشابہت کرتا تھا۔ ایک احاطہ تھا پنجڑے کی طرح اس کے درمیان فوارہ ابلتا تھا پنجڑے کے تمام دروازے کھلے تھے، پنجڑوں کے اندر بناوٹی درخت بنے ہوئے ہیں۔ ہر قسم کے پرندے جن کا دنیا میں تصور نہیں ہوتا ہے، ٹھنڈی اور گرمی میں تفریح کرنے والے اس جگہ موجود ہیں اور ہر ایک صورت میں پرندے جو کتابوں میں دیکھا تھا، رنگ برنگ اس جگہ میں نے دیکھا۔ ان سب کو نہایت صفائی سے پانی اور دانہ دیتے تھے۔ یہ سب پرندے ایک ساتھ بولتے تھے کبھی کھیلتے تھے کبھی اڑتے تھے۔ انھیں دیکھنے سے بہت حیرت ہوئی۔ اسی جگہ اصطبل میں تقریباً پچاس ساٹھ گھوڑے بہت عمدہ عجیب رنگوں کے ساتھ تھے، کسی جگہ ایسے گھوڑے نہیں دیکھے گئے چتکبرے گھوڑے عجیب تھے۔ ان گھوڑوں کو ایک تعلیم و تربیت دی ہیں جو ایک اشارے پر ہر ایک جو حرکت چاہتے کرتے ہیں۔ تمام گھوڑے زبان جانتے

شبیہ بآدم۔ انسان سے مشابہہ۔ محوطہ۔ گھیرا، احاطہ۔ سرد سِیری۔ سرد ملک کے۔ گرم سِیری۔ گرم ملک کے۔ حیرت دست داد۔ حیرت ہوئی۔ طوِیلہ۔ اصطبل۔ خالدار۔ جس کے بدن پر

اسپہا زبان می دانستند ☆ معلم می گفت: بایستید ☆ ہمہ می ایستادندے ☆ گفت: تُند بدَوید☆ می دویدند☆ خلاصہ ہر چہ می گفت: سر پا بلند شوید☆ فوراً بلند می شدند☆ می گفت: کج بدوید☆ می دوید ند☆ خلاصہ ہر چہ میگفت، ہماں کردند ☆ خیلے محلِ عبرت بود ☆ شلاق بزرگیبدست میر آخورِ اسپہا بود، متصل حرکت می داد، مثل تُفنگ صدا می کرد☆

تھے سیکھانے والا کہتا: تم کھڑے ہو جاؤ تمام کھڑے ہو جاتے۔ کہتا: تم تیز دوڑو۔ وہ دوڑنے لگتے۔ کہتا: پیر کے اوپر پیر اٹھاؤ۔ وہ فوراً بلند ہو جاتے۔ کہتا: تر چھا دوڑو۔ وہ دوڑنے لگتے۔ خلاصہ جو کچھ وہ کہتا، وہی کرتے تھے۔ بہت نصیحت کا مقام تھا۔ ایک بڑا چابک اصطبل کے داروغہ کے ہاتھ میں تھا لگاتار حرکت دیتا تھا، جو بندوق کی طرح آواز کرتا تھا۔

سیرِ دریا

امسال دوستے بحج رفتہ بود، می گفت: از اینجا سوار کالسکۂ بخار شدہ بہ بمبئ رفتم، چند روز آنجا بودم، صبحے کہ می باید بکشتیِ

دریا کی سیر

اس سال ایک دوست حج کو گیا تھا، وہ کہتا تھا: میں اس جگہ ٹرین سے سوار ہو کر ممبئ گیا میں چند روز اس جگہ تھا، جس صبح چاہ رہا تھا کہ

تِل یا چِتّیاں ہوں۔ معلم۔ سیکھانے والا۔ بایستید۔ کھڑے ہو جاؤ، فعل امر، صیغہ جمع حاضر، مصدر، استادن یا ایستادن، کھڑا ہونا، فعل مضارع، اِستَد۔ تُند بدَوید۔ تیز دوڑو، فعل امر، صیغہ جمع حاضر، مصدر، دویدن، دوڑنا، فعل مضارع، دود۔ سر پا بلند شوِید۔ کھڑے ہو جاؤ، فعل مضارع، صیغہ جمع حاضر، مصدر، شدن، ہونا، فعل امر، بباش۔ کج۔ ٹیڑھا۔ محل عبرت۔ عبرت کی جگہ، نصیحت کی جگہ۔ شلاق۔ ہنٹر، کوڑا۔ میر آخور۔ داروغۂ اصطبل۔ تفنگ۔ بندوق۔ صدا می کرد۔ آواز کرتے تھے، کردن مصدر سے، فعل ماضی استمراری صیغہ واحد غائب۔

سیر دریا

حل لغات: امسال۔ اس سال۔ رفتہ بود۔ گیا تھا، فعل ماضی بعید، صیغہ واحد غائب، مصدر، رفتن،

بخار نشینم، زود برخاستہ بساحل رفتم، بدریا نگاہ کردہ دیدم، متصل قائق و کرجی است کہ بارِ آدم از ساحل بردہ بکشتیہا حمل کنند☆

من ہم در قائق نشستہ بکشتی داخل شدم☆ دو ساعت بظہر ماندہ لنگر کشتی را کشیدہ براہ افتادند، تا عصر دریا آرام بود بعد کم کم متلاطم شد، طورے کہ امواج مثل کوہ بلند می شد☆ ہمہ اہلِ کشتی با حالتِ منقلب افتادہ بودند، مگر من و چند اشخاص دیگر کہ نیفتادہ بودیم و خودداری می نمودیم ☆ خلاصہ بہ خطرے عظیم گرفتار شدہ بودیم ولے باز فضل خدا

میں پانی کے جہاز میں بیٹھوں، جلدی اٹھ کر ساحل پر گیا، دریا کی طرف نگاہ کر کے میں نے دیکھا کہ ناؤ اور کشتی لگی ہے جو انسان کے سامان کنارے سے اٹھا کر کشتیوں تک لیجاتی ہے۔

میں بھی ناؤ میں بیٹھ کر جہاز میں داخل ہوگیا۔ ظہر میں دو گھنٹہ باقی رہے کہ جہاز کے لنگر کو کھینچ کر راستے پر ڈال دیا، عصر تک سمندر پُرسکون تھا تھوڑی دیر کے بعد لہریں اٹھنے لگیں، اس طور کہ موجیں پہاڑ کے مثل بلند ہوگئیں۔ تمام کشتی والے بدلتی حالت سے گھبرائے ہوئے تھے، مگر میں اور دوسرے چند لوگ جو نہیں گھبرائے ہوئے تھے اور خودداری دکھا رہے تھے۔ ماحصل ایک بڑی مصیبت میں ہم گرفتار ہوگئے تھے لیکن پھر اللہ کا فضل شامل حال ہوا

جانا۔ از اینجا۔ اس جگہ سے۔ کالسکۂ بخار۔ گاڑی۔ کشتی بخار۔ پانی والا جہاز، اسٹیمر۔ ساحل۔ سمندر، دریا کا کنارہ۔ قائق۔ ناؤ، کشتی۔ بارِ آدم۔ آدمی کا بوجھ۔ کرجی۔ کرج ایک قوم کا نام ہے اس کا واحد کرجی ہے یہ غالباً ملاح کو کہا جاتا ہے۔ لنگر کشتی کشیدہ براہ افتادند۔ کشتی کا لنگر اٹھا کر چل پڑے۔ افتادند۔ فعل ماضی مطلق، صیغہ جمع غائب، مصدر، افتادن یا اوفتادن، گر پڑنا، فعل مضارع، افتد، فعل امر، بیفت۔ لنگر۔ لوہے کی زنجیر یا رسا جو کشتی ٹھہرانے کے لئے کسی چیز سے باندھ رکھتے ہیں۔ آرام بود۔ ٹھہرا ہوا تھا۔ متلاطم شد۔ تھپیڑ مارنے لگا، لہریں اٹھنے لگیں۔ با حالتِ منقلب افتادہ بودند۔ بدلتی حالت سے گھبرائے ہوئے تھے۔ خلاصہ۔ حاصل کلام۔ خود داری۔ رکھ رکھاؤ۔ خطرے عظیم۔ ایک بڑی مصیبت۔ گرفتار شدہ بودیم۔ ہم گرفتار ہوگئے تھے، فعل ماضی

شامل حال بود کہ باد مساعدے از عقب کشتی ما می آمد کہ ما را زودتر بہ طرفِ مقصد می برد☆ شب را تا صبح ہمیں طور دریا متحرک و مواج بود ☆ من اندکے خوابیدم، صبح بعد از نماز و تلاوتِ قرآن بدریا نگاہ کردم آبِ دریا خیلے آرام بود، ماہیہاے بزرگ از دریا برآمدہ روے آب بازی می کرد☆

پس از روزے چند دیدم از سواحلے کہ نزدیک بود، چند مرغے کوچکے پریدہ بکشتی آمدہ آنجا نشستہ گرسنہ ماندہ اند ،ساحل پیدا نیست اما از فراستے کہ خداے تعالیٰ بآنہا دادہ است، رو بہ سمت

کہ موافق ہوا ہمارے جہاز پیچھے سے آئی تھی جو ہم کو زیادہ جلدی منزل کی طرف لے جاتی تھی۔ رات سے صبح تک اسی طرح سمندر متحرک اور موجزن تھا۔ میں تھوڑی دیر سویا، صبح نماز اور قرآن کی تلاوت کے بعد میں نے دریا میں نظر کیا، میں نے دیکھا سمندر کا پانی بہت پُرسکون تھا، بڑی مچھلیاں سمندر سے باہر آ کر پانی کی سطح پر کھیلتی تھیں۔

چند روز کے بعد میں نے دیکھا ساحلوں سے جو نزدیک تھا چند چھوٹے پرندے اڑ کر جہاز پر آ کر اس جگہ بیٹھیں بھوکی رہی ہیں، کنارہ ظاہر نہیں ہے لیکن اس دانائی سے جو اللہ تعالیٰ انھیں دی ہے، سیدھے ہاتھ کی طرف جو

بعید مجہول، صیغہ جمع متکلم، مصدر، گرفتن، پکڑنا، لینا، فعل مضارع، گیرد، فعل امر، بگیر۔ ولے۔ لیکن، باز، پھر۔ مساعد۔ موافق، معاون۔ متحرک و مواج۔ ہلنے والا، لہریں مارنے والا، موجزن۔ کہ ما را زودتر۔ جو ہم کو زیادہ جلدی یا بہت جلدی۔ می برد۔ لے جاتی تھی، فعل حال، صیغہ واحد غائب، مصدر، بُردن، لے جانا، فعل امر، بُبُر۔ اندکے۔ تھوڑی دیر۔ ماہیہائے بزرگ۔ بڑی بڑی مچھلیاں، ماہی کی جمع ہے۔ روئے آب۔ پانی کے اوپر، سطح۔ سواحلے۔ ساحل کی جمع ہے، کناروں۔ مرغ کوچک پریدہ۔ چھوٹے پرندے اڑ کر۔ پریدہ۔ اسم مفعول، مصدر، پریدن، اڑنا، فعل مضارع، پرد، فعل امر، بپر۔ گرسنہ ماندہ اند۔ بھوکی رہی ہیں۔ گرسنہ۔ بھوکا۔ ماندہ اند۔ رہی ہیں، فعل ماضی قریب، صیغہ جمع غائب، مصدر، ماندن، رہنا۔ ساحل پیدا نیست۔ کنارہ ظاہر نہیں۔

دست راست کہ آں سو ساحل نزدیک تر است، مے پرند، باز می گردند☆ ملاحے یکے از آنہا گرفتہ توے قفس انداخت، آب خوردہ بعد از دقیقہ بمرد، خیلے افسوس کردم☆

خلاصہ بجدہ رسیدہ از کشی بر آمدیم، آنجا شب گذاشتہ صباح زود براہ افتادیم ☆ یکم ذیقعدہ بمکہ معظّمہ رسیدیم واز آنجا بمدینہ شریفہ رفتہ بزیارتِ روضۂ منورۂ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم شرفیاب سعادت شدیم، باز با قافلہ حجاجِ مدینہ حج نمودہ از جدہ سوار کشتیِ بخار شدیم☆

روزے ہنگامِ شام خور در عدو برق از سمتِ مغرب پیدا و ہوا تیرہ شدہ، اما باد نبود

اس طرف ساحل زیادہ قریب ہے اڑ جاتی تھیں پھر واپس ہو جاتی تھیں۔ایک ملاح ان میں سے ایک کو پکڑ کر پنجڑے کے اندر ڈال دیا، پانی پی کر تھوڑی دیر کے بعد مرگئی، میں نے بہت افسوس کیا۔

خلاصہ جدہ پہونچے ہم جہاز سے باہر آئے، اس جگہ رات گزار کر صبح ہم جلدی چل پڑے۔پہلی ذیقعدہ کو ہم مکہ معظّمہ پہونچے اور اس جگہ سے مدینہ شریف جا کر ہم نے رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے روضۂ منور کی زیارت سے شرف سعادت حاصل کئے، پھر مدینے کے حاجیوں کے قافلے کے ساتھ حج کر کے جدہ سے جہاز میں سوار ہو گئے۔

ایک دن شام کے وقت کھانا کھا رہا تھا، بجلی کی کڑک اور چمک پچھّم کی طرف سے

فراستے۔دانائی، تیز فہمی۔بہ سمت دست راست۔سیدھے ہاتھ کی طرف۔کہ آں سو۔جو اس طرف۔توئے قفس۔پنجرے کے اندر۔بعد از دقیقہ۔تھوڑی دیر بعد۔بمرد۔مرگئی، فعل ماضی مطلق، صیغہ واحد غائب، مصدر، مردن، مرنا، فعل مضارع، میرد، فعل امر، بمیر۔صباح۔صبح کا وقت۔روضہ۔مزار، مقبرہ۔جس پر گنبد بنا ہوا ہو۔منورہ۔روشن، نورانی۔شرفیاب۔عزت وافتخار حاصل ہونا۔حجاج۔حاج کی جمع ہے، جنہیں حج کی سعادت حاصل ہوئی ہو۔ہنگام۔وقت۔شام خورد۔شام کا کھانا کھائے، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، مصدر، خوردن، کھانا، فعل امر، بخور۔رعد۔بجلی کی کڑک، بادل کی گرج۔برق۔بجلی۔تیرہ۔دھندلا، کالا۔امّا باد نبود۔لیکن ہوا نہ تھی۔

☆ہماں تیرگی و رعد و برق کہ اثر بد در حالتِ دریا دارد، دریا را منقلب کرد☆ شام خوردہ بالائے کشتی رفتہ قدرے گشتم ☆ در آسمان ہمہ ابر و تاریک بود☆ واز ہمہ جوانب برق شدید می زد و صدائے رعد می آمد، وسطِ آسمان باز بود، باد ہم کم می آمد، تا صبح رعد و برق شدیدے بود بسیار مہیب، ابر ہمہ جا گرفتہ بنائے باریدن داشت ☆شب بواسطۂ انقلاب دریا بہمہ جہت یک ساعت بیشتر خوابم نبرد، صبح زود برخاستم، نماز کردہ قرآن خواندم ☆ہوا بسیار منقلب بود، باران شدیدے

ظاہر ہوئی اور فضا تاریک ہوگئی لیکن ہوا نہ تھی۔وہی تاریکی اور بجلی کی کڑک اور چمک جو سمندر کی حالت پر بُرا اثر رکھتی ہے، اس نے دریا کو الٹ پلٹ کر دیا۔شام کھانا کھا کر جہاز کے اوپر تھوڑی دیر ہم نے گشت کیا۔پورے آسمان میں بادل اور تاریکی تھی۔اور تمام جانبوں سے بجلی خوب چمک رہی تھی بجلی کڑکنے کی آواز آرہی تھی، آسمان کے بیچ کھلا تھا، ہوا بھی ٹھنڈی آرہی تھی، صبح تک بجلی کی کڑک اور چمک کچھ شدید (زیادہ) تھی بہت خطرناک تمام جگہ بادل چھایا ہوا برسنے والا تھا۔رات سمندر کی انقلاب کی وجہ سے تمام کوشش کے باوجود ایک گھنٹہ سے زیادہ میں نہیں سویا، صبح جلدی میں اٹھا، نماز ادا کر کے میں نے قرآن پڑھا۔ہوا بہت تیز تھی، بارش زوردار

ہماں۔وہی۔تیرگی۔اندھیرا، دھندلا پن۔اثر بد۔بُرا اثر۔بالائے کشتی۔جہاز کے اوپر۔قدر گشتم۔تھوڑی دیر گھوما، فعل ماضی مطلق، صیغہ واحد متکلم، مصدر، گشتن، گھومنا، پھرنا، ہونا، فعل مضارع، فعل امر اور اسم فاعل اس مصدر سے نہیں آتا ہے۔در آسمان ہمہ آبر و تاریک بود۔تمام آسمان میں بادل اور تاریکی تھی۔ برق شدید می زد۔بجلی خوب چمک رہی تھی۔می زد۔فعل حال، صیغہ واحد غائب، مصدر، زدن، مارنا، فعل امر، بزن۔وسط آسمان باز بود۔آسمان کے بیچ کھلا تھا۔ابر ہمہ جا گرفتہ بنائے باریدن داشت۔بادل ہر طرف چھایا ہوا برسنے والا تھا۔انقلاب دریا۔دریا کا الٹ پلٹ ہونا، موجیں مارنا۔باران۔بارش۔بارید۔بارش ہوئی۔فعل ماضی مطلق، صیغہ واحد غائب، مصدر، باریدن، برسنا، فعل مضارع، بارد، فعل امر، ببار۔برخاستم۔میں اٹھا، فعل ماضی مطلق

بارید، یک برقے پنجاہ قدم از کشتی دور بدریا زد، صدائے ہزار توپ کردہ آب دریارا از ہم پاشید☆ اگر ایں برق بہ کشتی می خوردکشتی را از ہم متلاشی می کرد☆ ہوا بہمان طور بود، یک روز ساعت خوابیدہ از حرکتِ کشتی معلوم شد کہ بساحل نزدیک شدہ ایم، برخاستم و گفتم: الحمد للہ کہ از دریائے بزرگ خلاص شدہ بساحل رسیدیم ☆ چوں کشتی کہ ما نشستہ بودیم خیلے بزرگے بود، نمی توانست نزدیک ساحل برود، ایستاد، کشتیِ بخار کوچکے از ساحل آمد اما دریا چوں ہنوز تلاطم زیاد داشت، ہر قدر می توانستند آں کشتی را بہ کشتی ما متصل کنند نمی شد ☆ چند دفعہ

ہورہی تھی، ایک بجلی جہاز سے پچاس قدم دور سمندر میں گری، ہزار توپ کی آواز کرکے سمندر کے پانی کو تہ و بالا (الٹ پلٹ) کردی۔ اگر یہ بجلی جہاز پر گرتی تو جہاز کو بھی ٹکڑے ٹکڑے (خراب) کردیتی۔ ہوا اُسی طرح سے تھی، ایک دن دو گھنٹہ سویا جہاز کی حرکت سے معلوم ہوا کہ ہم ساحل سے قریب ہوگئے ہیں، میں اٹھا اور میں نے کہا: الحمد للہ کہ بڑے سمندر سے چھٹکارہ پاکر ہم ساحل پر پہونچے۔ چونکہ ہمارا جہاز جس میں ہم بیٹھے تھے بہت بڑا تھا، ساحل کے قریب نہیں جاسکا، کھڑا ہوا، ایک چھوٹا اسٹیمر ساحل سے آیا لیکن جتنا ہوسکا اس اسٹیمر کو ہمارے جہاز سے نزدیک کرتے نہیں ہوتا

،صیغہ واحد متکلم، مصدر، برخاستن، اٹھنا۔ بدریا زد ۔دریا میں گری۔ برقے ۔ایک بجلی۔ از ہم پاشید ۔تہ بالا کردیا، الٹ پلٹ کردیا۔ پاشید۔فعل ماضی مطلق، صیغہ واحد غائب، مصدر، پاشیدن، بکھیرنا، چھڑنا، فعل مضارع، پاشد، فعل امر، بپاش۔ متلاشی می کرد ۔ٹکڑے ٹکڑے (خراب) کردیتی۔ می کرد ۔فعل ماضی استمراری، صیغہ واحد غائب، مصدر، کردن، کرنا۔ بہماں طور ۔اسی طرح سے۔ از دریائے بزرگ خلاص شدہ ۔ بڑے سمندر سے چھٹکارہ ہوگیا۔ نشستہ بودیم ۔شدہ۔ بیٹھے ہوئے تھے، فعل ماضی بعید، صیغہ جمع متکلم، مصدر، نشستن، بیٹھنا، فعل مضارع، نشیند، فعل امر، بنشیں۔ می توانستند ۔ہوسکے، فعل ماضی استمراری، صیغہ جمع غائب، مصدر، توانستن، سکنا، فعل مضارع، تواند، فعل امر نہیں آتا ہے۔ توانا، اسم فاعل سماعی۔ تلاطم ۔موجوں کا زور، لہر، پانی کے

آوردند، اما ممکن نشد کہ متصل شوند ☆ بالآخر قدرے صبر کردند، دریا قدرے آرام شد، آں وقت آوردہ باہم وصل کردند ☆ من از کشتی پائیں آمدہ روزے چند بہ بمبئی بسر بردم باز براہ افتادہ خانہ آمدم، بسیار شکر خدا کردم کہ بسلامت رسیدم ☆

تھا کئی مرتبہ لائے، لیکن ممکن نہیں ہوا کہ متصل ہوجائے۔ آخر کار تھوڑا صبر کرے سمندر تھوڑا پُرسکون ہوا، اس وقت لاکر ایک ساتھ ملا دیئے۔ جہاز سے نیچے آکر میں نے چند روز ممبئی میں گزارا۔ پھر راستے کے ذریعے میں گھر آیا، اللہ کا بہت شکر ادا کیا جو سلامتی سے میں پہونچ گیا۔

انتخاب از گلستاں

بابِ اول: در سیرتِ پادشاہاں

حکایت (۱) ملک زادۂ را شنیدم کوتاہ قد وحقیر بود و دیگر بَرادرانش بلند و بالا وخوبرو ☆ بارے مَلِک بکراہت و استحقار در وے نظر کرد، پسر بفراست و استبصار

گلستاں سے چنا ہوا

پہلا باب: بادشاہوں کی سیرت میں

حکایت (۱): ایک بادشاہ کے لڑکے کے متعلق میں نے سنا جو چھوٹا قد اور بدصورت تھا اور اس کے دوسرے بھائی بلند قد اور خوبصورت تھے۔ ایک مرتبہ بادشاہ کراہت اور ذلت سے اس میں نظر کیا، لڑکا سمجھداری

تھپیرے۔ متصل کنند ۔نزدیک کریں۔ چند دفعہ آوردند ۔کئی مرتبہ لائے۔ آوردند۔ فعل ماضی مطلق، صیغہ جمع غائب، مصدر، آوردن، لانا، فعل مضارع، آورد یا آرد، فعل امر، بیار۔ بالآخر ۔آخر کار۔ دریا قدرے آرام شد ۔دریا کچھ پُرسکون ہوا۔ باہم وصل کردند ۔ایک ساتھ ملا دیئے۔ پائیں ۔نیچے۔ بسر بردم ۔میں نے گزارا، فعل ماضی مطلق، صیغہ واحد متکلم، بردن مصدر سے۔

انتخاب از گلستاں ☆ باب اول در سیرت پادشاہاں

حل لغات: انتخاب ۔چنا ہوا، پسند کرنا۔ گلستاں ۔یہ لفظ مرکب ہے گل اور ستاں سے گل کا معنی پھول اور ستاں کا معنی جگہ، معنی ہوا پھولوں کی جگہ۔ یہ شیخ سعدی علیہ الرحمہ کی ایک مشہور زمانہ کتاب کا نام ہے۔ باب ۔کتاب کا ایک حصہ، دروازہ۔

دریافت و گفت: اے پدر! کوتاہِ خردمند بہ از نادانِ بلند، ہر چہ بقامت کہتر بقیمت بہتر چنانچہ طُور اگر چہ خوردترین کوہہاے زمین است لیکن نزد خدا مرتبہ اش بزرگ تراست☆

اور دانائی سے سمجھ لیا اور کہا: اے ابو جان! چھوٹا قد عقلمند بہتر ہے بلند بیوقوف سے، کیا ایسا نہیں ہے جو قد میں چھوٹا ہو قیمت میں بڑا ہو چنانچہ کوہ طور اگر چہ زمین کا سب سے چھوٹا پہاڑ ہے لیکن خدا کے نزدیک اس کا مرتبہ بہت بڑا ہے۔

قطعہ

آں شَنید ی کہ لاغر دانا
گفت روزے بابلہے فربہ
اسپِ تازی اگر ضعیف بود
ہمچناں از طویلہ خر بہ

قطعہ

وہ تو نے سنا جو کمزور عقلمند نے کہا ایک مرتبہ ایک موٹے بیوقوف سے عربی گھوڑا اگر کمزور ہوا یسے طویلے بھر گدھوں سے بہتر ہے

سیرت ۔عادت، خصلت، کردار، اخلاق۔ پادشاہاں ۔بادشاہ کی جمع ہے، بادشاہوں
حکایت (۱): حکایت ۔کہانی، داستان، قصہ۔ ملک زادہ ۔بادشاہ کا بیٹا، شہزادہ۔ شنیدم ۔میں نے سنا، فعل ماضی مطلق، صیغہ واحد متکلم، مصدر، شَنِیدن، سننا، سونگھنا، فعل مضارع، شنود، فعل امر، بشنو۔ کوتاہ قد ۔چھوٹے قد والا، پست قد۔ حقیر ۔بدصورت، ذلیل۔ بلند و بالا۔ اونچے قد والا، لمبا۔ خوبرُو ۔خوبصورت۔ کراہیت ۔ناپسندیدگی، ناگواری۔ استحقار ۔ذلت، حقارت سے دیکھنا، نفرت کرنا۔ فراست واستبصار ۔دانائی اور بینائی۔ دریافت ۔سمجھ لیا، معلوم کرلیا۔ فعل ماضی مطلق، صیغہ واحد غائب، مصدر، دریافتن، سمجھ لینا، معلوم کر لینا، ادراک ہونا۔ نادان بلند ۔بلند بیوقوف ۔قامت قد۔ کہتر ۔بہت چھوٹا۔ طور ۔جزیرہ نما سِینا میں ایک پہاڑ کا نام ہے، جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام پر تجلی الٰہی کا ظہور ہوا تھا۔ خوردتَرِین ۔بہت زیادہ چھوٹا۔ کوہہا ۔کوہ کی جمع ہے پہاڑیاں۔ نزد ۔نزدیک۔ قطعہ :ٹکڑا، حصہ، جز، نظم کی وہ قسم جس میں کوئی ایک چیز بیان کی جاتی ہے اس میں مطلع نہیں ہوتا ہے اور کم سے کم دو شعر ہوتے ہیں۔ لاغر ۔دبلا پتلا۔ دانا ۔عقلمند۔ بابلہے ۔ایک

پدر بخندید و ارکان دولت پسندیدند و برادراں بجاں برنجیدیدند☆

باپ نے ہنسا سلطنت کے اراکین نے پسند کئے اور بھائی لوگ دل سے رنجیدہ ہوئے۔

قطعہ

تا مرد سخن نگفتہ باشد
عیب و ہنرش نہُفتہ باشد
ہر بیشہ گمان مبر کہ خالیست
شاید کہ پلنگ خفتہ باشد

شنیدم کہ مَلک را در آں مدت دشمنے صعب روے نمود، چوں لشکر از ہر دو طرف روے ہم آوردند و قصد مبارزت

قطعہ

جب تک مرد بات نہیں کہے گا، اس کا عیب و ہنر چھپا ہوا ہوگا، ہر جنگل میں گمان مت لے جا کہ خالی ہے، ہوسکتا ہے کہ چیتا سویا ہوا ہو

میں نے سنا کہ بادشاہ کو اس زمانے میں ایک سخت دشمن نے چہرہ دکھایا، جب لشکر دونوں طرف سے آمنے سامنے آئے اور لڑائی کا

بیوقوف۔ فربا ۔موٹا تازہ۔ اسپ تازی ۔عربی گھوڑا۔ ضَعیف ۔کمزور۔ ہمچناں ۔اسی طرح، ایسے ہی۔ طویلہ ۔اصطبل۔ خر ۔گدھا۔ بہ ۔بہتر۔ خندید ۔ہنسا، فعل ماضی مطلق، صیغہ واحد غائب، خندیدن، مصدر، ہنسنا، فعل مضارع، خندد، فعل امر، بخند۔ ارکان دولت ۔سلطنت کے احکام، وزرا، امراء۔ پسندیدند ۔پسند کئے۔ فعل ماضی مطلق، صیغہ جمع غائب۔ مصدر پسندیدن۔ پسند کرنا۔ مضارع پسندد فعل امر، بپسند۔ نہفتہ باشد ۔چھپا ہوا ہوگا۔ فعل ماضی احتمالی، صیغہ واحد غائب، مصدر، نہفتن، چھپنا، چھپانا، اس سے فعل مضارع، امر اور اسم فاعل نہیں آتا ہے۔ بیشہ ۔جنگل، کچھار۔ گمان مبر ۔گمان مت کر، یا گمان مت لے جا، فعل امر، صیغہ واحد حاضر، مصدر، بردن، لے جانا، فعل مضارع، فعل امر، ببر۔ پلنگ ۔چیتا۔ خفتہ باشد ۔سویا ہوا ہوگا، فعل ماضی احتمالی، صیغہ واحد غائب، مصدر، خفتن، سونا، خسپد، فعل مضارع، فعل امر، بخسپ، اسم فاعل، خسپندہ۔ مَلِک ۔بادشاہ۔ صعب ۔سخت۔ سرکش۔ طاقتور۔ روئے نمود ۔چہرہ دیکھا، سامنے آیا، چڑھائی کیا، فعل ماضی مطلق، صیغہ واحد غائب، مصدر، نمودن، دکھانا، کرنا، فعل مضارع، نماید، فعل امر،

کردند ،اول کسیکہ اسپ در میداں جہانید،آں پسر بود می گفت:

قطعہ

آں نہ من باشم کہ روز جنگ بینی پُشتِ من
ایں منم کاندرمیانِ خاک وخوں بینی سرے
کانکہ جنگ آرد بخون خویش بازی می کند
روز میداں،وانکہ بگریزد بخونِ لشکرے

ایں بگفت وبر سپاہ دشمن زد وتنے چند از مردان کاری بینداخت ☆ چوں پیش پدر باز آمد ،زمین خدمت ببوسید و گفت:

ارادہ کئے پہلے جس شخص نے گھوڑا میدان میں ڈالا وہ لڑکا تھا اور کہہ رہا تھا۔

قطعہ

میں وہ نہیں ہوں کہ لڑائی کے دن تو دیکھے میری پیٹھ، میں وہ ہوں خون اور مٹی کے درمیان تو دیکھے ایک سر، جو شخص جنگ کرتا ہے وہ اپنے خون سے کھیلتا ہے،میدان جنگ کے دن جو شخص بھاگتا ہے ایک لشکر کا خون کرتا ہے۔

یہ کہا اور دشمن کی فوج پر ٹوٹ پڑا چند تجربہ کاروں کو مار ڈالا ۔جب باپ کے سامنے آیا خدمت کی زمین کو بوسہ دیا اور کہا:

بنما۔رائے در ہم آوردند ۔آمنے سامنے ہوئے ،فعل ماضی مطلق ، صیغہ جمع غائب ،مصدر، آوردن ۔قصد۔ارادہ۔ مبارزت ۔لڑائی، جنگ کے لئے باہر نکلنا۔ جہانید ۔کودایا۔ دوڑایا۔فعل ماضی مطلق ، صیغہ واحد غائب،مصدر، جہانیدن،کودنا، اچھلنا، بھگانا،حرکت دینا،فعل مضارع جہد،فعل امر، بجہد ۔قطعہ: آن نہ من باشم ۔وہ میں نہیں ہوں۔ باشم ۔فعل مضارع،صیغہ واحد متکلم ،مصدر، بودن، ہونا ، رہنا،فعل امر، بباش۔ بینی پشت من ۔تو میری پیٹھ دیکھے ۔ بینی ۔فعل مضارع، واحد حاضر،مصدر، دیدن، دیکھنا۔ روز میدان ۔مراد جنگ کے دن۔ بگریزد ۔بھاگتا ہے، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، مصدر، گریختن، بھاگنا،فعل امر، بگریز، اسم فاعل، گریزندہ۔ بخونِ لشکرے ۔ایک لشکر کا خون کرتا ہے۔کیونکہ ایک کے بھاگنے سے پورا لشکر بزدل ہوکر تباہ ہوجاتا ہے۔ برسپاہ دشمن زد ۔دشمن کی فوج پر حملہ کردیا،فعل ماضی مطلق ،صیغہ واحد غائب ،مصدر، زدن ، مارنا ،حملہ کرنا۔ مردان کاری ۔جنگی سپاہی ، بہادر لوگ ، تجربہ کاروں۔ بینداخت ۔

قطعہ

اے کہ شخص منت حقیر نمود
تا دُرُشتی ہنر نہ پنداری
اسپ لاغر میاں بکار آید
روز میداں نہ گاوِ پرواری

آوردہ اند کہ سپاہ دشمن بے قیاس بود و ایناں اندک ،جماعتے آہنگ گریز کردند ☆ پسر نعرہ بزد و گفت : اے مرداں ! بکوشید تا جامہ زناں نپوشید ☆ سواراں را بگفتن اوتہوّر زیادت گشت وبیکبار حملہ بردند ☆ شنیدم کہ ہمدراں روز بہ دشمن ظفر یافتند ☆ ملک سروچشمش ببوسید و

قطعہ

اے وہ شخص تجھے میں حقیر دکھائی دیا ہرگز موٹاپن ہنر نہ سمجھے تو پتلی کمر والا گھوڑا کام آتا ہے لڑائی کے دن نہ کہ پالی ہوئی گائے۔

لوگوں نے بیان کیا ہے کہ دشمن کی فوج زیادہ اور یہ لوگ تھوڑے (ان میں سے) ایک جماعت نے بھاگنے کا ارادہ کیا۔لڑکے نے نعرہ مارا اور کہا :اے بہادروں! کوشش کرو ہرگز عورتوں کا لباس نہ پہنو۔ بہادروں کو اس کے کہنے سے ہمت زیادہ ہوئی اور ایک بارگی حملہ کردیئے ۔میں نے سنا ہے کہ اسی دن دشمنوں پر کامیابی پائے۔ بادشاہ نے اس کے

فعل ماضی مطلق ،صیغہ واحد غائب ،مصدر، انداختن ، ڈالنا۔فعل مضارع ،اندازد،فعل امر، بینداز ۔ زمین خدمت ببوسید ۔خدمت کی زمین کو بوسہ دیا، آداب بجالایا،فعل ماضی مطلق ،صیغہ واحد غائب ،مصدر ، بوسیدن ، چومنا ،فعل مضارع ، بوسد،فعل امر ، ببوس۔ شخصِ منت ۔اصل میں (ذات من ترا) میری ذات تجھ کو حقیر معلوم ہوئی ۔ تا ۔کلمہ تحذیر بمعنٰی ہرگز۔ دُرُشتی ۔موٹاپا۔ نہ پنداری ۔نہ سمجھے تو،فعل مضارع منفی ،صیغہ واحد حاضر،مصدر، پنداشتن، گماں کرنا، سمجھنا،معلوم کرنا ۔فعل امر، بہ پندار۔ لاغرِ میاں ۔پتلی کمر والا۔ گاوِپرواری ۔خوب کھلایا پلایا ہوا بیل، باڑے کی پلی ہوئی گائے۔ پروار ۔جانوروں کا باڑا۔ ایناں اندک ۔یہ لوگ تھوڑے۔ بے قیاس ۔بے حد، بے اندازہ۔ آہنگ ۔قصد، ارادہ۔ پسر نعرہ بزد ۔لڑکے نے نعرہ مارا۔ بکوشید ۔کوشش کرو، فعل امر،

در کنار گرفت و ہر روز نظر بیش کردتا ولیِ عہدِ خویش کرد ☆ برادرانش حسد بردند و زہر در طعامش کردند ☆ خواہر از غرفہ بدید و دریچہ برہم زد ☆ پسر بفراست دریافت ودست از طعام باز کشید وگفت: محال است کہ ہنرمنداں بمیرند وبے ہنراں جاے ایشاں گیرند☆

سر اور آنکھ کو بوسہ دیا اور بغل گیر ہوا اور ہر روز اس پر نظر کرتا رہا یہاں تک کہ اپنا نائب بنالیا۔ اس بھائی لوگ حسد کرنے لگے اور اس کھانے میں زہر ملادیا۔ اس کی بہن نے کھڑی سے دیکھا اور کھڑی آپس میں مارا۔ لڑکا دانائی سے معلوم کرلیا اور ہاتھ کھانے سے کھینچ لیا اور کہا: محال ہے کہ عقلمند لوگ مر جائیں اور بیوقوف لوگ اس کی جگہ لے لیں۔

قطعہ

کس نیاید بزیر سایۂ بُوم
ور ہُما از جہاں شود معدوم

قطعہ

کوئی شخص نہیں آتا اُلو کے سائے میں
اگرچہ ہُما پرندہ دنیا سے ختم ہوجائے۔

صیغہ جمع حاضر، مصدر، کوشیدن، کوشش کرنا، فعل مضارع، کوشد۔ تا۔ ہرگز، خبردار۔ جامۂ زنان نپوشد۔ عورتوں کا لباس نہ پہنو، فعل مضارع منفی، صیغہ واحد غائب، مصدر، پوشیدن، پہننا، چھپانا، فعل امر، بپوش۔ تہوّر۔ بہادری، جوانمردی۔ گشت۔ ہوئی، فعل ماضی مطلق، صیغہ واحد غائب، مصدر، گشتن، ہونا، پھرنا۔ فعل مضارع، امر اور اسم فاعل اس سے نہیں آتا ہے۔ ظفر۔ فتح، کامیابی۔ آغوش۔ گود۔ ولی عہد۔ بادشاہ کا جانشیں، وارث۔ گردانید۔ بنالیا، فعل ماضی مطلق، صیغہ واحد غائب، مصدر، گردانیدن، بنانا، پھیرنا، پھیرانا۔ حسد۔ دوسرے کا بُرا چاہنا، کسی کے مرتبہ کو دیکھ کر جلنا۔ خواہر۔ بہن۔ غُرفہ۔ جھروکا، بالا خانہ۔ دریچہ۔ کھڑی، چھوٹا سا دروازہ۔ برہم زد۔ کھڑی آپس میں مارا۔ جائے ایشاں گیرند۔ ان لوگوں کی جگہ لے لیں، پکڑ لے، فعل مضارع، صیغہ جمع غائب، مصدر، گرفتن، لینا، پکڑنا، فعل امر، بگیر۔ قطعہ: کس نیاید۔ کوئی شخص نہیں آتا ہے، فعل مضارع منفی، صیغہ واحد غائب، مصدر، آمدن، آنا، فعل امر، بیا۔ بوم۔ الّو، جو نحوست میں مشہور ہے۔ ہما۔ ایک پرندہ ہے۔ شود معدوم۔ معدوم یا ناپید ہوجائے، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، مصدر،

پدر را از ایں حال آگہی دادند ☆ برادرانش را بخواند وگوشالی بواجب بداد، پس ہر یکے را از اطرافِ بلاد حصۂ معین کردتا فتنہ بنشست ونزاع برخاست کہ گفتہ اند: دہ درویش در گلیمے بخسپند ودو بادشاہ در اقلیمے نگنجند☆

باپ کو اس حال کی خبر دیئے۔ اس کے بھائیوں کو بلایا اور مناسب سزا دی، پھر ہر ایک کو شہر کے اطراف میں سے حصہ متعین کیا تاکہ فتنہ بیٹھ جائے اور جھگڑا اٹھ جائے کیونکہ لوگوں نے کہا: کہ دس فقیر ایک کمبل میں سوجاتے ہیں اور دو بادشاہ ایک ملک میں نہیں سما سکتے۔

قطعہ

نیم نانے گر خورَد مردِ خدا
بذلِ دَرویشاں کند نیمے دگر
ہفت اقلیم ار بگیرد بادشاہ
ہمچناں در بندِ اقلیمے دگر

قطعہ

آدھی روٹی اگر کھاتا ہے ایک اللہ والا
دوسری آدھی فقیروں پر خرچ کردیتا ہے
سات ملک اگر حاصل کرلے بادشاہ ایسے
ہی دوسرے ملک کے فکر میں رہتا ہے۔

حکایت (۲): سرہنگ زادۂ را در سرائے اغلمش دیدم کہ عقل وکیاستے وفہم و

حکایت (۲): ایک سپہ سالار کے لڑکے کو میں نے دیکھا اغلمش بادشاہ کے محل کے دروازے پر جو عقل وذہانت اور دانائی

شدن، ہونا، فعل امر، بباش۔ آگہی دادند۔ خبر دیئے۔ گوشالی بواجبے۔ مناسب سزا۔ بلاد۔ بلد کی جمع ہے، شہر، بستی۔ نزاع۔ جھگڑا۔ گلیمے۔ ایک کمبل، کملی۔ بذل۔ خرچ، بخشش۔ نیمے دگر۔ دوسری آدھی۔ بند۔ فکر۔ در اقلیمے نگنجند۔ ایک ملک میں نہیں سما سکتے، فعل مضارع منفی، صیغہ جمع غائب، مصدر، گنجیدن، سمانا، فعل امر، بگنج۔ درویشاں۔ درویش کی جمع ہے، فقیروں۔ ہفت اقلیم۔ سات ولایتیں جو ساتوں ستاروں کے ساتھ تعلق رکھتے ہیں۔
حکایت (۲): سرآہنگ زادہ۔ سپہ سالار کا لڑکا۔ سراء۔ گھر، مسافر خانہ۔ اغلمش۔ ترکستان کے ایک بادشاہ کا نام ہے۔ محنت۔ تکلیف، مشقت۔ کیاست۔ ذہانت، زیرکی۔ فراست۔ سمجھ

فراستے زائد الوصف داشت، ہم از عہد خُردی آثار بزرگی در ناصیۂ او پیدا، و لمعانِ انوارِ زیرکی در جبینش ہویدا☆

بیت

بالائے سرش ز ہوشمندی
می تافت ستارۂ بلندی

فی الجملہ مقبولِ نظرِ سلطان آمد کہ جمالِ صورت وکمالِ معنی داشت وحکما گفتہ اند: تونگری بدل است نہ بمال وبزرگی بعقل است نہ بسال☆

بیت

کودکے کو بعقل پیر بود

وصف سے زیادہ رکھا نیز بچپن کے زمانے سے بزرگی کی علامتیں اس کی پیشانی میں ظاہر تھیں اور عقلمندی کے روشنیوں کی جھلک اس کی پیشانی میں عیاں تھیں۔

بیت

اس کے سر کے اوپر عقلمندی کی وجہ سے
چمکتا تھا بلندی کا ستارہ۔

حاصل کلام بادشاہ کی نظر میں مقبول آیا کہ ظاہری اور باطنی حسن رکھا، اور عقلمندوں نے کہا ہے مالداری دل سے ہے نہ کہ مال سے اور بزرگی عقل سے ہے نہ کہ سال سے۔

بیت

ایسا بچہ جو عقل میں بڑا ہوتا ہے

، دانائی۔ زائد الوصف ۔ بے پناہ، نا قابل بیان، بیان سے باہر۔ عہد خردی ۔ بچپن کا زمانہ۔ آثار ۔ اثر کی جمع ہے، علامتیں۔ ناصیہ ۔ پیشانی۔ لمعان ۔ چمک، جھلک۔ زیرکی ۔ عقلمندی۔ انوار ۔ نور کی جمع ہے، روشنیاں۔ ہُوَیدا ۔ ظاہر۔ جبیں ۔ پیشانی۔ بیت : بیت ۔ شعر، یعنی ایک وزن کے دو مصرع۔ می تافت ۔ چمکتا تھا، فعل ماضی استمراری، صیغہ واحد غائب، مصدر، تافتن، چمکنا، چمکانا، فعل مضارع، تابد، فعل امر، بتاب۔ فی الجملہ ۔ حاصل کلام۔ مقبول ۔ پسند، پسندیدہ۔ جمال صورت ۔ خوبصورت، ظاہری حسن۔ کمال معنی ۔ باطنی کمال۔ تونگری ۔
مالداری۔ بیت: کودک ۔ بچہ، طفل۔ نزد ۔ نزدیک۔ کبیر ۔ بڑا۔ ابنائے جنس ۔ ہم رتبہ لوگ، ہم عصر۔ منصب ۔ عہدہ، رتبہ۔ خیانت ۔ سپرد کی ہوئی چیز میں چوری کرنا۔ متہم ۔ جس پر تہمت

نزد اہلِ خرد کبیر بود

ابنائے جنس بر منصب او حسد بردند و بہ خیانتے متہمش کردند ودر کشتنِ او سعیِ بے فائدہ نمودند☆

مصرع

دشمن چہ کند چو مہرباں باشد دوست

مَلِک پرسید کہ موجبِ خصمی ایشاں در حقِ تو چیست؟ گفت: در سایۂ دولت خداوندی (دام ملکہ) ہمگناں راضی کردم مگر حسوداں کہ راضی نمی شوند الا بزوال نعمتِ من و اقبال دولتِ خداوندی باقی باد☆

عقلمندوں کے نزدیک بڑا ہوتا ہے

اس کے ہم جنس اس کے مرتبے پر حسد لے گئے اور ایک خیانت میں تہمت لگائے اور اس کے مار ڈالنے میں بے فائدہ کوشش کرنے لگے۔

مصرع

دشمن کیا کرے جب دوست مہربان ہوئے

بادشاہ نے پوچھا کہ ان لوگوں کے دشمنی کا سبب تیرے حق میں کیا ہے؟ اس نے کہا آقا کے دولت کے سائے میں اس کا ملک ہمیشہ رہے سب کو میں نے راضی کرلیا مگر حاسد لوگ جو راضی نہیں ہوتے مگر میری نعمت کے زوال پر اور آقا کا نصیبہ اور سلطنت باقی رہے۔

لگائی گئی ہو۔ کشتن ۔ قتل کرنا، مصدر، فعل مضارع، کشد، فعل امر، بکش۔ سعی ۔ کوشش۔
مصرع: نصف بیت، آدھا شعر یعنی شعر کے دو حصوں میں ایک۔ دشمن چہ کند۔ دشمن کیا کرے، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، کردن مصدر سے۔ موجب ۔ سبب۔ خصمی ایشاں ۔ ان لوگوں کی دشمنی۔ دام ملکہ ۔ اس کی سلطنت ہمیشہ رہے۔ (دعائیہ کلمہ ہے)۔ ہمگناں را ۔ سب لوگ، ہم پیشہ لوگ۔ حسوداں۔ حسود کی جمع ہے ۔ حاسد لوگ، حسد کرنے والا۔ الاّ ۔ مگر۔ بزوال نعمت من ۔ میرے نعمت کے ختم ہونے سے۔ اقبال دولت خداوندی ۔ حضور کی سلطنت کا دبدبہ۔ بادشاہی حکومت۔
اندرون ۔ دل۔ مرگ ۔ موت۔ نیازارم ۔ میں نہ ستاؤں فعل مضارع منفی، صیغہ واحد متکلم، مصدر،

قطعہ

توانم آنکہ نیازارم اندرونِ کسے
حسود را چہ کنم کو ز خود برنج دراست
بمیر تا برہی اے حسود کیں رنجے است
کہ از مشقت او جز بمرگ نتواں رست

میں وہ کر سکتا ہوں کہ نہ ستاؤں میں کسی شخص کا دل میں حاسدوں کو کیا کروں کہ اپنے سے تکلیف میں ہیں اے حاسد مر جا تا کہ چھٹکارا پائے کیونکہ یہ مصیبت ایسی ہے کہ اس کے تکلیف سے مرنے کے علاوہ چھٹکارا نہیں ہو سکتا۔

قطعہ

شور بختاں بہ آرزو خواہند
مقبلاں را زوال نعمت و جاہ
گرنہ بیند بروز شپرہ چشم
چشمۂ آفتاب را چہ گناہ
راست خواہی ہزار چشم چناں
کور بہتر کہ آفتاب سیاہ

بد بخت لوگ آرزو سے چاہتے ہیں مقبولوں کی نعمت اور مرتبے کا زوال اگر نہ دیکھے دن میں چمگادڑ کہ آنکھ سواج کے کرنوں کا کیا قصور صحیح چاہتا ہے تو ہزار ایسی آنکھیں اندھا بہتر ہے آفتاب کے کالا ہونے سے۔

آزاردن، ستانا، فعل امر، بیازار۔

قطعہ: شور بختاں۔ شور بخت کی جمع ہے بدنصیب لوگ، بدقسمت، بد بخت۔ آرزو۔ تمنا۔ خواہند۔ چاہتے، فعل مضارع، صیغہ جمع غائب، مصدر، خواستن، چاہنا۔ مقبلاں۔ مقبل کی جمع ہے، صاحب اقبال، خوش نصیب لوگ۔ شپرہ چشم۔ چمگادڑ کی آنکھ۔ اضافت مقلوبی ہے یعنی چشم شپرہ۔ چشمۂ آفتاب۔ سورج کی کرن۔ کورا۔ اندھا۔ آفتاب سیاہ۔ آفتاب کا تاریک ہونا۔

حکایت (۳): بادشاہے با غلام عجمی در کشتی نشستہ بود و غلام ہرگز دریا نہ دیدہ و محنتِ کشتی نیازمودہ، گریہ و زاری آغاز نہاد و لرزہ براندامش افتاد، چند انکہ ملاطفت کردند آرام نہ گرفت، مَلِک را عیش ازو مُنغّض شد، چارہ ندانست ☆ حکیمے دراں کشتی بود، ملک را گفت: اگر فرمائی من اورا بطریقے خاموش گردانم ☆ گفت: غایتِ لطف و کرم باشد ☆ فرمود: تا غلام را بدریا انداختند ☆ بارے چند غوطہ بخورد، ازاں پس مویش بگرفتند و سوے کشتی آوردند، بہر دوست

حکایت (۳): ایک بادشاہ ایک عجمی غلام کے ساتھ کشتی پر بیٹھا تھا غلام کبھی دریا نہیں دیکھا تھا اور کشتی کی مصیبت نہ آزمایا تھا رونا چلانا شروع کیا اور اس کے بدن پر کپکپی پڑی جتنا کہ ہمدردی کرے وہ چپ نہ ہوا بادشاہ کا آرام کرکرا ہو گیا کوئی چارہ نہ جانا۔ ایک حکیم جو اسی کشتی میں تھا بادشاہ کو کہا اگر حکم دے تو میں اس کو ایک طریقے پر خاموش کروں۔ اس نے کہا بہت مہربانی اور کرم ہوگا۔ اس نے دیا یہاں تک کہ غلام کو دریا میں ڈالے۔ چند مرتبہ غوطہ کھایا اس کے بعد پھر اس کے بال پکڑے اور کشتی کے آگے لائے اور دونوں ہاتھ کشتی کے دنبالہ میں لٹکائے جب

حکایت (۳): عجمی۔ عجم کا رہنے والا، ایرانی، تورانی وغیرہ۔ گریہ وزاری۔ رونا، چلانا۔ آغاز۔ شروع کیا۔ لرزہ۔ کپکپاہٹ، تھرتھراہٹ، اسم مفعول، مصدر، لرزیدن، کانپنا، فعل مضارع، لرزد، فعل امر، بلرز۔ مُلاطفت۔ مہربانی۔ ملک را عیش ازو منغّض شد۔ بادشاہ کی خوشی اس سے مکدر ہوگئی (بے مزہ، چین غارت ہوگیا)۔ اگر فرمائی من اورا۔ اگر حکم فرمائیں تو میں اس کو۔ فرمائی۔ فعل مضارع، صیغہ واحد حاضر، مصدر، فرمودن، فرمانا، فعل امر، بفرمائے۔ چارہ۔ تدبیر۔ غایت لطف۔ انتہائی مہربانی۔ انداختند۔ ڈال دیں، فعل ماضی مطلق، صیغہ جمع غائب، مصدر، انداختن، ڈالنا، فعل مضارع، اندازد، فعل امر، بینداز۔ بارے چند غوطہ بخورد۔ چند بار غوطہ کھایا۔ بخورد۔ فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، مصدر، خوردن، فعل امر، بخور۔ مویش بگرفتند۔ اس

درسکانِ کشتی آویخت، چوں برآمد بگوشہ بنشست وقرارگرفت ☆ ملک راپسندیدہ آمد، گفت: اندریں چہ حکمت بود؟ گفت: اول محنتِ غرق شدن نیازمودہ بود وقدرِ سلامتِ کشتی نمی دانست ہمچنیں قدرِ عافیت کسے داند کہ بمصیبتے گرفتار آید☆

تھوڑی دیر پر باہر آیا ایک گوشے میں بیٹھا اور سکون پایا۔ بادشاہ کو پسند آئی اس نے کہا اس میں کیا حکمت تھی اس نے کہا پہلے ڈوب جانے کی مشقت نہیں اٹھائی تھی اور کشتی کی سلامتی کی قدر نہیں جانتا تھا، اسی طرح آرام کی قدر وہ شخص جانتا ہے جو کسی مصیبت میں گرفتار آتا ہے۔

حکایت (۴): بربالین تربتِ یحییٰ پیغمبر علیہ السلام معتکف بودم در جامع دمشق، یکے از ملوک عرب کہ بہ بے انصافی معروف بود، بزیارت آمد ونماز گذارد وحاجت خواست☆

حکایت (۴): حضرت یحییٰ علیہ السلام کی قبر کے سرہانے پر میں معتکف تھا دمشق کے جامع مسجد میں عرب کے بادشاہوں میں سے ایک بے انصافی میں مشہور تھا زیارت کے لئے آیا اور نماز ادا کی اور حاجت طلب کی۔

کے بال پکڑے۔ سکان کشتی ۔کشتی کا پتوار، کشتی کا پچھلا حصہ۔ آویخت ۔لٹکایا، فعل ماضی مطلق، صیغہ واحد غائب، مصدر، آویختن، لٹکانا، لٹکنا، فعل مضارع، آویزد، فعل امر، بیاویز۔ اندریں چہ حکمت بود ۔اس میں کیا حکمت تھی۔

حکایت (۴): بالین ۔سرہانہ، تکیہ۔ تربت ۔قبر۔ معتکف ۔اعتکاف کرنے والا، عبادت کے لئے گوشہ میں بیٹھنے والا۔ جامع دمشق ۔جامع مسجد۔ دِمَشق ۔بکسر دال وفتح میم، ایک مشہور شہر جو ملک شام سریا کا پایۂ تخت ہے اس کی تعمیر نمرود کے غلام دمشق یا دمشاق بن کنعان نے کیا۔ معروف ۔مشہور۔ نماز گذارد ۔نماز ادا کرنا، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، مصدر، گذاردن، ادا کرنا۔ فعل امر، بگذار۔ حاجت خواست ۔مراد چاہی۔ خواست ۔فعل ماضی مطلق، صیغہ واحد غائب، مصدر،

بیت

درویش وغنی بندۂ ایں خاکِ در اند
و اناں کہ غنی ترند محتاج تراند

آنگاہ روے بمن کرد وگفت: ازاں جا کہ ہمت دَرویشاں است و صدق معاملۂ ایشاں توجہ خاطر ہمراہ من کنید کہ از دشمن صعب اندیشناکم ☆ گفتمش: بر رعیت ضعیف رحمت کن تا از دشمن قوی زحمت نبینی ☆

نظم

ببازوانِ توانا و قوتِ سرِ دست
خطاست پنجۂ مسکین ناتُواں بشکست

بیت

فقیر اور مالدار اس دروازے کے خاک کے غلام ہیں وہ جو زیادہ مالدار ہیں زیادہ محتاج ہیں۔

اس وقت میری طرف رخ کیا اور کہا: چونکہ درویشوں میں روحانی طاقت ہے اور ان لوگوں معاملہ (خدا سے) سچا ہے ذرا میری طرف توجہ کرے کہ ایک سخت دشمن سے میں ڈرتا ہوں میں نے اس کو کہا کمزور رعایا پر رحم کرتا کہ طاقتور دشمن سے تو تکلیف نہ دیکھے۔

نظم

طاقت ور بازو اور پنجے کی قوت سے
غلطی ہے کمزور مسکین کا پنجہ توڑنا۔

خواستن، چاہنا۔ درویش ۔فقیر۔ غنی ۔مالدار۔ ایں خاک در اند ۔اس دروازے کی مٹی۔ غنی ترند، محتاج ترند ۔اصل میں تراند ہے زیادہ مالدار ہیں، زیادہ محتاج ہیں۔

آنگاہ مرا ۔اس وقت مجھ کو۔ ازاں جا ۔اس جگہ سے، چونکہ۔ ہمّت ۔توفیق، دسترس، طاقت۔ صدق ۔سچائی۔ توجہ خاطر ہمراہ من ۔دل کی توجہ میری طرف۔ صعب ۔سخت، مشکل۔ اندیشناکم ۔اصل میں اندیشہ ناک ہستم ہے، میں سخت فکر مند ہوں، فکر میں ڈوبا ہوا ہوں، متفکر۔ رعیت ضعیف ۔کمزور رعایا۔ قوی ۔مضبوط، طاقتور۔ زحمت ۔تکلیف۔

نظم: لڑی، موزون کلام، شعر۔ ببازوان ۔بازو کی جمع ہے، بازو۔ توانا ۔طاقت ور، زور آور۔ سر دست ۔مراد پنجہ۔ شکست ۔فعل ماضی مطلق، صیغہ واحد غائب، معنی مصدری مراد ہے توڑنا۔ نتر

نترسد آنکہ بر افتادگاں نبخشاید
کہ گرز پائے درآید کسش نگیرد دست
ہرآنکہ تخم بدی کشت وچشم نیکی داشت
دماغ بیہدہ پخت و خیالِ باطل بست
ز گوش پنبہ بروں آرو داد خلق بدہ
وگرتو می ندہی داد، روزِ دادے ہست

نہیں ڈرتا وہ شخص جو گرے پڑوں پر مہربانی نہیں کرتا اگر وہ پھسل جاتا تو کوئی اس کا ہاتھ نہیں پکڑتا جس شخص نے برائی کا بیج بویا اور نیکی کی امید رکھی دماغ بےکار پکایا اور باطل خیال باندھا کان سے روئی باہر لا اور مخلوق کو انصاف دے اور اگر تو انصاف نہیں دیتا ہے تو انصاف کا ایک دن ہے۔

مثنوی

بنی آدم اعضاے یکدیگراند
کہ درآفرینش ز یک جوہر اند
چو عضوے بدرد آورد روزگار
دگر عضوہا را نماند قرار
تو کز محنتِ دیگراں بےغمی
نشاید کہ نامت نہند آدمی

مثنوی

آدم کی اولاد ایک دوسرے کے اعضاء ہیں کیونکہ ان پیدائش ایک ہی جوہر سے ہے جب زمانہ کسی عضو کو تکلیف میں لاتا ہے تو دوسرے اعضاء کو قرار نہیں رہتا تو کیوں دوسروں مشقت سے بےفکر ہے مناسب نہیں کہ تیرا نام آدمی رکھیں۔

نترسد۔نہیں ڈرتا ہے، فعل مضارع منفی، صیغہ واحد غائب، مصدر، ترسیدن، ڈرنا فعل امر بترس۔ افتادگان۔گرے پڑے ہوئے، اسم مفعول، جمع کا صیغہ ہے، مصدر، افتادن، گرنا پڑنا۔ نہ بخشاید۔ بخشش نہیں کرتا، مہربانی نہیں کرتا، فعل مضارع منفی، صیغہ واحد غائب، مصدر، بخشانیدن یا بخشیدن، بخشنا، فعل امر، ببخش۔ گرز پائے درآید۔اگر گر پڑئے۔ تخم۔ بیج، دانہ، گٹھلی۔ بدی۔ برائی۔ کشت۔بویا، فعل ماضی مطلق، صیغہ واحد غائب، مصدر، کاشتن، بونا، فعل مضارع، کارد، فعل امر، بکار۔ چشم نیکی داشت۔ بھلائی کی امید رکھا، داشتن مصدر سے۔ بیہدہ۔بےکار، بیہودہ۔ پخت۔ پکایا، فعل ماضی مطلق، صیغہ واحد غائب، مصدر، پختن، پکانا، فعل مضارع، پزد، فعل امر، بپز۔ بست۔ باندھا، فعل ماضی مطلق، صیغہ واحد غائب، مصدر، بستن، باندھنا، فعل مضارع، بندد، فعل امر، ببند۔

حکایت (۵): یکے از وزرا معزول شدہ بحلقۂ دَرویشاں درآمد و برکتِ صحبتِ ایشاں دروے اثر کرد و جمیت خاطرش دست داد☆ مَلِک بار دگر باوے دل خوش کرد و عملش فرمود☆ قبول نہ کرد و گفت: معزولی بہ کہ مشغولی☆

حکایت (۵): برخاست شدہ وزیروں میں سے ایک فقیروں کی جماعت میں آیا اور ان لوگوں کی صحبت کی برکت اس میں اثر کی اور اس کو قلبی سکون حاصل ہوا۔ بادشاہ دوسری مرتبہ اس سے دل خوش کیا اور اس کو عہدہ سپرد فرمایا اس نے قبول نہ کیا اور کہا معزول رہنا بہتر ہے مشغول رہنے سے۔

زگوش پنبہ بروں آرد۔کان سے روئی باہر لا، فعل امر، صیغہ واحد حاضر، مصدر، برآوردن، باہر لانا، فعل مضارع، برآورد۔ داد۔انصاف۔مثنوی: دو، دو والا، نظم کی ایک قسم جس میں کوئی مسلسل بات بیان کی جاتی ہے اس میں ہر شعر کا قافیہ جدا لیکن ہر شعر کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں اور اشعار کی تعداد مقرر نہیں ہوتی ہے جمع مثنویات۔ بنی آدم۔حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد، انسان۔ یکدیگیر اند۔ایک دوسرے ہیں۔ آفرینش۔ پیدائش، تخلیق۔ ز یک جوہر۔اصل میں یہاں حضرت آدم علیہ السلام مراد ہیں۔ عضو۔بدن کا جوڑ یا حصہ۔ جمع اعضاء۔ روزگار۔زمانہ، قسمت۔ نماید۔نہیں رہتا، فعل مضارع منفی، صیغہ واحد غائب، مصدر، ماندن، رہنا، فعل امر، بماں۔ نشاید۔مناسب نہیں ہے، لائق نہیں، فعل مضارع منفی، مصدر، سائستن، مناسب ہونا، لائق ہونا۔ نامت۔تیرا نام۔ نہند۔رکھیں، فعل مضارع، صیغہ جمع غائب، مصدر، نہادن، رکھنا، فعل امر، بنہ۔

حکایت (۵): وزراء۔وزیر کی جمع ہے، وزیر، دیوان۔ معزول شدہ۔ برخاست کیا ہوا، برطرف کیا ہوا، عہد سے ہٹایا ہوا۔ حلقۂ درویشاں۔درویشوں کا گروہ، مجلس۔ جمعیت خاطرش دست داد۔اس کو دلی اطمینان حاصل ہوا، اس کو قلبی سکون حاصل ہوا۔ بار دیگر۔دوسری بار۔ معزولی بہ کہ مشغولی۔کہ بمعنی از مشغول رہنے سے بہتر برخاست رہنا۔ رباعی: وہ چار مصرعے جو اوزان مخصوص پر ہوں اس میں پہلے اور چوتھے مصرعے کا ہم قافیہ ہونا ضروری ہے۔

رباعی

آنانکہ بکُنج عافیت بنشستند
دندانِ سگ و دہان مردم بستند
کاغذ بدریدند و قلم بشکستند
از دست وزبانِ حرف گیراں رستند

ملک گفت ہرآئینہ ماراخردمندِ کافی باید کہ تدبیرِ مملکت را شاید☆ گفت: نشانِ خردمندِ کافی آنست کہ بہ چنیں کارہا تن ندہد☆

رباعی

جوشخص گوشہ عافیت میں بیٹھے کتّے کے دانت اور لوگوں کے منہ باندھ دے انھوں نے کاغذ پھاڑا اور انھوں نے قلم توڑا نکتہ چینوں کے زبان اور ہاتھ سے چھٹکارا حاصل کئے۔

بادشاہ نے کہا یقیناً ہم کو کامل عقلمند چاہئے جو سلطنت کی تدبیر کے لائق ہو اس نے کہا: کامل عقلمندی یہی ہے جو ایسے کاموں میں بدن کو نہ دے۔

کُنج۔گوشہ،کونہ۔ب نشستند۔بیٹھے،فعل مضارع،صیغہ جمع غائب،مصدر،نشستن،بیٹھنا،فعل امر، بنشیں۔دندانِ سگ۔کتّے کے دانت۔سگ سے یہاں ایذاپہونچانے والے مراد ہیں۔دہان۔ دہن کی جمع ہے،منہ۔بستند۔باندھا،فعل ماضی مطلق،صیغہ جمع غائب،مصدر،بستن،باندھنا،فعل مضارع،بندد،فعل امر،بندد۔کاغذ بدریدند۔کاغذ پھاڑا،فعل ماضی مطلق،صیغہ جمع غائب،مصدر، دریدن،پھاڑنا،فعل مضارع،درد،فعل امر، بدر۔قلم بشکستند۔قلم توڑ ڈالا،فعل ماضی مطلق،صیغہ جمع غائب،مصدر،شکستن،توڑنا،فعل مضارع،شکند،فعل امر،بشکن۔حرف گیراں۔نکتہ چینی کرنے والا،عیب نکالنے والا۔رستند۔چھٹکارا حاصل کیے،فعل ماضی مطلق،صیغہ جمع غائب،مصدر، استن۔چوٹنا۔فعل مضارع،فعل امراوراسم فاعل نہیں آتا ہے۔ہر آئینہ۔بیشک،ضرور،البتہ،ہر حال۔مملکت۔سلطنت۔شاید۔لائق ہوتا،مناسب ہوتا،فعل مضارع،صیغہ واحد غائب،مصدر،شائستن،لائق ہونا،مناسب ہونا۔تن نہ دہد۔بدن نہ دے،منظور نہ کرے،فعل مضارع منفی،صیغہ واحد غائب،مصدر،دادن،دینا،فعل امر،بدہ۔

بیت

ہمابرہمہ مرغاں ازیں شرف دادر
کہ استخواں خوردوطائرے نیازارد

حکایت (٦): مِلک زادہ گنج فراواں از پدر میراث یافت،دستِ کرم بکشادوداد سخاوت بداد ونعمت بے دریغ بر سپاہ و رعیت بریخت☆

قطعہ

نیا ساید مَشام از طبلۂ عُود
بر آتش نِہ کہ چوں عنبر بوید
بزرگی بایدت بخشندگی کن
کہ تا دانہ نیفشانی نہ روید

بیت

ہُما پرندوں پر اس وجہ سے فضیلت رکھتا ہے کہ ہڈی کھاتا ہے اور کسی پرندے کو نہیں ستاتا ہے

حکایت (٦): ایک شہزادے نے بے شمار خزانہ باپ کے میراث سے پایا، اور بخشش کا ہاتھ کھولا اور خوب سخاوت کی بے انتہا نعمت سپاہی اور رعایا پر خرچ کی۔

قطعہ

عود کی ڈبیہ سے دماغ کو آرام نہیں پہونچتا آگ پر رکھ کہ عنبر کی طرح خوشبو دے تو بزرگی چاہتا ہے تو بخشش کر کہ جب تک دانہ نہیں بکھیرے گا نہیں اُگے گا۔

بیت: ہما۔ایک مشہور مبارک پرندہ ہے۔مرغان۔مرغ کی جمع ہے پرندوں۔شرف دارد۔ فضیلت رکھتا ہے،داشتن،مصدر سے۔استخواں۔ہڈی۔طائر۔پرندہ۔نیازارد۔ستاتا نہیں،فعل مضارع منفی،صیغہ واحد غائب،مصدر،آزاریدن،ستانا،فعل امر،بیازار۔

حکایت (٦): گنج۔ خزانہ۔فراواں۔بہت زیادہ۔میراث۔ترکہ۔وہ جائداد جو مرنے والے کی طرف سے حق داروں کو ملے۔داد سخاوت بداد۔خوب بخشش کی۔داد،فعل ماضی مطلق،صیغہ واحد غائب،دادن،مصدر سے۔نعمت بے دریغ۔بے اندازہ دولت،بے روک ٹوک،بے تامل۔سپاہ ورعیت۔سپاہی اور رعایا۔بریخت۔لٹادی،فعل ماضی مطلق،صیغہ واحد غائب،مصدر،بٹنا،لوٹنا،گرنا، چھٹکانا،فعل مضارع،ریزد،فعل امر،بریز۔قطعہ: نیاساید۔نہیں پہنچتا ہے،فعل مضارع منفی،صیغہ واحد غائب،مصدر،رسانیدن،پہونچانا۔مشام۔دماغ،سونگھنے کی قوت کا محل جو ناک کی جڑ اور

یکے از جلسائے بے تدبیر نصیحتش آغاز کرد کہ ملوکِ پیشیں مرا ایں نعمت را بسعی اندوختہ اند وبرائے مصلحتے نہادہ ،دست ازیں حرکت کوتاہ کن کہ واقعہا در پیش است ودشمنان در کمیں ،نباید کہ بوقتِ حاجت درمانی۔

بے تدبیر ہمنشینوں میں سے ایک اس کو نصیحت کرنا شروع کیا کہ پہلے کے بادشاہوں نے خاص کر اس نعمت کو کوشش سے جمع کئے ہیں اور ایک مصلحت کے لئے رکھے ہوئے ہیں ، ان حرکتوں سے ہاتھ چھوٹا کر اس لئے کہ واقعات سامنے ہیں اور دشمن لوگ گھات میں ہیں نہیں چاہئے کہ تو ضرورت کے وقت عاجز رہے۔

قطعہ

اگر گنجے کنی بر عامیاں بخش
رسد مر ہر گدائے را برنجے
چرا نستانی از ہر یک جوئے سیم
کہ گرد آید ترا ہر روز گنجے

قطعہ

اگر تو ایک خزانہ عام لوگوں پر بخشش کرے پہونچے گا ہر گھر والوں کو ایک چاول کے برابر کیوں نہیں وصول کرتا تو ہر ایک سے ایک جَو کے برابر چاندی کہ تیرے لئے جمع آئے ہر دن ایک خزانہ۔

دماغ کے شروع میں ہے۔ طبلہ ۔ڈبیہ۔صندوقچی ۔ عود ۔ایک مشہور لکڑی جو آگ مین جل کر نہایت عمدہ خوشبو دیتی ہے۔ برآتش نِہ ۔آگ پر رکھ،فعل امر،صیغہ واحد حاضر،مصدر،نہادن،رکھنا، فعل مضارع،نہد۔ عنبر ۔ایک سیاہ رنگ کی خوشبو۔ ببوید ۔خوشبو دے،فعل مضارع،صیغہ واحد غائب،مصدر، بوئیدن ، بو دینا ،سونگھنا،فعل امر، ببوئے ۔ بزرگی بایدت ۔ تجھے بزرگی چاہئے ۔ بخشندگی ۔بخشش ،نوازش ۔نیفشائی ۔نہیں بکھیرے گا،فعل مضارع منفی ،صیغہ واحد حاضر ،مصدر، افشاندن ،بکھیرنا ، چھاڑنا ،پچھوڑنا،فعل امر، بیفشاں ۔ نہ روید ۔نہیں اُگے گا،فعل مضارع منفی ،صیغہ واحد غائب،مصدر،روئیدن،اُگنا،فعل ماضی ،روئید۔فعل امر نہیں آتا ہے۔جلسائے ۔جلیس کی جمع ہے۔ہمنشیں لوگ ۔ ملوک پیشیں ۔ پہلے کے بادشاہوں نے ۔ بسعی ۔کوشش سے ۔ اندوختہ اند ۔جمع کیے ہیں،فعل ماضی قریب،صیغہ جمع غائب،مصدر،اندوختن،جمع کرنا،فعل مضارع ،اندوزد،فعل امر، بیندوز۔ واقعہا ۔لڑائیاں ،مہمات ،واقع کی جمع ہے۔ کمین ۔گھات ۔ بوقت

ملک زادہ روئے ازیں سخن درہم کشید، موافق طبع بلندش نیامد ومرا اوراز جر فرمود وگفت : مرا خداوند تعالیٰ ملکَ ایں مما لک گردانیدہ است تا بخورم وبخشم نہ پاسبانم کہ نگہدارم☆

شہزادے نے اس بات سے چہرہ کھینچ لیا اور اس کی بلند طبیعت کے موافق نہیں آیا اور اس کی زجر وتوبیخ کی اور اس سے کہا: کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ کو اس سلطنت کا مالک بنایا ہے تا کہ میں کھاؤں اور بخشش کروں نہ کہ چوکیدار رہوں جو حفاظت کروں۔

بیت

قارون ہلاک شد کہ چہل خانہ گنج داشت
نوشیرواں نہ مُرد کہ نامِ نکو گذاشت

بیت

قارون ہلاک ہوگیا جو کہ چالیس گھر خزانہ رکھا نوشیرواں نہیں مرا کیونکہ نیک نامی چھوڑا۔

حاجت درمانی ۔ضرورت کے وقت عاجز رہے،فعل مضارع،صیغہ واحد حاضر،مصدر ماندن سے۔
قطعہ: عامیاں ۔ عامی کی جمع ہے، عام لوگ ۔ بِرَنج ۔چاول ۔ چرا ۔کیوں ۔ نستانی ۔ لیتا ہے ،وصول کرتا ہے،فعل مضارع ،صیغہ واحد حاضر ،مصدر،ستاندن یا ستدن ، لینا ،فعل امر، بستاں ۔ جَوئے سیم ۔جو بھر چاندی ،جَو برابر چاندی۔ گردآید ۔جمع آئے ،جمع ہو جائے،فعل مضارع،صیغہ واحد غائب ،مصدر، گردآمدن سے جمع کرنا یا جمع ہونا۔ گنج ۔خزانہ۔ روئے ازیں سخن درہم کشید ۔اس بات سے چہرہ کھینچ لیا،منھ پھیر لیا،فعل ماضی مطلق ،صیغہ واحد غائب ،مصدر، کشیدن ،کھینچنا، پھیرنا،فعل مضارع ، کشد ،فعل امر،بکش ۔ طبع ۔طبیعت ۔ زجر ۔سرزنش ،ڈانٹ ڈپٹ ،جھڑکی ۔ پاسبان ۔نگہبان، چوکیدار، پہرہ دار۔
بیت: قارون ۔ایک مشہور مالدار کا نام ہے جو بہت بخیل تھا،حضرت موسیٰ علیہ السلام کا چچازاد بھائی تھا۔نوشیرواں ۔ایک ایرانی بادشاہ کا نام ہے جو انصاف وعدل میں بہت مشہور تھا۔ نہ مرد ۔نہیں مرا ،فعل ماضی مطلق ،صیغہ واحد غائب ،مصدر، مُردن ،مرنا ،فعل مضارع ، میرد ،فعل امر ،بمیر ۔ نام نکو ۔ نیک نام ۔ گذاشت ۔ چھوڑا ،فعل ماضی مطلق ،صیغہ واحد غائب ،مصدر، گذاشتن ، چھوڑنا ،فعل مضارع ،گذارد ،فعل امر ،بگزار۔

حکایت (۷): آوردہ اند کہ نوشیروانِ عادل را در شکار گاہے صیدے کباب می کردند و نمک نبود، غلامے را بُروستا، فرستادند تا نمک آرد☆ نوشیرواں گفت: نمک بقیمت بستاں تا رسمے نگردد و دہ خراب نہ گردد☆ گفتند: ایں قدر چہ خلل زاید؟ گفت: بنیاد ظلم در جہاں اندک بودہ است ہر کہ آمد براں مزید کرد تا بدیں غایت رسید☆

قطعہ

اگر ز باغِ رعیت مَلِک خورَد سیبے
برآورند غلامانِ او درخت از بیخ

حکایت (۷): لوگوں نے بیان کیا ہے کہ نوشیرواں عادل کے لئے ایک شکار گاہ میں ایک شکار کا کباب بنا رہے تھے اور نمک نہیں تھا، ایک غلام کو دیہات بھیجا تا کہ نمک لائے۔ نوشیرواں نے کہا: نمک قیمت سے لاتا کہ کوئی رسم نہ ہو جائے اور دیہات تباہ نہ ہو جائے، لوگوں نے کہا اس تھوڑے سے کیا خلل پیدا ہوگا؟ اس نے کہا: ظلم کی بنیاد دنیا میں پہلے تھوڑی ہوتی ہے جو شخص آیا اس پر اضافہ کیا یہاں تک کہ اس حد تک پہونچی۔

قطعہ

اگر رعایا کے باغ سے بادشاہ ایک سیب کھالے اس کے غلام لوگ درخت کو جڑ سے باہر لے آئیں گے آدھے انڈے کے برابر جو بادشاہ ظلم

حکایت (۷): شکار گاہے ۔شکار کرنے کی جگہ۔ صید ۔شکار۔ رُوستا ۔گاؤں، آبادی۔ فرستادند ۔بھیجا، فعل ماضی مطلق، صیغہ جمع غائب، مصدر، فرستادن، بھیجنا، فعل مضارع، فرستد، فعل امر، بفرست ۔ نمک بقیمت بستاں ۔نمک قیمت سے لے، فعل امر، صیغہ واحد حاضر، مصدر، ستاندن، لینا، فعل مضارع، ستاند۔ رسمے نگردد ۔عادت نہ پڑ جائے، رواج نہ ہو جائے۔ نگردد ۔نہ ہو جائے، فعل مضارع منفی، صیغہ واحد غائب، مصدر، گردیدن، ہونا، پھرنا، فعل امر، بگرد۔ دِہ ۔گاؤں، کھیرا، دیہات۔ خراب ۔ویران۔ ازیں چہ خلل زاید ۔اس تھوڑے سے کیا خرابی ظاہر ہوگی۔ زاید ۔پیدا ہوگی، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، مصدر، زائیدن، پیدا ہونا، جننا، فعل امر، بزائے۔ اندک بودہ است ۔تھوڑی ہوتی ہے۔ براں مزید کرد ۔اس پر اضافہ کیا۔ غایت ۔انتہا، حد۔
قطعہ: خورد سیبے ۔ایک سیب کھالے۔ بیخ ۔جڑ، اصل۔ بیضہ ۔انڈا۔ ستم ۔ظلم۔ سیخ ۔لوہے کی

بہ نیم بیضہ کہ سلطاں ستم روادارد
زنند لشکر یانش ہزار مرغ بہ سیخ

بیت

نماند ستمگارِ بد روزگار
بماند برو لعنت پائیدار

حکایت (۸): عالمے راشنیدم کہ خانۂ رعیت خراب کردے تا خزینۂ سلطان آباداں کند، بےخبر از قول حکما کہ گفتہ اند: ہر کہ خلق را بیازارد تا دلِ سلطان بدست آرد خدائے تعالیٰ ہماں خلق را برو گمارد تا دمار از نہادِ او برآرد☆

بیت

آتشِ سوزاں نکند باسپند
آنچہ کند دودِ دلِ دردمند

جائز رکھے اس کے لشکری ہزار مرغوں کو سیخ پر بھون ڈالیں گے۔

بیت

زمانے کا بُرا ظالم باقی نہیں رہتا
باقی رہتی ہے اس پر ہمیشہ کی لعنت

حکایت (۸): ایک عالم کے متعلق میں نے سنا جو رعایا کا گھر کا تباہ کرتا تا کہ بادشاہ کا خزانہ آباد کرے، حکماء کے قول سے بےخبر جنھوں نے کہا ہے: جو شخص مخلوق کو ستاتا ہے تا کہ بادشاہ کا دل ہاتھ میں لائے اللہ تعالیٰ اسی مخلوق کو اس پر مقرر کر دیتا ہے تا کہ اس کے وجود سے ہلاکت کو باہر لائے۔

بیت

جلانے والی آگ کالے دانے کے ساتھ وہ نہیں کرتی جو کچھ دردمند کے دل کی آہ کرتی ہے۔

سلاخ جس پر کباب بھونتے ہیں۔ بیت: ستمگار ۔ظالم، ستانے والا۔ لعنت ۔ پھٹکار، دھتکار۔ پائیدار ۔ہمیشہ، مضبوط مستحکم۔
حکایت (۸): عالمے ۔ایک شاہی کارندہ، حاکم، گورنر۔ خزینہ ۔خزانہ۔ آباداں کند۔ آباد کرے، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، کردن مصدر سے۔ حکماء ۔حکیم کی جمع ہے۔ دانشمند۔ خلق ۔مخلوق ۔ بیازارد ۔ستائے، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، مصدر، آزاریدن، ستانا۔ گمارد ۔مقرر کر دیتا ہے، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، مصدر، گماشتن، مقرر کرنا، فعل امر، بگمار۔ دمار ۔ ہلاکت ۔انتقام، موت۔ نہاد ۔خلقت، وجود، بنیاد۔
بیت: آتش ۔آگ۔ سوزاں ۔جلنے والی، اسم فاعل سماعی، مصدر، سوختن، جلنا جلانا، روشن کرنا، فعل

گویند: سر جملۂ حیوانات شیر است و کمترین جانوراں خر، و بہ اتفاقِ خرد منداں خرِ باربہ از شیرِ مردم دَر☆

کہتے ہیں تمام جانوروں کا سردار شیر ہے اور جانوروں میں سب سے زیادہ ذلیل گدھا اور عقلمندوں کے اتفاق سے کہ بوجھ اٹھانے والا گدھا بہتر ہے لوگوں کو ستانے والے شیر سے۔

مثنوی

مسکیں خر اگر چہ بے تمیز است
چوں بار ہمی برَد عزیز است
گاوان و خرانِ بار بردار
بِہ ز آدمیانِ مردم آزار

مثنوی

بے چارہ گدھا اگر چہ بے تمیز ہے، جب بوجھ اٹھاتا ہے تو پیارا ہے، بوجھ اٹھانے والے گدھے اور بیل بہتر ہے لوگوں کو ستانے والے آدمیوں سے۔

گویند: مَلِک راطرفے از ذمائم اخلاقش بقرائن معلوم شد در شکنجہ کشید و بانواع عقوبتش بکشت ☆

لوگ کہتے ہیں: کہ بادشاہ کو کسی طرف سے اس کی بُری عادتوں کو قرائن سے معلوم ہوئے شکنجے میں کَس دیا اور قسم قسم کی سزا دے کر مار ڈالا۔

مضارع، سوزد، فعل امر، بسوز۔ سِپَند ۔ کالا دانہ، رائی۔ دودِ دل دردمند ۔ دردمند کے دل کی آہ۔ دود ۔ آہ، دھواں۔ سر ۔ سردار۔ جملہ ۔ تمام۔ حیوانات ۔ حیوان کی جمع ہے۔ جانوروں۔ باربر ۔ بوجھ اٹھانے والا۔ مردم دَر ۔ لوگوں کو پھاڑنے والا، اسم فاعل ترکیبی، دریدن مصدر سے۔ مثنوی: مسکین خر ۔ بیچارہ گدھا، کمزور گدھا۔ بارہمی برد ۔ بوجھ لے جاتا ہے، اٹھاتا ہے فعل حال، صیغہ واحد غائب، بردن سے۔ گاوان ۔ گاؤ کی جمع ہے، گائیں۔ خران ۔ خر کی جمع ہے، گدھے۔ باربر دار ۔ بوجھ اٹھانے والا۔ آدمیاں ۔ آدمی کی جمع ہے لوگوں۔ مردم آزار ۔ لوگوں کو ستانے والا۔ طرفے ۔ کسی طرف، کسی قدر۔ ذمائم ۔ ذمیمہ کی جمع ہے، برائیاں، بری عادت۔ قرائن ۔ قرینہ کی جمع ہے، علامت، روش، اندازہ۔ شکنجہ ۔ مجرموں کو سزا دینے کا آلہ۔ مجرم کو کس دیا جاتا تھا کہ اس ہلنا جلنا مشکل ہو جاتا۔ بانواع عقوبتش ۔ اس کو طرح طرح کی سزا سے۔ بکشت ۔ مار ڈالا، فعل ماضی

قطعہ

حاصل نشود رضائے سلطاں
تا خاطر بندگاں نہ جوئی
خواہی کہ خدائے برتو بخشد
با خلقِ خدائے کن نکوئی

قطعہ

حاصل نہیں بادشاہ کی خوشی جب تک تو غلاموں کی دل جوئی نہ کرے تو چاہتا ہے کہ خدا تجھ پر بخشش کرے خدا کے مخلوق کے ساتھ مہربانی کرے۔

آوردہ اند کہ یکے از ستمدیدگاں برسرِ او بگذشت و در حالِ تباہِ او تامّل کرد و گفت:

بیان کئے ہیں کہ مظلوموں میں سے ایک اس کے سر پر سے گزر کیا اور اس کی تباہی کی حالت میں غور و فکر کیا اور کہا:

قطعہ

نہ ہر کہ قوت بازو ے منصبے دارد
بسلطنت بخورد مال مردماں بگزاف
تواں بحلق فرو بردن استخواںِ درشت
ولے شکم بدرد چوں بگیرد اندر ناف

قطعہ

کوئی ضروری نہیں ہے جو بازو کی قوت اور کوئی مرتبہ رکھے سلطنت سے لوگوں کے مال بے کار میں کھائے حلق سے اتار سکتا ہے سخت ہڈی کو لیکن پیٹ پھاڑ ڈالے گی جب ناف کے نیچے جائے گی۔

مطلق، صیغہ واحد غائب، کشتن مصدر سے۔ قطعہ: رضائے سلطان ۔ بادشاہ کی خوشی۔ خاطر بندگان ۔ بندہ کی جمع ہے، غلاموں کی دل جوئی۔ بخشد ۔ بخشش کرے، بخشدے، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، بخشیدن، مصدر سے۔ نکوئی ۔ مہربانی، اچھائی۔ ستم دیدگان ۔ ستم دیدہ کی جمع ہے، مظلوم لوگ۔ تامل ۔ غور و فکر۔ گشت ۔ پھر گیا فعل ماضی مطلق، صیغہ واحد غائب، گشتن، مصدر سے ۔ قطعہ: نہ ہر کہ کوئی ضروری نہیں۔ منصبے دارد۔ کوئی عہد، مرتبہ رکھے، فعل مضارع، واحد غائب، داشتن مصدر سے۔ سلطنت ۔ قہر و غالبہ۔ گزاف ۔ بیہودہ گفتگو، بکواس۔ فرو بردن ۔ نیچے لے جانا، اترانا۔ استخوان درشت ۔ سخت ہڈی۔ ولے ۔ لیکن۔ شکم بدرد ۔ پیٹ پھاڑ ڈالے گی، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، مصدر، دریدن، پھاڑنا۔ بگیرد اندر ناف ۔ ناف کے اندر جائے گی۔

حکایت (۹): مردم آزارے را حکایت کنند کہ سنگے بر صالحے زد☆ دَرویش را مجال انتقام نبود، سنگ را با خود ہمی داشت، تا وقتیکہ مَلِک را براں لشکری خشم آمد و درچاہ کرد☆ درویش بیامد و سنگ بر سرش کوفت☆ گفتا: تو کیستی ؟ وایں سنگ بر من چرا زدی ؟ گفت: من فلانم، وایں سنگ ہماں است کہ درفلاں تاریخ بر سر من زدی☆ گفت: چندیں روز کجا بودی ؟ گفت: از جاہت اندیشہ می کردم، اکنوں کہ درچاہت دیدم فرصت را غنیمت شمردم کہ زیرکاں گفتہ اند:

حکایت (۹): لوگ ایک ظالم کی حکایت بیان کرتے ہیں کہ ایک پتھر ایک نیک آدمی کے سر پر مارا۔ فقیر کو بدلہ لینے کی طاقت نہیں تھی پتھر کو محفوظ رکھا تھا، یہاں تک کہ ایک وقت بادشاہ کو اس لشکری پر غصہ آیا اور کنویں میں قید کردیا۔ فقیر (اندر) آیا اور پتھر اس کے سر پر مارا۔ اس نے کہا: تو کون ہے؟ اور یہ پتھر مجھ پر تونے کیوں مارا؟ اس نے کہا: میں فلاں ہوں اور یہ وہی پتھر ہے جو فلاں تاریخ میں تو نے میرے سر پر مارا تھا۔ اس نے کہا: اتنے روز تو کہاں تھا ؟ کہا تیرے مرتبے سے ڈرتا تھا، اب جب تجھ کو کنویں میں میں نے دیکھا فرصت کو میں نے غنیمت شمار کیا کہ عقلمندوں نے کہا ہے:

حکایت (۹): مجال انتقام ۔ بدلہ لینے کی طاقت ۔ صالح ۔ نیک بخت ۔ سنگ ۔ پتھر ۔ خشم آمد ۔ غصہ آیا، فعل ماضی مطلق، واحد غائب، آمدن مصدر سے ۔ چاہ ۔ کنواں ۔ (مجرم کو سزا کے لئے اس میں ڈالا جاتا تھا) کوفت ۔ مارا، فعل ماضی مطلق، صیغہ واحد غائب، مصدر، کوفتن، مارنا، کوٹنا، فعل مضارع، کوبد، فعل امر، بکوب ۔ چندیں روز ۔ اتنے دن ۔ جاہت ۔ تیرے مرتبے ۔ اکنوں ۔ اب ۔ شمردم ۔ میں نے شمار کیا، فعل ماضی مطلق، واحد متکلم، مصدر، شمردن، گننا، فعل مضارع، شمادر، فعل امر، بشمار ۔

مثنوی

نا سزاے را چوں بینی بختیار
عاقلاں تسلیم کردند اختیار
چوں نداری ناخنِ درّندہ تیز
بابداں آں بہ کہ کم گیری سِتیز
ہر کہ بافولاد بازو پنجہ کرد
ساعِد سیمینِ خود را رنجہ کرد
باش تا دستش ببندد روزگار
پس بکامِ دوستاں مغزش برآر

مثنوی

کسی نالائق کو تو دیکھے نصیبہ ور تو عقلمندوں نے اختیار تسلیم کیا ہے جب نہیں رکھتا ہے تو تیز پھاڑنے والا ناخن بُروں کے ساتھ وہ بہتر ہے کہ تو لڑائی کم لے جس نے فولاد جیسے بازو کے ساتھ پنجہ لڑایا اپنے چاندی جیسے کلائی کو رنجیدہ کیا ٹھہرتا کہ زمانہ اس کا ہاتھ باندھے پھر دوستوں کے مقصد کے مطابق اس کا مغز باہر لا۔

حکایت (۱۰): مَلِک زُوزَن را خواجۂ بود کریم النفس و نیک مَحضر کہ ہمکناں را در

حکایت (۱۰): زُوزَن کے بادشاہ کا ایک وزیر تھا شریف طبیعت، نیک عادت جو سبھی کو سامنے میں

مثنوی: ناسزائے ۔ نالائق، نااہل ۔ بختیار ۔ خوشی نصیب، صاحب اقبال ۔ عاقلاں ۔ عاقل کی جمع ہے، عقلمندوں ۔ ناخن دَرّندہ ۔ پھاڑنے والا ناخن ۔ اسم فاعل، مصدر، دریدن، پھاڑنا، فعل مضارع، درد، فعل امر، بدر ۔ بابداں ۔ بُروں کے ساتھ، بد کی جمع ہے ۔ کم گیری ۔ کم سے مراد نفی ہے یعنی نہ اختیار کرے تو، کم لے تو ۔ سِتیز ۔ لڑائی، جھگڑا ۔ بافولاد ۔ بازو سے، وہ شخص جس کے بازو میں فولاد کی طرح مضبوط ہو ۔ ساعد ۔ کلائی، بازو ۔ سیمیں ۔ چاندی کا نقرائی ۔ ساعد سیمیں ۔ نازک کلائی ۔ رنجہ کرد ۔ تکلیف پہونچائی، یادی ۔ باش ۔ ٹھہر جا ۔ انتظار کر ۔ بندد ۔ باندھے، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، بستن مصدر سے، باندھنا ۔ کام ۔ مقصد، مراد خواہش ۔ دوستاں ۔ دوست کی جمع ہے ۔ برآر ۔ باہر لائے ۔ فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، برآوردن ۔

حکایت (۱۰): زُوزَن ۔ خراسان میں ایک شہر کا نام ہے ۔ خواجہ ۔ وزیر ۔ کریم النفس ۔ شریف

مواجہ حرمت داستے و در غَیبت نیکو گفتے ☆ اتفاقاً از وحرکتے صادر شد کہ در نظر سلطان ناپسندیدہ آمد ، مصادرت فرمود وعقوبت کرد ☆ سرہنگانِ بادشاہ بہ سوابقِ انعامِ او معترف بودند وبشکرِ آں مرتہن ، در مدت توکیل او رفق و ملاطفت کردندے و زجر ومعاتبت رواند اشتندے ☆

عزت رکھتا اور پیٹھ پیچھے میں اچھائی بیان کرتا۔ اتفاقاً اس سے کوئی حرکت صادر ہوئی جو بادشاہ کی نظر میں ناپسند آئی جرمانہ دینے کا حکم فرمایا اور سزا دیا۔ بادشاہ کے سپاہی اس کے پہلے احسانوں کے اقراری تھے اور اس کے شکر میں گروی ، اس کے سپردگی کے زمانے میں نرمی اور مہربانی کرتے اور ڈانٹ و پھٹکار اور سزا دینا جائز نہیں رکھتے۔

قطعہ

صلح با دشمنِ خود کن و گرت روزے وا
در قفاعیب کند در نظرش تحسیں کن
سخن آخر بدہاں می گذرد موذی او
سخنش تلخ نہ خواہی شیر کن

قطعہ

اپنے دشمن کے ساتھ صلح کر اگر وہ تیری کسی دن پیٹھ پیچھے بُرائی کرے تو اس کے سامنے تعریف کر بات آخر کار موذی کے منھ سے گزرتی ہی اس کی بات کڑوی نہیں چاہتا تو اس کا منھ میٹھا کر۔

طبیعت۔ نیک محضر ۔خوبصورت ، جس کی حضوری اچھی ہو۔ خیر اندیش ۔سب کا بھلا چاہنے والا۔ ہمگناں ۔سب لوگ۔ مُواجہہ ۔روبرو، سامنے، موجودگی۔ حرمت ۔عزت۔ غیبت ۔غیر موجودگی ۔مُصارِدَت ۔تاوان ، ڈنڈ۔ نیکو۔ اچھائی۔ سرہنگاں ۔سرہنگ کی جمع ہے، سپاہی ، فوج کا سردار۔ سوابق ۔سابق کی جمع ہے، پہلا۔ معترف ۔مقر ، اعتراف کرنے والا۔ مرتہن ۔رہن رکھنے والا۔ توکیل ۔وکیل بنانا، کوئی کام کسی کے سپرد کرنا ، سپردگی۔ رِفق ۔نرمی۔ مُلاطَفت ۔مہربانی۔ زجر۔ سرزنش ، ڈانٹ۔ مُعاقَبت ۔ مار پیٹ ، عذاب دہی ، سزا دینا۔ روا داشتند ۔جائز رکھے ، فعل ماضی تمنائی ، صیغہ جمع غائب ، داشتن مصدر سے رکھنا۔ قطعہ: در قفاعَیب کند ۔پیٹھ پیچھے برائی کرے ۔تحسین ۔سراہنا ، تعریف کرنا۔ بدہان می گذرد ۔منھ سے گزرتی ہے ، دہن کی جمع ہے ، گذرد ، فعل

آں چہ مضمون خطابِ ملک بود از عہدۂ بعض ازاں بدر آمد و بہ بقیت در زنداں بماند ☆ یکے از ملوک نواحی در خفیہ پیامش فرستاد کہ ملوکِ آں طرف قدر چناں برزگوار ندانستند و بے عزتی کردند اگر خاطرِ عزیز فلاں بجانب ما التفات کند در رعایت خاطرش ہر چہ تمامتر سعی کردہ شود کہ اعیان ایں مملکت بدیدیدارِ وے مفتقر اند و بجواب ایں حروف منتظر ☆ خواجہ بریں وقوف یافت و از خطر اندیشید ، در حال جوابے مختصر چنانچہ مصلحت دید کہ اگر برملا افتد فتنہ نباشد ، بر قفائے ورق بنوشت و رواں کرد ☆ یکے از متعلقاں کہ بریں واقف بود ملک را اعلام کرد کہ فلاں

جو کچھ سزا کی دھارائیں بادشاہ نے اس کے حق میں متعین کیا تھا کچھ سے سے نجات ملی بقیہ کی وجہ سے جیل ہوئی۔ قریب کے ملک کے بادشاہوں میں سے ایک خفیہ طور پر اس کو لیٹر لکھا کہ اس طرف کے بادشاہوں نے ایسے بزرگ کی قدر نہیں جانی اور بے عزتی کی اگر آپ کا دلِ عزیز ہماری جانب توجہ کرے تو آپ کی دلداری میں پوری کوشش کی جائے گی اس لئے کہ اس ملک کے وزراء آپ کے دیدار کے مشتاق ہیں اور ان جملوں کے جواب کے منتظر ہیں۔ وزیر نے جب اس پر واقفیت پائی اور خطرے سے ڈرا ، فوراً ایک مختصر جواب جیسی کہ مصلحت دیکھی کہ اگر ظاہر ہو جائے تو فتنہ نہ ہو ، ورق کے پشت پر لکھا اور روانہ کر دیا۔ تعلق رکھنے والوں میں سے ایک جو اس پر واقف تھا

مضارع ، صیغہ واحد غائب ، مصدر ، گزشتن ، گزرنا ، فعل امر ، بگذر۔ موذی ۔ایذا دینے والا۔ مراد دشمن ۔ تلخ ۔کڑوا ، ناگوار۔ شیریں ۔میٹھا۔ آنچہ مضمون خطاب ملک بود ۔جو بادشاہ کے ناراضگی کے اسباب تھے۔ عہدہ ۔ذمہ داری۔ زِنداں ۔قید خانہ ، جیل۔ نواحی ۔ناحیہ کی جمع ہے ، کنارے ، شہر کا حصہ۔ خُفیہ ۔پوشیدہ۔ پیام ۔پیغام۔ التفات ۔توجہ۔ رعایت ۔ پاس ولحاظ ، نگہداشت ۔ ہر چہ تمامتر سعی کردہ شود ۔جو کچھ کوشش کی جائے گی ، جو بھی ممکن ہوگا۔ اَعیان ۔عین کی جمع ہے ، سردار ، بڑے لوگ۔ مُفتَقِر ۔محتاج ، خواہشمند۔ جواب ایں حروف ۔اس خط کا جواب۔ وقوف ۔ آگاہی ، واقفیت۔ درحال ۔فوراً۔ برملا افتد ۔ظاہر ہو جائے ، ظاہر پڑے ، فعل مضارع ، صیغہ واحد غائب ، اوفتادن یا افتدن مصدر سے۔ فتنہ ۔فساد ، شور وغوغا۔ قفا ۔ پیچھے۔ اعلام ۔اطلاع کرنا ،

را کہ حبس فرمودہٗ باملوکِ نواحی مراسَلت دارد☆ملِک را بہم برآمد وکشف ایں خبر فرمود☆ قاصدرا بگرفتند ورسالہ را بخواند ند ،نوشتہ بود کہ حسن ظن بزرھاں درحق بندہ بیش ازفضیلت بندہ است وتشریف قبولے کہ فرمودہ اند ، بندہ را امکانِ اجابتِ آں نیست ،بحکم آں کہ پروردہٗ نعمت ایں خاندانم وباندک مایۂ تغیر خاطر با وَلِیِ نعمت قدیم بیوفائی نتواں کرد چنانچہ گفتہ اند:☆

بادشاہ کواطلاع کیا کہ فلاں شخص جس کوآپ نے قیدفرمایاہےاطراف کے بادشاہوں کےساتھ خط وکتابت رکھتاہے۔بادشاہ غصہ میں آیااوراس خبرکی چھان بین کرنے کاحکم فرمایا۔قاصدکولوگوں نے گرفتارکرلیااورخط کولوگوں نے پڑھالکھاہواتھا کہ بزرگوں کاحسن ظن بندے کےحق میں بندے کی فضیلت سے زیادہ ہےاورتشریف قبول کرنے جو آپ نےحکم فرمایا بندے اس کا قبول کرناممکن نہیں ہےاس حکم سے جومیں اس خاندان کی نعمت سے پلا ہواہوں اورحالت کی تھوڑی سی تبدیلی کی وجہ سےقدیم ولیِ نعمت کےساتھ بے وفائی نہیں کرسکتاچنانچہ لوگوں نے کہاہے:

بیت

آں را کہ بجائےتست ہردم کرمے
عذرش بنہ ارکند بعمرے ستمے

بیت

وہ شخص جو تیرے لئے ہروقت ایک کرم ہیاس کو معذوررکھ اگرتمام عمرمیں کوئی ظلم کرے۔

آگاہ کرنا۔ رواں کرد ۔بھیج دیا۔متعلقان ۔تعلق رکھنے والے۔ حبس ۔قید۔ مُراسَلت ۔خط و کتابت۔ بہم برآمد ۔خفاہوگیا۔ کشف ۔کھولنا،حقیقت معلوم کرنا۔ قاصد ۔ پیغام لانے لے جانے والا ،ایلچی ،ڈاکیہ۔ رسالہ ۔خط ،پیغام۔ حسن ظن ۔نیک گمان۔ امکان اجابت ۔قبول کرنے کاامکان۔ باندک مایۂ خاطر ۔خیال دل کی تھوڑی تبدیلی سے۔ وَلِی نعمت ۔محسن،مربی ،آقا۔ ہردم کرمے ۔ہرلمحہ ایک کرم ہے۔ عذرش بنہ ۔اس کومعذوررکھ،اس کومعاف کردے۔فعل امر،نہادن مصدر سے۔ ستمے ۔کوئی ظلم۔ سیرت ۔عادت۔ شناسی ۔پہچاننے والا۔ خلعت ۔ پوشاک ،جوبادشاہ یاامرکی طرف سے بطورعزت افزائی ملے۔ عذرخواست ۔معذرت چاہا،فعل ماضی مطلق،صیغہ واحدغائب،خواستن مصدر سے۔ مکروہے برسد ۔کوئی تکلیف پہونچے،مکروہ کا

ملک راسیرت حق شناسیِ او پسندیدہ آمد ،خلعت ونعمت بخشید وعذرخواست کہ خطا کردم کہ ترا بے گناہ آزردم ☆ گفت: اے خداوند! بندہ دریں حال مر خداوند را خطا نمی بیند بلکہ تقدیرِ خداوند حقیقی چنیں بود کہ مرایں بندہ رامکروہے برسد پس بدستِ تو اولیٰ ترکہ حقوق سوابق نعمت وایادیِ مِنّت بریں بندہ داری کہ حکما گفتہ اند☆

بادشاہ کواس کی حق شناسی کی سیرت پسندآئی ،جوڑا اورانعام بخشا اورمعافی چاہی کہ میں نےغلطی کیا جوتجھ کو میں نے بے گناہ ستایا ۔اس نے کہا: اےآقا!غلام اس حالت میں خاص کرآقا کی کوئی غلطی نہیں دیکھتا ہے بلکہ مشیت خداوندی ہی ایسی تھی کہ خاصکراس غلام کوکوئی تکلیف پہونچےبس آپ کےہاتھ سے زیادہ بہترہےپہلی نعمتوں کےحقوق اوراحسانات اس غلام پررکھےتوکہ حکیموں نے کہاہے۔

قطعہ

گر گزندت رسد زخلق مرنج
کہ نہ راحت رسد زخلق نہ رنج
از خداداں خلافِ دشمن ودوست
کہ دلِ ہردو درتصرف اوست

قطعہ

اگرتجھے تکلیف پہونچےمخلوق سے تو رنجیدہ مت ہوکیونکہ مخلوق سے نہ آرام پہونچانہ تکلیف خدا کی طرف سے دشمن اور دوست کا اختلاف جان کیونکہ دونوں کادل اس کے قبضے میں ہیں۔

معنی ہے گھناؤنا ،ناپسندیدہ۔مرادتکلیف۔ اَیادِی ۔اَیدی کی جمع جوجمع ہے یَد کی ،نعمت، ہاتھ۔ حقوق سوابق نعمت ۔پچھلی نعمتوں کےحقوق۔ مِنّت ۔احسان۔

قطعہ: گزندت رسد ۔تجھے تکلف پہونچے۔ مرنج ۔رنجیدہ مت ہو،فعل نہی ،صیغہ واحد حاضر،مصدر،رنجیدن،آزردہ ہونا،رنجیدہ ہونا،فعل مضارع،رنجد،فعل امر، برنج ۔رنج۔ مصیبت ،تکلیف۔ نہ راحت رسد ۔آرام نہ پہونچے۔ داں خلاف دشمن و دوست ۔جاندشمن اوردوست کےدرمیان اختلاف۔ جان ۔فعل امر،صیغہ واحد حاضر، مصدر، دانستن ،جاننا۔ کہ دل دودرتصرف ۔دونوں دل قبضہ میں۔ کمان دار ۔کمان رکھنے والا ۔اہل خرد۔عقلمند۔

گر چہ تیر از کماں ہمی گزرد
از کمان دار بیند اہل خرد

اگرچہ تیر کمان سے گزرتا ہے
کمان رکھنے والے کو دیکھتا ہے عقلمند

حکایت (۱۱): ظالمے را حکایت کنند کہ ہِیزُم درویشاں خریدے بحیف و توانگراں را دادے بطرح ☆ صاحب دلے براو گزر کرد و گفت:

حکایت (۱۱): ایک ظالم کی حکایت بیان کرتے ہیں جو فقیر کی لکڑیوں کو ظلم سے خریدتا اور مالداروں کو نفع کے ساتھ دیتا۔ ایک نیک دل اس کے پاس سے گزر کیا اور کہا:

بیت

ماری تو کہ ہر کرا بینی بزنی
یا بُوم کہ ہر کجا نشینی بکَنی

تو سانپ ہے جس کو دیکھتا ہے ڈس لیتا ہے
یا اُلّو ہے جس جگہ بیٹھتا ہے ویران کر دیتا ہے

قطعہ

زورت ار پیش می رود باما
با خداوندِ غیب داں نرود
زور مندی مکُن بر اہل زمیں
تا دعاے بر آسماں نرود

تیرا زور اگر ہمارے سامنے چلتا ہے غیب جاننے والے خدا کے ساتھ نہیں چلے گا زمین والوں پر ظلم مت کرتا کہ کوئی دعا آسمان پر نہ چلی جائے۔

حکایت (۱۱): ہیزم۔ ایندھن، سوکھی لکڑی۔ حیف۔ ظالم۔ توانگراں۔ تونگر کی جمع ہے، مالداروں۔ بطرح۔ دام بڑھا کر زبردستی کسی کے ہاتھ فراخت کرنا، کسی چیز کو زیادہ قیمت میں بیچنا۔
بیت:۔ مار۔ سانپ۔ کہ ہر کرا، جس کسی کو۔ بوم۔ الو۔ ہر کجا۔ جس جگہ۔ بکنی۔ ویران کر دیتا ہے۔ فعل مضارع صیغہ واحد حاضر۔ مصدر۔ کندن۔ کھودنا۔ ویران کرنا۔ بکن فعل امر۔ اور ایک مصدر کندیدن۔ کھودنا۔ فعل ماضی کندیدن۔ فعل مضارع کندد۔ فعل امر بکند۔
قطعہ: زورت۔ تیرا ظالم۔ غیب داں۔ غیب جاننے والے۔ زور مندی مکن۔ ظلم مت کر۔ برنجید۔ رنجیدہ ہوا۔ فعل ماضی، صیغہ واحد غائب، فعل مضارع، رنجد، فعل امر، رنج۔

ظالم ازیں سخن برنجید و روے از نصیحتِ او درہم کشید و بدو التفات نہ کرد تا شبے آتشِ مطبخ در انبارِ ہِیزُم افتاد و سائر املاکش بسوخت و از بستر نرمش بر خاکستر گرمش نشاید ☆ اتفاقاً ہماں شخص بروے بگذشت، دیدش کہ بایاراں ہمی گفت: ندانم کہ ایں آتش از کجا در سراے من افتاد ☆ گفت: از دُودِ دلِ دَرویشاں ☆

ظالم اس بات سے رنجیدہ ہوا اور چہرہ اس کی نصیحت سے پھیر لیا اور اس پر توجہ نہیں کیا یہاں تک کہ ایک رات مطبخ کی آگ لکڑیوں کی ڈھیر میں لگی اور اس کی ساری ملکیت جلا دی اور اس کو نرم بستر سے گرم خاک پر بیٹھا دیا۔ اتفاق سے وہی شخص اس کے پاس سے گزرا اس نے اس کو دیکھا جو دوستوں سے کہہ رہا تھا میں نہیں جانتا ہوں کہ یہ آگ میرے محل میں کہاں سے لگی اس نے کہا یہ فقیروں کے دل کے دھوئیں سے ہے۔

قطعہ

حذر کن ز دودِ درونہاے ریش
کہ ریش دروں عاقبت سر کند
بہم بر مکن تا توانی دلے
کہ آہے جہانے بہم بر کند

زخمی دلوں کے دھوئیں سے پرہیز کر کیونکہ اندر کا زخم آخرکار ظاہر ہوتا ہے جہاں تک ہو سکے کسی کے دل کو رنجیدہ مت کر اس لئے کہ ایک آہ ایک دنیا کو برباد کر دیتی ہے۔

روئے۔ چہرہ۔ درہم کشید۔ پھیر لیا۔ فعل ماضی صیغہ واحد غائب مصدر کشیدن ہے۔ کھینچنا، پھیرنا۔ التفات۔ توجہ۔ تا شبے آتش مطبخ۔ یہاں تک کی مطبخی یا باورچی خانہ کی آگ۔ انبار۔ ڈھیر۔ ذخیرہ۔ بسوخت۔ متعدی ہے جلا دیا، فعل ماضی، صیغہ واحد غائب، مصدر، سوختن، جلانا، فعل مضارع، سوزد، فعل امر، بسوز۔ سائر۔ تمام، سب۔ املاک۔ ملک کی جمع ہے۔ جائداد، ساز و سامان۔ خاکستر۔ راکھ، مٹی۔ نشاند۔ بیٹھایا، بیٹھا دیا۔ فعل ماضی صیغہ واحد غائب، مصدر نشاندن۔ نشانیدن۔ بیٹھانا۔ فعل مضارع نشاند۔ فعل امر نشان۔ (فیروز اللغات فارسی سے اردو) یاراں۔ مددگاروں۔ یار کی جمع ہے۔ سرائے۔ محل۔ افتاد۔ لگی۔ پڑی۔ فعل ماضی، صیغہ واحد غائب، مصدر، افتادن۔ گرنا۔ لگنا۔ دود دل۔ دل کا دھواں۔ دل کی آہ۔ قطعہ: حذر۔ پرہیز۔ بچاؤ۔ خوف۔ درونہائے ریش۔

ایں لطیفہ بر کاخ کیخسرو نوشتہ بود☆

قطعہ

چہ سالہاے فراواں و عمرہاے دراز
کہ خلق بر سرِ ما بر زمیں بخواہد بودے
چنانکہ دست بدست آمدست مُلک بما
بدستہاے دگر ہمچنیں بخواہد بودے

حکایت (۱۲): یکے از وزرا پیشِ ذوالنون مصری (رحمۃ اللہ علیہ) رفت و ہمت خواست کہ روز و شب بخدمت

یہ لطیفہ کیخسرو کے محراب پر لکھا ہوا تھا۔

قطعہ

زیادہ سالوں اور لمبی عمر سے کیا فائدہ اس لئے
مخلوق ہمارے سر پر سے زمین پر گزرے گی
جیسا کہ ہاتھوں ہاتھ ملک ہمارے پاس آیا
دوسروں کے ہاتھوں میں ایسے ہی چلا جائے گا

حکایت (۱۲): وزیروں میں سے ایک ذوالنون مصری (ان پر اللہ کی رحمت ہو) کے پاس گیا اور دعائے خیر چاہی کہ دن ورات میں بادشاہ کی خدمت میں مشغول

زخمی دل۔ ریش دروں۔ دل کا زخم۔ عاقبت۔ آخر کار۔ سر کند۔ برباد کرتا ہے ظاہر کرتا ہے۔ بہم بر مکن۔ ناراض مت کر۔ آہے جہانے بہم بر کند۔ ایک آہ دنیا کو برباد کر دیتی ہے۔ فعل مضارع صیغہ واحد غائب۔ مصدر کندن۔ برباد کرنا۔ کھودنا۔ فعل امر بکن۔

لطیفہ۔ پُر لطف بات، دل چسپ بات۔ کاخ۔ محل۔ کیخسرو۔ یہ لفظ مرکب ہے ''کے'' اور ''خسرو'' سے ''کے'' کا معنی شہنشاہ، عامل، بادشاہ۔ اور خسرو، ایران کے ایک مشہور بادشاہ کا نام۔ کیخسرو کا معنی ہوا خسرو بادشاہ، امام عدل۔

قطعہ: فراواں۔ بہت، کثیر۔ دراز۔ طویل، لمبا۔ کہ خلق۔ اس لئے مخلوق۔ دست بدست۔ ہاتھوں ہاتھ۔ ہمچنیں۔ اسی طرح۔

حکایت (۱۲): ذوالنون۔ مچھلی والا، مصر کے ایک مشہور صاحب کرامت بزرگ کا لقب ہے ایک مرتبہ کشتی کے سفر میں کسی امیر کی ہیرے کی انگوٹھی کھوگئی، آپ گدڑی پوش تھے سب لوگوں نے آپ پر شک کیا آپ نے ہر چند برأت ظاہر کی مگر کسی نے نہ مانا اپنی برأت کے لئے انھوں نے دعا کی دریا کی ایک مچھلی انگوٹھی اپنے منہ میں لئے ہوئے آئی سب لوگ حیران رہ گئے اسی دن سے آپ کا لقب ذوالنون پڑ گیا۔ ہمت خواست۔ توجہ چاہی، دعا خیر طلب کی۔ عقوبت۔ سزا۔ ترساں۔ ڈرنے

سلطان مشغول می باشم و بخشش امیدوار و از عقوبتش ترساں☆ ذوالنون بگریست وگفت: اگر من از خدا چنیں ترسیدمے کہ تو از سلطان، از جملہ صدیقاں بودمے☆

قطعہ

گر نبودیامیدِ راحت و رنج
پاے درویش بر فلک بودے
گر وزیر از خدا بترسیدے
ہمچناں کز مَلِک بودے

حکایت (۱۳): یکے از وزرا بر زیر دستاں رحمت آوردے و اصلاح ہمکناں بخیر توسط کردے، اتفاقاً بعتابِ مَلِک گرفتار آمد☆ ہمکناں در استخلاص او سعی کردندو

رہتا ہوں اور اس کی بھلائی کا امیدوار ہوں اور اس کی سزا سے ڈرنے والا ہوں۔ ذوالنون روئے اور کہا: اگر میں خدا سے ایسے ڈرتا جیسا کہ تو بادشاہ سے تو صدیقوں میں سے ہوتا۔

قطعہ

اگر راحت اور رنج کی امید نہ ہوتی
تو فقیروں کا قدم آسمان پر ہوتا
اگر وزیر خدا سے اس طرح ڈرتا
جس طرح بادشاہ سے تو فرشتہ ہوتا

حکایت (۱۳): وزیروں میں سے ایک وزیر کمزوروں پر مہربانی کرتا اور لوگوں کی اصلاح میانہ روی بھلائی کے ساتھ کرتا، اتفاق سے بادشاہ کے عتاب میں گرفتار آیا۔ لوگوں نے اس

والا، اسم فاعل سماعی، مصدر، ترسیدن، ڈرنا، فعل مضارع، ترسد، فعل امر، بترس۔ بگریست۔ رویا، فعل ماضی مطلق، صیغہ واحد غائب، مصدر، گریستن، رونا، فعل مضارع، گرید، فعل امر، بگری۔ جملہ۔ تمام، کل، سب۔ صدیقاں۔ صدیق کی جمع ہے، سچے لوگ۔ بہت سچا، نبوت کے بعد ولایت کا اعلیٰ ترین درجہ ہے۔ فلک۔ آسمان۔

حکایت (۱۳): وزراء۔ وزیر کی جمع ہے، دیوان، وزیر۔ زیر دستاں۔ ماتحتوں۔ رحمت آوردے۔ ترس کھاتا، مہربانی کرتا۔ آوردے۔ فعل ماضی تمنائی، صیغہ واحد غائب، آوردن، مصدر سے۔ ہمکناں۔ سب لوگ، تمام۔ اصلاح۔ درستگی۔ بخیر۔ بھلائی سے یا کے ساتھ۔ توسط۔ میان روی، بیچ کی چال چلنا۔ عِتاب۔ غصہ، ناراضگی۔ استخلاص۔ چھڑانا، رہائی چاہنا۔ سعی کردند۔

موکلاں در معاقبتش ملاطفت نمودند و بزرگانِ دیگر سِیَر نیک او در افواہ گفتند تا مَلِک از سر خطاے او در گذشت ☆ صاحبدلے بریں اطلاع یافت وگفت:

قطعہ

تا دل دوستاں بدست آری
بوستانِ پدر فروختہ بہ
پختن دیگ نیک خواہاں را
ہر چہ رَختِ سفر سوختہ بہ
با بداندیش ہم نکوئی کن
دہن سگ بہ لقمہ دوختہ بہ

کے چھڑانے میں کوشش کئے اور پہریدار اس کے سزا دینے میں نرمی دکھاتے اور دوسرے بڑے بڑے لوگ اس کی اچھی عادتوں کا چرچا کرتے تا کہ بادشاہ اس کی غلطی معاف کردے۔ ایک اللہ والے نے اس پر اطلاع پایا اور کہا:

قطعہ

تا کہ دوستوں کے دل ہاتھ میں لائے تو
باپ کا باغ بک جائے بہتر ہے خیر
خواہوں کی دیگ پکانے کے لئے گھر کا
جو کچھ سامان ہے جل جائے بہتر ہے
بُرا سوچنے والے کے ساتھ بھی نیکی کر
کتّے کا منھ نوالہ سے سی دیا جائے بہتر ہے

کوشش کرکئے، فعل ماضی مطلق، صیغہ جمع غائب، مصدر، کردن۔ موکلاں۔ مُوکل کی جمع ہے، پہردار۔ درمعاقبتش۔ اس کے سزا دینے میں۔ ملاطفت نمودند۔ نرمی، مہربانی دکھائے، فعل ماضی مطلق، صیغہ واحد غائب، مصدر، نمودن، دکھانا، فعل مضارع، نماید، فعل امر، بنما۔ سِیَر نیک او۔ اس کی اچھی عادتوں سیرت کی جمع ہے۔ درافواہ گفتند۔ چرچا کیا۔ خطا۔ غلطی۔ درگذشت۔ معاف کردیا، فعل ماضی مطلق، صیغہ واحد غائب، مصدر، درگذشتن۔ معاف کرنا، درگزر کرنا۔

قطعہ: پختن دیگ۔ دیگ پکانا۔ رخت۔ سامان، اسباب۔ سوختہ۔ جل جائے، اسم مفعول، سوختن مصدر سے۔ بابداندیش۔ بُرا سوچنے والے کے ساتھ۔ اسم فاعل سماعی، اندیشیدن، مصدر سے، سوچنا۔ ہم۔ بھی۔ نکوئی۔ اچھائی۔ دوختہ۔ سل جائے بند کردے، اسم مفعول، مصدر، دوختن

حکایت (۱۴): یکے از پسران ہارون الرشید پیشِ پدر آمد خشم آلود ہوگفت: فلاں سرہنگ زادہ مرا دُشنام مادر بداد ☆ ہارون الرشید ارکان دولت را گفت: جزاے چنیں کس چہ باشد؟ یکے اشارت بکشتن کرد و دیگرے بزبان بُریدن و دیگرے بمصادرت ☆ ہارون گفت: اے پسر! کرم آنست کہ عفو کنی واگر نتوانی تو نیز دشنام دِہ نہ چندانکہ انتقام از حد بگزرد، آنگاہ ظلم از طرفِ تو باشد و دعویٰ از قِبَل خصم ☆

حکایت (۱۴): ہارون رشید کے لڑکوں میں سے ایک باپ کے پاس غصہ میں بھرا ہوا آیا اور کہا: کہ فلاں سردار کے لڑکے نے مجھ کو ماں کی گالی دی۔ ہارون رشید نے سلطنت کے اراکین کو کہا: ایسے شخص کا بدلہ کیا ہوگا؟ ایک نے قتل کرنے کا اشارہ کیا اور ایک دوسرے نے زبان کاٹنے کا اور ایک دوسرے نے مال ضبط کرنے کا۔ ہارون رشید نے کہا: اے لڑکے بخشش وہ ہے کہ تو معاف کردے اور اگر تو نہیں کرسکتا تو بھی گالی دیدے اتنا نہیں کہ بدلہ حد سے گزر جائے کہ وہ ظلم تیری طرف سے ہوگا اور دعویٰ دشمن کی طرف سے۔

، سینا۔ فعل مضارع، دوزد، فعل امر، بدوز۔ بِہ۔ بہتر، اچھا۔ دہن سگ۔ کتّے کا منہ۔

حکایت (۱۴): ہارون الرشید۔ بغداد کے ایک مشہور عباسی خلیفہ کا نام، کنیت، ابوجعفر ہے، اپنے باپ مہدی عباسی کے عہد میں خلیفہ بنا۔ ارکان دولت۔ حکومت کے وزراء، رکن کی جمع ہے۔ اشارت بکشتن کرد۔ مارڈانے کا مشورہ دیا، اشارہ کیا۔ و دیگرے بزبان بُریدن۔ اور دوسرے نے زبان کاٹنے کا۔ ودیگرے بمصادرت۔ اور دوسرے کے جائداد ضبطی کا۔ کرم۔ مہربانی۔ عفو کنی۔ معاف کردے، فعل مضارع، صیغہ واحد حاضر، مصدر، کردن سے۔ تو نیز دشنام دِہ۔ تو بھی گالی دے۔ فعل امر، صیغہ واحد حاضر، مصدر، دادن سے۔ انتقام۔ بدلہ۔ از حد بگزرد۔ حد سے گزر جائے، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، گزشتن مصدر سے۔ از قِبَل خصم۔ دشمن کی جانب، طرف سے۔

قطعہ

نہ مرد است آں بنزدیک خردمند
کہ با پیل دَماں پیکار جوید
بلے مرد آنکس ست زروئے تحقیق
کہ چوں خشم آیدش باطل نگوید

قطعہ

عقلمند کے نزدیک مرد وہ نہیں ہے جو مست ہاتھی کے ساتھ لڑائی ڈھونڈے بلکہ مرد وہ شخص ہے تحقیق کے اعتبار سے کہ جب غصہ آئے تو اس کو بُرا بھلا نہ کہے۔

مثنوی

یکے را زِشت خوے داد دشنام
تحمل کرد و گفت اے نیک فرجام
بَتر زانم کہ خواہی گفت آنی
کہ دانم عیبِ من چوں من ندانی

مثنوی

کسی ایک کو ایک بدمزاج شخص نے گالی دی اس نے برداشت کیا اور کہا اے نیک آدمی میں اس سے بُرا جتنا بُرا تو کہے گا کیونکہ میں اپنے عیب جانتا ہوں میرے جیسا تو نہیں جانتا ہے۔

قطعہ: نہ مرد است آں ـ مرد وہ نہیں ہے۔ باپیل دَماں ـ مست ہاتھی، غضبناک ہاتھی کے ساتھ۔ دماں ـ تیز دوڑنے والا غضبناک، اسم فاعل سماعی، مصدر، دمیدن، تیز دوڑنا، اگنا، پھونکنا، طلوع کرنا، فعل مضارع، دمد، فعل امر، بدم۔ پیکار ـ لڑائی، جھگڑا۔ جوید ـ ڈھونڈے، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، مصدر، جُستن، ڈھونڈھنا، فعل امر، بجو۔ بلے مرد آنکس ـ بلکہ مرد وہ شخص ہے۔ زروے تحقیق ـ تحقیق کے اعتبار سے۔ کہ خشم آیدش ـ جب اس کو غصہ آئے۔ باطل نگوید ـ بُرا بھلا نہ کہے ـ فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، گفتن مصدر سے۔ مثنوی: زشت خوئے ـ بُری عادت والا، بدمزاج۔ داد دشنام ـ گالی دی۔ تحمل کرد ـ برداشت کیا۔ فرجام ـ لائق، انتہا۔ بترانم ـ اصل میں "بدتر ازاں ام" ہے اس سے زیادہ بُرا ہوں میں۔ چوں من ندانی ـ تو میری طرح نہیں جانتا ہے

حکایت (۱۵): باطائفۂ بزرگاں بکشتی نشستہ بودم زورقے درپئے ما غرق شد، دو برادر در گردابے افتادند، یکے از بزرگاں ملاح را گفت کہ بگیر ایں ہر دو غریق را، پنجاہ دینارت بہر یک می دہم ☆ ملاح یکے را برہانید و آں دیگرے جاں بحق تسلیم کرد ☆ گفتیم: بقیت عمرش نماندہ بود ازیں سبب در گرفتن او تقصیر کردی ☆ ملاح بخندید و گفت: آنچہ تو گفتی یقین است، و دیگر مَیلِ خاطر من برہانیدنِ ایں بیش تر بود بسبب آنکہ وقتے درراہے ماندہ بودم ایں مرا بر شتر خود نشاندہ، واز دست آں دیگر تازیانہ خوردہ بودم ☆ گفتم: خدائے تعالیٰ راست گفت

حکایت (۱۵): بزرگوں کی ایک جماعت کے ساتھ کشتی میں بیٹھا ہوا تھا ایک چھوٹی کشتی ہمارے پیچھے ڈوب گئی، دو بھائی ایک بھنور میں پھنس گئے بزرگوں میں سے ایک نے ملاح کو کہا کہ تو ان دونوں ڈوبنے والوں کو پکڑ ہر ایک کے عوض تجھے پچاس دینار میں دونگا۔ ملاح نے ایک کو باہر نکالا اور وہ دوسرا مر گیا۔ ہم نے کہا اس کی عمر باقی نہیں تھی اس وجہ سے تو نے اس کے پکڑنے میں کوتاہی کی۔ ملاح ہنسا اور کہا: جو کچھ تو نے کہا صحیح ہے اور دوسری وجہ یہ ہے میرے دل کی توجہ اس کے بچانے کی زیادہ تھی اس کا سبب یہ ہے کہ ایک وقت راستے میں تھکا ہوا تھا تو اس نے مجھ کو اپنے اونٹ پر بیٹھا لیا تھا اور اس دوسرے کے ہاتھ سے کوڑا کھائے ہوا تھا۔ میں نے کہا: خدائے تعالیٰ نے سچ فرمایا جس نے

ـ فعل مضارع منفی، صیغہ واحد حاضر، دانستن مصدر سے۔

حکایت (۱۵): طائفہ ـ گروہ، جماعت۔ بزرگاں ـ بزرگ کی جمع ہے، بڑے لوگ۔ زَوْرَق ـ چھوٹی کشتی۔ نشستہ بودم ـ میں بیٹھا تھا، فعل ماضی بعید، صیغہ واحد متکلم، نشستن مصدر سے۔ درپئے ما ـ ہمارے پیچھے۔ گرداب ـ بھنور۔ ملاح ـ کشتی چلانے والا، کشتی بان۔ بہر یک می دہم ـ ہر ایک کے لئے، ہر ایک کے بدلے دونگا میں، فعل مضارع، صیغہ واحد متکلم دادن مصدر سے۔ غریق ـ ڈوبا ہوا۔ برہانید ـ باہر نکالا، فعل ماضی مطلق، صیغہ واحد غائب، مصدر، برہانیدن، باہر نکالنا، بچانا۔ جان بحق تسلیم کرد ـ جان خدا کو سپرد کردی، مر گیا۔ تقصیر ـ کوتاہی، لاپرواہی۔ میل خاطر من ـ میرے دل کا جھکاؤ، میرے دل کا میلان، دل کا رجحان۔ شتر ـ اونٹ۔ نشاندہ ـ بیٹھایا ہوا یا گیا،

که کارِ نیک کرد برائے نفعِ ذات اوست
وہر کہ کارِ بد کرد وبالش بروست ☆

نیک کام کیا اس کی ذات کے فائدے کے لئے ہے اور جس نے بُرا کام کیا اس کا وبال اس پر ہے

قطعہ

تا توانی درونِ کس مخراش
کاندریں راہ خارہا باشد
کارِ دَرویش مستمند برار
کہ ترا نیز کارہا باشد

جہاں تک ہو سکے کسی شخص کا دل مت چھیل اس لئے اس کے راستے میں بہت کانٹے ہیں حاجت مند فقیر کا کام پورا کر اس لئے کہ تیرے بھی بہت سے کام ہونگے۔

حکایت (۱۶): دو برادر بودند یکے خدمت سلطان کردے و دیگرے بسعی بازو نان خوردے ☆ بارے آں تونگر درویش را گفت کہ چرا خدمت نکنی تا از مشقتِ کارکردن برہی ☆ گفت: تو چرا کار نہ کنی تا از مذلتِ خدمت رستگاری یابی

حکایت (۱۶): دو بھائی تھے ایک بادشاہ کی خدمت کرتا اور دوسرا بازو کی کوشش سے کھاتا۔ایک مرتبہ اس مالدار نے فقیر کو کہا کہ تو کیوں خدمت نہیں کرتا ہے تاکہ کام کرنے کی تکلیف سے چھٹکارا پائے۔اس نے کہا: تو کیوں کام نہیں کرتا ہے تاکہ خدمتگاری کی ذلت سے چھٹکارا پائے اس لئے عقلمندوں

اسم مفعول، مصدر، نشانیدن، بیٹھانا، فعل مضارع، نشاند، فعل امر، بنشیں۔ تازیانہ۔کوڑا، چابک۔ وبالش۔اس کا عذاب، بوجھ، سختی۔
قطعہ: درون۔دل۔ مخراش۔مت چھیل، فعل نہی، صیغہ واحد حاضر، مصدر، خراشیدن، چھیلنا، فعل مضارع، خراشد، فعل امر، بخراش۔ کاندریں۔اس لئے کہ اس میں۔ خارہا۔خار کی جمع ہے، کانٹے۔ مُستمند۔غمگین، حاجت مند۔ برآر۔پورا کر، باہر لا۔فعل امر، مصدر، برآوردن سے۔
حکایت (۱۶): سعی بازو۔ہاتھ کی کمائی، محنت کی کمائی۔ بارے۔ایک بار۔ مشقتِ کارکردن۔کام کرنے کی محنت۔ برہی۔تو چھٹکارا پائے، فعل مضارع، صیغہ واحد حاضر، مصدر، رہیدن، چھٹکارہ پانا، چھوٹنا، فعل امر، برہ۔ مذلت۔ذلت، رسوائی۔ رستگاری یابی۔تو چھٹکارہ پائے، فعل مضارع، صیغہ

کہ خردمنداں گفتہ اند: نانِ جو خوردن و بر زمین نشستن بہ از کمرِ زرّیں بستن و بخدمت ایستادن ☆

نے کہا ہے: کہ جَو کہ روٹی کھانا اور زمین پر بیٹھنا کمر پر سنہرہ پٹہ باندھنے اور خدمت میں کھڑے رہنے سے بہتر ہے۔

بیت

بدست آہکِ تفتہ کردن خمیر
بہ از دست بر سینہ پیشِ امیر

ہاتھ سے گرم چونا گوندھنا امیر کے سامنے سینے پر ہاتھ رکھنے سے بہتر ہے۔

قطعہ

عمر گرانمایہ دریں صرف شد
تا چہ خورم صیف وچہ پوشم شتا
اے شکم خیرہ بنانے بساز
تا نکنی پشت بخدمت دوتا

قیمتی عمر اس میں گزر گئی کیا میں کھاؤں گرمی میں اور کیا میں پہنوں ٹھنڈی میں اے بے شرم پیٹ ایک روٹی پر صبر کرتا کہ تو نہ کرے خدمت کے لئے پیٹھ ٹیڑھی۔

حکایت (۱۷): کسی شخص نے نوشیرواں

واحد حاضر، یافتن مصدر سے۔ کمرزریں۔سنہرہ پٹکا۔ بستن۔باندھنا، مصدر ہے۔ ایستادن۔ کھڑا ہونا، مصدر، فعل مضارع، استد، فعل امر، بالیست۔ بیت: آہک۔چونا۔ تفُتہ۔نہایت گرم، جلا ہوا، کھولتا ہوا۔اسم مفعول، مصدر، تفتن، گرم ہونا، اس سے فعل مضارع، امر اور اسم فاعل نہیں آتا ہے۔ کردن خمیر۔اصل میں خمیر کردن، گوندھنا۔
قطعہ: گراں مایہ۔قیمتی۔ صرف شد۔گزر گئی۔ چہ خوردم صیف۔کیا میں کھاؤں گرمی میں۔ چہ پوشم شتاء۔کیا میں پہنوں ٹھنڈی میں۔فعل ماضی مطلق، صیغہ واحد متکلم، مصدر، پوشیدن، پہننا، چھپانا، فعل مضارع، پوشد، فعل امر، بپوش۔ خِیُرہ۔بے حیا۔ شکم خیرہ۔وہ پیٹ جو کبھی نہ بھرے۔ بساز۔موافقت کر۔فعل امر، صیغہ واحد حاضر، ساختن مصدر سے۔موافق کرنا، بنانا۔فعل مضارع،

حکایت(۱۷): کسے مژدہ پیشِ نوشیروانِ عادل بردو گفت کہ فلاں دشمنِ ترا خدائے عزّ وجلّ برداشت ☆ گفت: ہیچ شنیدی کہ مرا فرداخواہد گذاشت ☆

عادل کے پاس خوشخبری لے کر گیا اور کہا کہ تیرے فلاں دشمن کو خدائے تعالیٰ نے اٹھالیا ہے اس نے کہا تونے کچھ سنا کہ وہ مجھے چھوڑ دے گا۔

فرد

مرا بمرگِ عدد جائے شادمانی نیست
کہ زندگانیِ ما نیز جاودانی نیست

میرے دشمن کی موت خوشی کا باعث نہیں ہے
اس لئے ہماری زندگی بھی ہمیشہ کی نہیں ہے

حکایت(۱۸): سکندر را پرسیدند کہ دیار مشرق ومغرب را بچہ گرفتی ؟ کہ ملوکِ پیشیں را خزائن وعمر ولشکر بیش از تو بود و چنیں فتحے میسّر نشد ☆ گفت: بتائید خدائے برتر ☆ ہر مملکت را کہ گرفتم رعیتش را نیازردم ونام بادشاہ پیشیں جز

حکایت(۱۸): اسکندر سے لوگوں نے پوچھا کہ مشرق ومغرب کے ممالک کو کیسے تونے فتح کر لی اس لئے کہ پہلے کے بادشاہوں کے پاس خزانے اور عمر اور لشکر تجھ سے زیادہ تھے اور ایسی کوئی فتح میسر نہیں ہوئی۔ اس نے کہا: خدائے بلند برتر کی مدد سے جس ملک کو بھی میں نے فتح کیا اس کی رعایا کو میں نے نہیں ستایا پہلے کے بادشاہوں کا

سازد۔ دوتا ۔دوہرا، جھکا ہوا۔

حکایت(۱۷): مژدہ ۔خوش خبری۔ عادل ۔انصاف کرنے والا۔ ہیچ شنیدی ۔ کچھ تونے سنا، فعل ماضی مطلق، صیغہ واحد حاضر، شنیدن مصدر سے۔ مرا فردا خواہد گذشت ۔مجھ کو اکیلا چھوڑا رہے گا فعل مستقبل، صیغہ واحد غائب، مصدر، گذشتن، چھوڑنا۔ فرد: مرگ ۔موت۔ عدو ۔دشمن۔ شادمانی ۔خوشی۔ جاودانی ۔ہمیشگی۔

حکایت(۱۸): اسکندر ۔روم کے ایک مشہور بادشاہ کا نام۔ دیار ۔ملک، شہر۔ بچہ گرفتی ۔کس طرح تونے فتح کیا۔ ملوک ۔مَلِک کی جمع ہے بادشاہوں۔ پیشیں ۔اگلے۔ خزائن ۔خزینہ کی جمع ہے۔ چنیں فتحے میسر نشد ۔ایسی فتح میسر نہیں ہوئی۔ بتائید خدائے ۔خدائے تعالیٰ کی مدد سے۔

بہ نکوئی نبردم ☆

نام اچھائی کے علاوہ میں نے نہیں لیا۔

بیت

بزرگش نخوانند اہل خرد
کہ نام بزرگان بزشتی برد

عقلمند اس کو بزرگ نہیں مانتے
جو بزرگوں کا نام بُرائی سے لے

قطعہ

ایں ہمہ ہیچ است چوں می بگذرد
بخت وتخت وامر ونہی وگیر ودار
نام نیکِ رفتگاں ضائع مکن
تا بماند نام نیکت بر قرار

یہ سب کچھ نہیں ہے جب گزر جاتا ہے نصیبہ، تخت، امر ونہی اور لینا، رکھنا پہلوں کے نیک نام ضائع مت کرتا کہ تیرا نیک نام باقی رہے۔

مومنا ذکرِ خدا بسیار گو
تا بیابی در دو عالم آبرو
ذکر را اخلاص می باید نُخُست
ذکر بے اخلاص کے باشد درست

حق تعالیٰ کے یاد کرنے کی تاکید

اے لڑکے اللہ تعالیٰ کی یاد میں ہمیشہ رہ
اگر اللہ کے عدل وانصاف سے خبر دار ہے
صبح وشام کو ذکر سے زندہ رکھ
ان دنوں کو غفلت میں مت گزار
اللہ کی یاد آنا یہ روح کے لئے غذا ہے
اس زخمی دل کے لئے مرہم ہے
اگر ایک زمانہ اللہ کی یاد سے غافل ہوجائے گا
تو اس وقت میں شیطان دوست ہوجائے گا
اے مومن اللہ کا ذکر خوب بیان کر
تا کہ تو دونوں جہاں میں عزت پائے
ذکر کے لئے پہلے اخلاص چاہئے
بغیر اخلاص کے ذکر کب درست ہوگا

تاکید بیادِ حق

حل لغات: باش۔ رہ۔ فعل امر، صیغہ واحد حاضر، خلاف قیاس ''بودن'' مصدر سے۔ دائم۔ ہمیشہ۔ یادحق۔ اللہ کی یاد۔ عدل وداد حق۔ اللہ کے عدل وانصاف۔ زندہ دار۔ زندہ رکھ، فعل امر، صیغہ واحد حاضر، داشتن مصدر سے۔ تغافل۔ جان بوجھ کر غفلت کرنا۔ مگذر۔ مت گزار، فعل نہی، صیغہ واحد حاضر، مصدر، گزاشتن، گزرنا، فعل مضارع، گزرد فعل امر، بگزر۔ ایّام۔ یوم کی جمع ہے دن، زمانہ۔ دل مجروح۔ زخمی دل۔ زمانے۔ ایک زمانہ۔ رحمان۔ اللہ۔ اندرآں دم۔ اس وقت میں۔ ہمدم۔ دوست، ساتھی۔ مومنا۔ اے مومن۔ بسیار۔ خوب، زیادہ، بہت۔ گو۔ بیان کر۔ فعل امر، صیغہ واحد حاضر۔ گفتن مصدر سے۔ تا۔ تاکہ۔ بیابی۔ پائے، فعل مضارع، صیغہ واحد حاضر، یافتن مصدر سے۔ عالم۔ دنیا۔ آبرو۔ عزت۔ اخلاص۔ سچی نیت، خلوص۔ می باید۔ چاہئے، فعل

ہست ہر ہر عُضو را ذکرِ را ذکر دگر
ہفت اعضا ہست ذاکر اے پسر!
ذکرِ چشم از خوفِ حق بگریستن
باز در آیات او نگریستن
یاری ہر عاجز آمد ذکرِ دست
ذکرِ پا خویشاں زیارت کردن است
استماعِ قولِ رحماں ذکرِ گوش
تا توانی روز و شب در ذکرِ کُوش
اشتیاقِ حق بُود ذکرِ دِلت
کوش تا ایں ذکر گردد حاصلت
خواندنِ قرآں بود ذکر لساں
ہر کرا ایں نیست ہست از مفلساں

ہر ہر عضو کے لئے دوسرا ذکر ہے اے
لڑکے سات اعضا ذکر کرنے والے ہیں
آنکھ کا ذکر اللہ کے خوف سے رونا پھر
اس کی نشانیوں میں دیکھنا (غور وفکر کرنا)
ہاتھ کا ذکر ہر عاجز کے مدد آئے
پیر کا ذکر اپنوں کی زیارت کرنا ہے
کان کا ذکر اللہ کی بات غور سے سننا جہاں تک
ہوسکے دن ورات ذکر کرنے کی کوشش کر
تیرے دل کا ذکر اللہ کی چاہت ہو کوشش
کرتا کہ یہ ذکر تجھے حاصل ہوجائے
زبان کا ذکر قرآن کا پڑھنا ہو جس شخص
کے لئے یہ نہیں وہ مفلسوں سے ہے

حال، صیغہ واحد غائب، بائستن مصدر سے چاہنا، ضروری ہونا۔ اس سے فعل مضارع، امر، اور اسم فاعل نہیں آتا ہے۔ نُخُست۔ پہلے۔ بے خلاص۔ بغیر اخلاص۔ کے۔ کب۔ باشد درست۔ درست ہوگا۔ ہست۔ ہے۔ دگر۔ دوسرا۔ ہفت۔ سات۔ ذاکر۔ ذکر کرنے والا۔ ذکر چشم۔ آنکھ کا ذکر۔ از خوف حق۔ خدا کے خوف سے۔ بگریستن۔ رونا۔ مصدر، فعل مضارع۔ گرید، فعل امر، بگری۔ باز۔ پھر۔ آیات۔ آیت کی جمع ہے، نشانی۔ نگریستن۔ دیکھنا، غور وفکر کرنا، فعل مضارع نگرد، فعل امر، بنگر۔ یارِی۔ مدد۔ ذکر دست۔ ہاتھ کا ذکر۔ ذکر پا۔ پیر کا ذکر۔ خویشاں۔ اپنوں، رشتہ دار۔ استماع۔ غور سے سننا۔ ذکر گوش۔ کان کا ذکر۔ تاتوانی۔ جہاں تک ہوسکے۔ فعل مضارع، صیغہ واحد حاضر، توانستن مصدر سے، سکنا۔ اشتیاق۔ شوق، آرزو، تمنّا۔ ذکر دلت۔ تیرے دل کا ذکر۔ کوش۔ کوشش کر، فعل امر، صیغہ واحد حاضر، مصدر، کوشیدن، کوشش کرنا، فعل مضارع، کوشد۔ گردد حاصلت۔ تجھے حاصل ہوجائے، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، گردیدن

فارسی	ترجمہ
شکر نعمتہا ے حق می کن مدام	اللہ کی نعمتوں کا ہمیشہ شکرادا کرے
تا کند حق بر تو نعمتہا تمام	تا کہ اللہ تجھے تمام نعمتیں بخشے
حمدِ خالق بر زباں دار اے پسر !	اے لڑکے اللہ کی تعریف زبان پر رکھ
عمر تا برباد ندہی سر بسر	تا کہ عمر بے کار ضائع نہ ہونے دے
لب مجُنباں جز بذکرِ کرد گار	اللہ کے ذکر کے علاوہ تو لب مت ہلا
زانکہ پاکاں راہمیں بودست کار	کیونکہ پاک لوگوں کا یہی دوست رہا ہے

سعادت	نیک بختی
بر سعادت چار چیز آمد دلیل	دلیل آئی ہے چار چیزوں کے نیک بختی پر
شرح، ایں ہر چار بِشنَو اے خلیل !	ہران چاروں کی تفصیل سن لے
از سعادت ہر کرا باشد نشاں	جس کسی کے لئے نیک بختی ہوتی ہے
باشدش تدبیر ہا با دوستاں	ان دوستوں کے ساتھ تدبیریں ہوتی ہیں

مصدر سے، ہونا۔ خواندن قرآن ۔قرآن پڑھنا۔ ذکرلسان ۔زبان کا ذکر۔ ہر کرا ایں نیست ہست ۔جس شخص کے لئے یہ نہیں ہے۔ مفلساں ۔مفلس کی جمع ہے، غریب، کنگال۔ مُدام ۔ ہمیشہ۔ برتو ۔تجھ پر۔ نعمتہا ۔نعمت کی جمع ہے، نعمتوں۔ تمام ۔پورا۔ حمد ۔تعریف۔ خالق ۔ پیدا کرنے والا۔ دار ۔رکھ، فعل امر، صیغہ واحد حاضر، داشتن مصدر سے۔ برباد ۔بے کار۔ ندہی ۔ نہیں دیتا ہے، فعل مضارع منفی، صیغہ واحد حاضر، دادن مصدر سے۔ سَر بسَر ۔تمام۔ بالکل۔ مجنباں ۔مت ہلا، فعل نہی، صیغہ واحد حاضر، مصدر، جنبیدن۔ ہلانا۔ فعل مضارع، جنبد، فعل امر، بجنب۔ جز ۔علاوہ، سوا۔ کردگار ۔خالق۔ پاکاں ۔پاک کی جمع ہے، پاک لوگوں۔

سعادت

حل لغات: سعادت ۔نیک بختی۔ شرح ۔وضاحت، تفصیل۔ بِشنو ۔سنو۔ فعل امر، صیغہ واحد حاضر، شَنیدن مصدر سے۔ خلیل ۔دوست۔ نشان ۔علامت۔ تدبیر ہا ۔تدبیر کی جمع ہے، منصوبہ، تنظیم۔ دوستاں ۔دوست کی جمع ہے۔ رہنما ۔راستہ دکھانے والا، رہبری کرنے والا۔ صبر دارد ۔صبر رکھتی

فارسی	ترجمہ
ہر کرا باشد سعادت رہنما	جس شخص کی نیک بختی رہنما ہوتی ہے
صبر دارد از جفاے ناسزا	ظلم کی جفاؤں سے صبر رکھتی ہے
ہر کرا بخت و سعادت گشت یار	جس شخص کا نصیبہ اور سعادت دوست ہوئے
در جہاں باشد بدشمن سازگار	دنیا میں دشمن سے موافقت ہوتی ہے
گر تو خود نارِ ہوا را کُشتۂ	اگر تو نے اپنے نفس کی آگ کو مار ڈالا
داں کہ از اہل سعادت گشتۂ	تو جان لے تو سعادت والوں سے ہو گیا

چار چیز را حقیر نباید شُمُرد	چار چیز کو حقیر شمار نہیں کرنا چاہئے
چار چیز آمد بزرگ و معتبر	چار چیزیں بڑی اور قابل اعتبار آئی ہیں
می نماید خُرد لیکن در نظر	لیکن نظر میں چھوٹی دکھائی دیتی ہیں
زاں یکے خصم است و دیگر آتش است	ان میں سے ایک دشمن اور دوسرا آگ ہے
باز بیماری کز و دل ناخوش است	پھر بیماری ہے جس سے دل ناخوش ہے

ہے، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، داشتن مصدر سے۔ جفا ۔ظلم۔ ناسزا ۔نالائق، ظلم۔ بخت ۔ نصیبہ۔ گشت یار ۔دوست ہو جائے، فعل ماضی مطلق، صیغہ واحد غائب، گشتن مصدر سے۔ سازگار ۔موافق، موافقت کرنے والا۔ نار ہوا را کُشتۂ ۔خواہش کی آگ کو تو نے بجھا دیا، فعل ماضی قریب، صیغہ واحد حاضر، کشتن مصدر سے۔ داں ۔تو جان لے، فعل امر، صیغہ واحد حاضر، دانستن مصدر سے جاننا۔ از اہل سعادت ۔نیک بخت لوگوں میں سے۔ گشتۂ ۔ہو گیا، فعل ماضی قریب، صیغہ واحد حاضر، گشتن مصدر سے، فعل مضارع، امر اسم فاعل نہیں آتا ہے

چار چیز را حقیر نباید شُمُرد

حل لغات: حقیر ۔کم تر۔ نباید شُمُرد ۔شمار نہیں کرنا چاہئے، فعل مضارع منفی، صیغہ واحد غائب، شمردن مصدر سے شمار کرنا۔ بزرگ ۔بڑا، بڑی۔ مُعتبر ۔اعتبار کرنے کے لائق۔ می نماید ۔دکھائی دیتی ہے، فعل حال، صیغہ واحد غائب، نمودن مصدر سے، دکھانا، فعل امر، بنما۔ خرد ۔چھوٹا، چھوٹی۔

چار می دانش کہ آراید ترا	چوتھی عقل جو تجھ کو آراستہ کرتی ہے
ایں ہمہ تا خُرد ننماید ترا	تاکہ یہ تمام جو تجھ کو چھوٹا نہ دکھائی دے
ہر کہ در چشمش عدو باشد حقیر	جس کی نگاہ میں دشمن حقیر ہوتا ہے
از بلائے او کند روزے نفیر	اس کی مصیبت سے ایک دن فریاد کرتا ہے
ذرّۂ آتش چو شد افروختہ	آگ کی چنگاری جب روشن ہوتی ہے
بنی ازوے عالمے را سوختہ	تو اس سے ایک عالم جلا ہوا تو دیکھے گا
علم گر اندک بود خوارش مدار	علم اگر تھوڑا ہو اسے حقیر مت سمجھ
زانکہ دارد علم قدرے بیشمار	کیونکہ علم بے شمار قدرومنزلت رکھتا ہے
رنج اندک را بکن غم خوارگی	تھوڑی تکلیف کے لئے علاج کرتو
ورنہ بنی عجز در بے چارگی	ورنہ مجبوری میں عاجزی دیکھے گا تو
دردِ سر را گر نجوید کس علاج	اگر کوئی شخص سر کے درد کا علاج نہ ڈھونڈے
خوف آں باشد کہ برگردد مزاج	اس کے پاگل ہوجانے کا خوف ہوگا

زاں یکے ۔ان میں سے ایک۔ خصم ۔دشمن۔ آتش ۔آگ۔ بار بیماری ۔بیماری کا بوجھ۔ چار می ۔چوتھی۔ دانش ۔عقل۔ آراید ۔آراستہ کرتی ہے۔فعل مضارع،صیغہ واحد غائب،مصدر، آراستن ،سنوارنا،فعل امر، بیارائے۔ عدو ۔دشمن۔ از بلائے او ۔اس مصیبت سے۔ روزے ۔ایک دن۔ نفیر ۔فریاد، نالہ۔ ذرہ آتش ۔آگ کی چنگاری۔ چو ۔جب۔ افروختہ ۔روشن ہوئی،اسم مفعول ،مصدر،افروختن،روشن کرنا،فعل مضارع،افروزد،فعل امر،بیفروز۔ ازوے ۔اس سے۔ سوختہ ۔جلا ہوا،اسم مفعول،مصدر،سوختن،جلنا،جلانا،روشن کرنا، مضارع،سوزد،فعل امر،بسوز۔ اندک ۔تھوڑا۔ خوارش مدار ۔اس کو حقیر مت سمجھ،فعل نہی،صیغہ واحد حاضر،داشتن مصدر سے رکھنا۔ زانکہ ۔کیونکہ،اس لئے۔ رنج ۔تکلیف، مصیبت۔ غم خوارگی ۔علاج۔ عجز ۔عاجزی،مسکینی۔ بے چارگی ۔بے بسی،پریشان حالی۔ نجوید ۔ڈھونڈھے،فعل مضارع،صیغہ واحد غائب،مصدر،جستن ،ڈھونڈھنا،فعل امر،بجو۔ برگردد مزاج ۔مزاج بدل جائے، پھر جائے،فعل مضارع،صیغہ واحد

باش از قولِ مخالف پُر حذر	مخالف کی بات سے خوب خائف رہ
پیش ازاں کز پادر آئی اے پسر	اے لڑکے اس سے پہلے کہ تو گر پڑے
آتِش اندک تواں کشتن بآب	تھوڑی آگ کو پانی سے بجھایا جاسکتا ہے
وائے آں ساعت کہ گیرد التہاب	ہائے افسوس اس وقت پر جب کہ بھڑک اٹھی ہو
مذمت خشم وغضب	**غصہ اور غضب کی مذمت**
اے پسر ہر کس دارد چار چیز	اے لڑکے جو شخص چار چیزیں رکھتا ہے
چار دیگر ہم شود موجود نیز	دوسرے چار اور بھی موجود ہیں
عاقبت رسوائی آید از لَجاج	لڑائی سے آخر کار رسوائی آتی ہے
خشم را نکند پشیمانی علاج	غصے کا علاج شرمندگی نہیں کرتا ہے
بے گماں از کبر خیزد دشمنی	یقیناً تکبر سے دشمنی پیدا ہوتی ہے
حاصل آید خواری از کاہل تنی	کاہلی سے ذلت حاصل آتی ہے
چوں لَجوجی درمیاں پیدا شود	جب آپس میں جھگڑا پیدا ہوجاتا ہے

غائب،گردیدن مصدر سے، ہونا، پھرنا۔ از قول مخالف ۔مخالف کی بات سے۔ پُر حَذِر ۔خوب خائف،چوکنا۔ پیش ازاں کز پادر آئی ۔اس سے پہلے کہ تو گر پڑے۔ آتش اندک ۔تھوڑی آگ ۔ تواں کشتن ۔بجھایا جاسکتا۔ وائے ۔کلمہ افسوس،لیکن۔ آں ساعت ۔اس گھڑی۔ گیرد ۔اٹھی ہوتی ہے،پکڑتی ہے فعل مضارع،صیغہ واحد غائب،گرفتن مصدر سے۔ التہاب ۔بھڑکنا۔

مذمت خشم وغضب

حل لغات: خشم ۔غصہ۔ ہر کس کہ دارد ۔جو شخص رکھتا ہے۔ دارد ۔فعل مضارع،صیغہ واحد غائب ،داشتن مصدر سے،رکھنا۔ دیگر ہم ۔دوسری بھی۔ عاقبت ۔آخر کار،انجام۔ آید ۔آتی ہے،فعل مضارع،صیغہ واحد غائب،آمدن مصدر سے،آنا۔ لَجاج ۔جھگڑا،لڑائی۔ پشیمانی ۔شرمندگی۔ بے گمان ۔بیشک۔ کِبر ۔تکبر،غرور،گھمنڈ۔ خیزد ۔ پیدا ہوتی ہے،اٹھتی ہے،فعل مضارع،صیغہ

فارسی	اردو
بندہ از شومی او رسوا شود	تو اس کی نحوست سے رسوا ہو جاتا ہے
خشمِ خود را چوں کہ داند جاہلے	جب کہ ایک جاہل اپنے غصے کو جانتا ہے
جز پشیمانی نباشد حاصلے	شرمندگی کے علاوہ کچھ حاصل نہیں ہوتا
ہر کہ گشت از کبر بالا گردنش	جب تکبر سے کسی کی گردن بلند ہو جاتی ہے
دوستاں گردند آخر دشمنش	تو دوست آخر کار اسکے دشمن ہو جاتے ہیں
کاہلی را ہر کہ ساز د پیشۂ	جو کوئی کاہلی کو پیشہ بنا لیتا ہے
آید از خواری بپالش تیشۂ	پیروں پر ذلت کی کلہاڑی آتی ہے
خشمِ خود را ہر کہ فِرو نخورد کسے	اگر کوئی شخص غصہ کو نہیں پی سکتا
عاقبت بیند پشیمانی بسے	آخر کار تو زیادہ شرمندگی دیکھے گا
ہر کہ او افتادہ و تن پرور است	جو شخص آرام طلب اور گرا پڑا ہوتا ہے
نیست آدم کمتر از گاؤ خر است	وہ انسان نہیں بیل اور گدھا سے کم درجے کا ہے

واحد غائب، خاستن مصدر سے، اٹھنا، پیدا ہونا۔ فعل امر، بخیز۔ کاہل تنی۔ کاہلی، سستی۔ خواری۔ ذلت، رسوائی۔ چون۔ جب۔ تجو جی۔ کوئی جھگڑا، لڑائی۔ درمیان۔ آپس میں۔ شُومی۔ نحوست۔ رسوا۔ ذلیل وخوار۔ چوں کہ۔ جب کہ۔ داند۔ جانتا ہے۔ فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، دانستن مصدر سے جاننا۔ جز۔ علاوہ، سوا۔ نباشد حاصلے۔ کچھ حاصل نہیں ہوگا، ہوتا ہے۔ بالا۔ بلند۔ دوستاں۔ دوست کی جمع ہے، یار، دوست۔ گردند۔ ہو جاتے ہیں، فعل مضارع، صیغہ جمع غائب، گردیدن مصدر سے، ہونا۔ سازد۔ بناتا ہے، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، ساختن مصدر سے، بنانا۔ تِیشہ۔ کلہاڑی، بسولا، بڑھئی کا اوزار۔ فرونخورد۔ کم نہیں کرتا ہے، پیتا نہیں ہے، فعل مضارع منفی، صیغہ واحد غائب، خوردن، کھانا۔ اُفتادہ۔ گرا پڑا، اسم مفعول، افتادن مصدر سے، گرنا۔ تن پرور۔ آرام طلب۔ گاؤ۔ گائے، بیل۔ خر۔ گدھا۔

بیان چار چیز کہ گردانیدن آں محال است	چار چیزوں کا بیان جن سے اس کا پھیرنا محال ہے
چار چیز است آنکہ بعد از رفتنش	چار چیزیں ایسی ہیں کہ اس کے جانے کے بعد
از محالات است باز آوردنش	اس کا واپس لانا محالات سے ہے
چوں حدیثے رفت ناگہ بر اباں	جب کوئی بات اچانک زبان سے نکل گئی
یا کہ تیرے جَست بیروں از کماں	یا کہ تیر کمان سے باہر چلا گیا
باز چوں آرد حدیثے گفتہ را	کہی ہوئی کوئی بات کس طرح واپس لا سکتا
کس نگرداند قضائے رفتہ را	گیا ہوا وقت کوئی پھیر نہیں سکتا
باز کہ گردد چو تیر انداختی	جب تو نے تیر ڈال دیا تو کب واپس ہوگا
ہمچنیں عمرت کہ ضائع ساختی	اسی طرح تیری عمر جو تو نے ضائع کر دی
ہر کہ بے اندیشہ گفتارش بُود	جس کی بات بغیر سوچے سمجھے ہوتی ہے
پس ندامتہائے بسیارش بود	اس کے بعد بہت شرمندگی ہوتی ہے
تا نہ گفتی می توانی گفتنش	تا کہ نہ کہی ہوئی بات اس کو کہہ سکتا ہے
چوں بگفتی کے تواں نہفتنش	جب تو نے کہہ دیا تو اس کو کیسے چھپا سکتا ہے

بیان چار چیز کہ گردانیدن آں محال است

حل لغات: گردانیدن۔ پھیرنا، مصدر، گرداند، فعل مضارع، بگرداں، فعل امر۔ بعد از رفتنش۔ اس کے جانے کے بعد۔ رفتن۔ مصدر، رود، فعل مضارع، برو، فعل امر۔ باز آوردنش۔ اس کا واپس لانا۔ محالات۔ محال کی جمع ہے، غیر ممکن۔ حدیثے۔ کوئی بات۔ ناگہ۔ یکا یک، اچانک۔ رفت۔ بمعنی نکلے۔ جَست بیروں۔ باہر چلا گیا۔ جست۔ فعل ماضی مطلق، صیغہ واحد غائب، جَستن، کودنا، نکلنا، فعل مضارع، جہد، فعل امر، بجہہ۔ حدیثے گفتہ را۔ کہی ہوئی بات کو۔ قضائے رفتہ را۔ گذرے ہوئے وقت کو۔ نگرداند۔ پھیر نہیں سکتا ہے، فعل مضارع منفی، صیغہ واحد غائب، گردانیدن مصدر سے۔ باز کے گردد۔ کب واپس ہوتا ہے۔ گردد۔ فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، گردیدن مصدر

بیان چار چیز کہ خواری آرد	ان چار چیزوں کا بیان جو ذلت لاتی ہیں
چار چیزت بر دہد از چار چیز	چار چیزوں سے تیری چار چیزیں باہر آتی ہیں
نشنود ایں نکتہ جز اہل تمیز	اس نکتہ کو اہل تمیز کے علاوہ نہیں سنتا ہے
ہر کہ زو صادر شود ایں چار کار	جس شخص سے یہ چار کام سرزد صادر ہو جاتا ہے
بیند او چار دگر بے اختیار	وہ دوسرے چار کو بے اختیار دیکھتا ہے
چوں سُوال آوُرد گردد خوار مرد	جب آدمی کسے سے مانگتا ہے تو رسوا ہوتا ہے
ماند تنہا ہر کہ استخفاف کرد	اور جو شخص حقیر سمجھتا ہے وہ اکیلا رہتا ہے
ہر کہ در پایانِ کار ننگر د	جو شخص کسی کام کے انجام میں نظر نہیں کرتا
عاقبت روزے پشیمانی خورد	آخر کار ایک دن شرمندگی اٹھاتا ہے

سے، ہونا، پھرنا۔ تیر انداختی ۔تو نے تیر ڈال دیا، فعل ماضی، صیغہ واحد حاضر، انداختن مصدر سے، ڈالنا، فعل مضارع، اندازد فعل امر، بینداز۔ ہمچنیں ۔اس طرح۔ کہ ضائع ساختی ۔جو تو نے ضائع کردی، فعل ماضی، صیغہ واحد حاضر، ساختن مصدر سے۔ بے اندیشہ ۔بے سوچ سمجھے۔ ندامت ۔ شرمندگی، پشیمانی۔ بسیارش بود ۔اسے زیادہ، بہت ہوتی ہے۔ کے ۔کب، کیسے۔ تواں نہفتنش ۔اس کو کیسے چھپا سکتا ہے۔ نہفتن ۔چھپانا، چھپنا، مصدر، فعل مضارع اور امر نہیں آتا ہے۔

بیان چار چیز کہ خواری آرد

حل لغات: خواری آرد ۔ذلت لاتی ہے، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، آوردن مصدر سے، لانا، فعل امر، بیار۔ بر دہد ۔باہر آتی ہے، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، دادن مصدر سے۔ نشنود ۔ نہیں سنتا ہے فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، شنیدن مصدر سے، سننا۔ صادر شود ۔جاری ہوتے، شروع ہوتے، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، شدن مصدر سے، ہونا۔ بیند ۔ دیکھتا ہے، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، دیدن مصدر سے، دیکھنا۔ استخفاف ۔حقیر سمجھنا، ہلکا جاننا۔ پایاں کار ۔کس کام کا انجام۔ ننگرد ۔نظر نہیں کرتا یا نہیں دیکھتا، فعل مضارع منفی، صیغہ واحد غائب، نگریستن مصدر سے، دیکھنا، فعل امر، بنگر۔ عاقبت ۔آخر کار۔ روزے ۔ایک دن۔ پشیمانی خورد ۔

ہر کہ نہ کند احتیاطِ کارہا	جو شخص کاموں کا احتیاط نہیں کرتا ہے
بر دلش آخر نشیند بارہا	آخر کار اس کے دل پر بوجھ بیٹھ جاتا ہے
ہر کہ گشت از خوے سازگار	جو شخص بُری عادتوں کے موافق ہو گیا
دوستاں بیشک کنند از وے فرار	یقیناً دوست اس سے بھاگا کرتے ہیں

عطائے حق	حق تعالیٰ کی عطا
چار چیز است از عطاہاے کریم	چار چیزیں اللہ کی عطیات سے ہیں
با تو گویم یاد گیرش اے سلیم !	اے بُردبار ہم تجھ سے کہتے ہیں اس کو یاد رکھ
فرضِ حق اوّل بجا آوردں است	پہلے اللہ کے فرض بجالانا ہے
والدین از خویش راضی کردن است	اپنی ذات سے والدین کو خوش کرنا ہے
حکم دیگر چیست ؟ با شیطاں جہاد	دوسرا حکم کیا ہے؟ شیطان کے ساتھ جہاد
چار می نیکی بخلق نا مراد	چوتھی ناکام مخلوق کے ساتھ نیکی کرنا ہے

شرمندگی اٹھاتا، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، خوردن مصدر سے، کھانا۔ بر دلش ۔اس کے دل پر۔ بار ۔بوجھ۔ نشیند ۔بیٹھ جاتا ہے، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، نشستن مصدر سے، بیٹھنا۔ خوئے بد ۔بُری عادت۔ سازگار ۔موافق۔ دوستاں ۔دوست کی جمع ہے، دوست۔ از وے ۔اس سے۔ فرار ۔بھاگنا۔

عطائے حق

حل لغات: از عطائے کریم ۔اللہ کی عطیات سے۔ یاد گیر ۔یاد رکھ، فعل امر، صیغہ واحد حاضر، گرفتن مصدر سے۔ سلیم ۔بُردبار، سلامتی والا۔ فرض حق اوّل ۔پہلے اللہ کا فرض۔ بجا آوردن ۔ بجالانا۔ از خویش ۔اپنے سے۔ راضی کردن ۔راضی کرنا، خوش کرنا۔ حکم دیگر چیست ؟۔ دوسرا حکم کیا ہے۔ جہاد ۔جنگ۔ چارمی ۔چوتھی۔ بخلق نامراد ۔ناکام مخلوق۔

در بیان آنکہ آبرو ریزد	اس کے بیان میں جوعزت پائے یا بچائے
دور باش از پنج خصلت اے پسر	اے لڑکے پانچ خصلتوں سے دور رہ
تا نریزد آبرویت در نظر	تا کہ تیری عزت نظروں میں گر نہ جائے
اوّلاً کم گوئی با مردم دروغ	اولاً لوگوں کے ساتھ جھوٹ نہ بول
زانکہ گردی از دروغت بے فروغ	اس لئے کہ تیری جھوٹ تو بے رونق ہوجائے گا
ہر کہ استہزا کند با مہتراں	جوشخص بڑوں سے مذاق کرتا ہے
آبروے خود بر یزد بے گماں	یقیناً اپنی عزت گرالیتا ہے یا گنوادیتا ہے
پیش مردم ہر کرا نبود ادب	لوگوں کا جوشخص باادب نہیں ہوتا ہے
گر بریز د آبرونبُود عَجَب	اگر عزت گنوادے تو تعجب نہیں ہوتا ہے
از سَبُکساراں مباش اے نیک خوے	اے اچھی عادت والا تو کمینوں میں سے مت ہو
کز سَبُکساری بریزد آبروے	کیونکہ کمینہ گیری سے عزت گرجاتی ہے

در بیان آنکہ آبرو ریزد

حل لغات: دور باش ۔ دوررہ، فعل امر، صیغہ واحد حاضر، شدن مصدر سے ۔ خصلت ۔ عادت ۔ نریزد ۔ گر نہ جائے، فعل مضارع منفی، صیغہ واحد غائب، ریختن مصدر سے، فعل امر، بریز ۔ آبرویت ۔ تیری عزت ۔ با مردم ۔ لوگوں کے ساتھ ۔ دروغ ۔ جھوٹ ۔ زانکہ ۔ کیونکہ، اس لئے ۔ بے فروغ ۔ بے رونق ۔ استہزا ۔ ہنسی، مذاق اڑانا ۔ مہتراں ۔ مہتر کی جمع ہے، سردار، بڑوں ۔ بے گمان ۔ یقیناً، بیشک ۔ پیش مردم ۔ لوگوں کے سامنے ۔ عجب ۔ تعجب ۔ سبُکسار ۔ ہلکا، کمینہ، رذیل ۔ نیک خو ۔ اچھی عادت والا ۔ ستِیز ۔ لڑائی، جھگڑا ۔ حماقت ۔ بیوقوف ۔ مریز ۔ مت گر، فعل نہی، صیغہ واحد حاضر، ریختن مصدر سے، گرانا، چھڑانا ۔ بعالم ۔ دنیا میں ۔ آبروے بایدت ۔ تجھے عزت

فارسی	اردو
اے پسر با مہتراں کم تر ستیز	اے لڑکے بڑوں کے ساتھ لڑائی نہ کر
وز حماقت آبروے خود مریز	اور اپنی عزت حماقت سے مت گرا یا گنوا
گر بعالم آبروے بایدت	اگر دنیا میں تجھے عزت چاہئے
دائما خُلق نکو می بایدت	تو ہمیشہ تجھے اچھے اخلاق والا ہونا چاہئے
ہر کہ آہنگ سَبُکساری کند	جوشخص بیوقوفی کا ارادہ کرتا ہے
ز آبروے خویش بیزاری کند	اپنی عزت سے نفرت کرتا ہے
جز حدیث راست با مردم گلوے	لوگوں سے سچ بات کے علاوہ مت کہہ
تا نہ گردد آبرویت آب جوے	تا کہ تیری عزت ندی کے پانی کی طرح بہہ نہ جائے
جز خلاف از خیا نت باش دور	مخالفت اور خیانت سے دور رہ
تا بود پَیوستہ در روح تو نور	تا کہ تیری روح میں ہمیشہ نور رہے
گر ہمی خواہی کہ گویندت نکو	اگر تو چاہتا ہے کہ لوگ تجھے نیک کہیں
اے برادر ہیچ کس را بد مگو	تو اے بھائی کسی کو بُرا مت کہہ
تا نباشی در جہاں اندوہگیں	تا کہ تو دنیا میں غمگین نہ ہووے
از حسد در روزگار کس مبیں	زمانے میں کسی کو حسد سے مت دیکھ

چاہئے ۔ دائما ۔ ہمیشہ ۔ خُلق نکو ۔ اچھے اخلاق والا ۔ آہنگ ۔ ارادہ ۔ بیزاری ۔ نفرت ۔ حدیث ۔ بات ۔ راست ۔ سچ ۔ آب جوئی ۔ ندی کا پانی ۔ خیانت ۔ بددیانتی، بے ایمانی ۔ پیوستہ ۔ ہمیشہ ۔ نور ۔ روشنی ۔ گر ہمی خواہی ۔ اگر تو چاہتا ہے ۔ فعل حال، صیغہ واحد غائب، خواستن مصدر سے، چاہنا ۔ ہیچ کس را ۔ کسی شخص کی ۔ بدمگو ۔ برائی مت بیان کر، فعل نہی، صیغہ واحد حاضر، گفتن مصدر سے، کہنا ۔ اندوہگیں ۔ رنجیدہ، مغموم ۔ روزگار ۔ زمانہ

در بیان آنکہ آبرو بیفزاید	اس کے بیان میں جو عزت بڑھاتی ہے
از سخاوت آبرو افزوں شود	سخاوت سے عزت زیادہ ہوجاتی ہے
وز بخیلی بے خِرَد ملعوں شود	اور بخیلی سے بیوقوف ملعوں ہوجاتا ہے
ہر کرا خَلق بخشایش بود	جو شخص مخلوق پر سخاوت کرتا ہے
آبروے او در افزایش بود	اس کی عزت میں اضافہ ہوتا ہے
باش دائم برد بار و باوفا	تو ہمیشہ بردبار اور وقار کے ساتھ رہ
تا بروے خویش بینی صد ضیا	تا کہ اپنا چہرہ تو پُر ضیا دیکھے
برد باری جوے و بے آزار باش	بُردباری تلاش کر اور بے ضرر رہ
تا کہ گردد در ہنر نامِ تو فاش	تا کہ ہنر میں تیرا نام مشہور ہوجائے
تا بماند رازت از دشمن نہاں	تا کہ تیرا راز دشمن سے پوشیدہ رہے
سِرِّ خود با دوستاں کمتر رساں	اپنا راز دوستوں سے کم ظاہر کر

در بیان آنکہ آبرو بیفزاید

حل لغات: آبرو بیفزاید ۔عزت بڑھاتی ہے، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، افزودن مصدر سے، بڑھانا۔ بے خِرد ۔بیوقوف۔ ملعون ۔لعنتی، جس پر لعنت ہو۔ افزایش ۔زیادتی، اضافہ۔ دائم ۔ ہمیشہ۔ بُردبار ۔صبر کرنے والا، برداشت کرنے والا۔ باوقار ۔باعزت، معزز۔ ضیا ۔روشنی، نور۔ جوئے ۔تلاش کر، ڈھونڈ، فعل امر، صیغہ واحد حاضر، جستن مصدر سے، ڈھونڈھنا، تلاش کرنا، فعل مضارع، جوید۔ آزار ۔ستانے والا، دکھ دینے والا۔ فاش ۔مشہور۔ بماند ۔رہے، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، ماندن مصدر سے، رہنا۔ فعل امر، بماں۔ نہاں ۔پوشیدہ۔ سِرّ ۔بھید۔ رساں ۔ پہونچ۔ فعل امر، صیغہ واحد حاضر، رسانیدن مصدر سے، پہونچنا، فعل مضارع، رساند۔ شرمسار ۔

فارسی	اردو
تا نگردی پیشِ مردم شرمسار	تا کہ لوگوں کے سامنے شرمندہ نہ ہوئے
آنچ خود نہادہ باشی برمدار	جو کچھ اپنا رکھا ہوا نہ ہو باہر مت کر
اے برادر پردۂ مردم مدر	اے بھائی لوگوں کا پردہ فاش مت کر
تا نہ درد پردہ ات شخصے دگر	تا کہ دوسرا شخص تیرا پردہ فاش نہ کرے
با ہواے دل مکن زنہار کار	دل کی خواہش سے ہرگز کام مت کر
تا نیارد پس پشیمانت بار	تا کہ تجھے شرمندگی کا بوجھ نہ اٹھانا پڑے
تا زبانت نبود اے خواجہ دراز	اے آقا تیری زبان دراز نہ ہوئے
دست کوتہ دار و ہر جانب متاز	ہاتھ چھوٹا رکھ اور ہر جانب مت دوڑ
قدرِ مردم را شناس اے محترم	اے محترم لوگوں کے قدر کو پہچان
تا شناسد دیگرے قدر تو ہم	تا کہ دوسرے بھی تیری قدر پہچانے
ہر کرا قدرے نباشد در جہاں	جس شخص کی دنیا میں قدر نہیں ہوئے
زندہ مشمارش کہ ہست از مردگاں	اس کو زندہ مت شمار کر کہ وہ مردوں سے ہے
از قناعت ہر کرا نبود نشاں	جس شخص کی قناعت علامت نہ ہوئے
کے توانگر سازدش اہلِ جہاں	دنیا والے اسے مالدار کیسے بنا سکتے ہیں

نادم، شرمندہ۔ نہادہ ۔رکھا ہوا نہ ہو، اسم مفعول منفی، فعل ماضی، نہاد، فعل مضارع، نہد، فعل امر، بنہ۔ برمدار ۔باہر مت رکھ، فعل نہی، صیغہ واحد حاضر، داشتن مصدر سے، رکھنا۔ پردۂ مردم مَدَر ۔لوگوں کا پردہ فاش مت کر، مت پھاڑ، فعل نہی، صیغہ واحد حاضر، دریدن مصدر سے، فاش کرنا، پھاڑنا۔ فعل مضارع، درد، فعل امر، بدَر۔ شخصے دگر ۔کوئی دوسرا شخص۔ باہوائے دل ۔دل کی خواہش سے، ساتھ۔ زنہار ۔ہرگز، کبھی۔ نیارد ۔نہ اٹھانا پڑے، نہ اٹھا سکے۔ فعل مضارع منفی، صیغہ واحد غائب، یارستن مصدر سے، سکنا، طاقت رکھنا۔ فعل امر اور اسم فاعل نہیں آتا ہے۔ بار ۔بوجھ۔ اے خواجہ ۔ اے آقا۔ دراز ۔لمبا۔ دست کوتہ دار ۔ہاتھ چھوٹا رکھ، فعل امر، صیغہ واحد حاضر، داشتن مصدر سے۔ متاز ۔مت دوڑ، فعل نہی، صیغہ واحد حاضر، تافتن مصدر سے، دوڑنا، فعل مضارع، تازد، فعل امر، بتاز

فارسی	اردو
بر عَدوِ خویش چوں یابی ظفر	اپنے کسی دشمن پر جب تو کامیابی پائے
عفو پیش آر وز جرم در گزر	تو معاف کردے اور اس کے جرم کو درگزر کردے
دائما می باش از حق ترسگار	ہمیشہ اللہ سے ڈرنے والا رہ
نیز باش از رحمتش امیدوار	اس کی رحمت سے امیدوار بھی رہ
با تواضع باش خو کن با ادب	عاجزی کے ساتھ رہ باادب رہنے کی عادت ڈال
صحبتِ پرہیز گاراں می طلب	پرہیزگاروں کی صحبت طلب کر
صبر و علم و حلم تریاقِ دل اند	صبر، علم اور بُردباری دل کے تریاق ہیں
حرص و بغض و کینہ زہرِ قاتل اند	لالچ، بغض اور کینہ زہر قاتل ہیں
ہمچو تریاق اند دانایانِ دہر	زمانے کے عقلمند لوگ تریاق کے مانند ہیں
قاتل اند اے خواجہ ناداناں چو زہر	اے آقا بیوقوف لوگ زہر کی طرح قاتل ہیں
مردم از تریاق می یابد نجات	تریاق سے لوگ نجات چاہتے ہیں
خود کسے از زہر کے یابد حیات	خود کوئی شخص زہر سے کب زندگی چاہتا ہے

۔شناس ۔ پہچان، فعل امر، صیغہ واحد حاضر، شناختن مصدر سے، پہچاننا فعل مضارع، شناسد۔ زندہ مشمار ۔اس کو زندہ مت شمار کر، فعل نہی، صیغہ واحد حاضر، شمردن مصدر سے۔ مُردگان ۔مردہ کی جمع ہے، مردہ لوگ۔ نشان ۔علامت۔ توانگر ۔مالدار، دولتمند۔ اہل جہاں ۔دنیا والے۔ کے ۔کب، کیسے۔ عدو۔ دشمن۔ ظفر ۔کامیابی۔ عفو پیش آر ۔معاف کردے۔ فعل امر، صیغہ واحد حاضر، آوردن مصدر سے۔ جرمش ۔اس کے گناہ۔ در گزر ۔معاف کر، فعل امر، صیغہ واحد حاضر، گذاشتن مصدر سے۔ دائما ۔ ہمیشہ۔ ترسگار ۔ڈرنے والا۔ نیز ۔بھی۔ تواضع ۔عاجزی، انکساری۔ پرہیزگاراں ۔پرہیزگار کی جمع ہے، نیک لوگ، متقی۔ حلم ۔بردبار۔ تریاق ۔زہرمہرہ، زہر کی دوا۔ حرص ۔لالچ۔ بغض ۔عداوت، دشمنی۔ کینہ ۔انتقام، بدلا، حسد۔ ہمچو ۔طرح، مانند ۔دانایان ۔دانا کی جمع ہے، عقلمند لوگ۔ دہر ۔زمانہ۔ نادان ۔بیوقوف، احمق۔ کے یابد حیات ۔کب زندگی چاہئے گا، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، بایستن مصدر سے، چاہنا۔ فخر ۔بڑائی۔

فارسی	اردو
فخر جملہ کارہا نان دادن است	تمام کاموں کی بڑائی روٹی دینا ہے
در بروے دوستاں بکشادن است	دوستوں کے سامنے دروازہ کھولنا ہے
گر چہ دانا باشی و اہل ہنر	اگرچہ تو ہنرمند اور عقلمند ہو
خویش را کمتر ز ہر ناداں شمر	اپنے کو ہر بیوقوف کے زہر سے کمتر شمار کر

معرفت اللہ

اللہ کی پہچان، خداشناسی

فارسی	اردو
معرفت حاصل کن اے جانِ پدر	اے جانِ پدر (بیٹے) معرفت حاصل کر
تا بیابی از خداے خود خبر	تاکہ اپنے خدا سے واقفیت پائے
ہر کہ عارف شد خداے خویش را	جو شخص اپنے خدا کو پہچاننے والا ہوگیا
در فَنا بیند بقاے خویش را	موت میں اپنے زندگی کو دیکھے گا
ہر کہ او عارف نباشد زندہ نیست	جو شخص اس کو پہچاننے والا نہ ہوگا
قربِ حق را لائق و اَرژندہ نیست	خدا کے قرب کے لائق اور زندہ نہیں
ہر کہ اورا معرفت حاصل نشد	جس کسی کو معرفت حاصل نہیں ہوئی

جملہ ۔تمام۔ کارہا ۔کام کی جمع ہے، کام۔ در بروئے دوستاں بکشادن ۔دوستوں کے سامنے (کے لئے) دروازہ کھولنا۔ مصدر، کھولنا، فعل مضارع، کشاید، فعل امر، بکشائے۔ اہل ہنر ۔ہنرمند ۔دانا ۔عقلمند۔ شمر ۔شمار کر، فعل امر، صیغہ واحد حاضر، شمردن مصدر سے، شمار کرنا۔

معرفت اللہ

حل لغات: مَعرِفت ۔ پہچان، خداشناسی۔ اے جان پدر ۔اے باپ کی جان، اے بیٹے۔ تا بیابی ۔تاکہ پائے۔ فعل مضارع، صیغہ واحد حاضر، یافتن مصدر سے، پانا۔ خبر ۔واقفیت۔ عارف ۔پہچاننے والا۔ فنا ۔موت۔ بقا ۔زندگی۔ بیند ۔دیکھے گا، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، دیدن مصدر سے، دیکھنا۔ قرب حق را ۔اللہ کے قرب کو۔ لائق وار ۔سزاوار۔ واصل ۔پہونچنے والا۔

فارسی	اردو
ہیچ با مقصودِ خود و اصل نشد	کوئی اپنے مقصد میں پہونچنے والانہیں ہوگا
نفس خودرا چوں تو بشناسی دلا	اے دل جب اپنے نفس کوتو پہچان لے
حق تعالیٰ را بدانی با عطا	تو،تو اللہ تعالیٰ کوبخشنے والا جان لے
عارف آں باشد حق شناس	عارف وہ ہوگا جواللہ کو پہچاننے والا ہوگا
ہرکہ عارف نیست گردد ناسِپاس	جوشخص پہچاننے والانہیں ہے وہ ناشکرا ہوگا
ہست عارف را بدل مہر و وفا	عارف کے لئے دل میں محبت وخیر خواہی ہے
کارِ عارف جملہ باشد باصفا	عارف کےتمام کام خلوص کے ساتھ ہوتے ہیں
ہر کہ اورا معرفت بخشد خدا	جس کسی کواللہ تعالیٰ معرفت بخش دے
غیرحق را در دل او نیست جا	اس کے دل میں غیر خدا کے لئے جگہ نہیں

صدقہ

فارسی	اردو
تا اماں یابی ز قہر کرد گار	تا کہ اللہ کے غضب سے تو امان پائے
صدقہ می دِہ در نہاں و آشکار	ظاہر وباطن میں صدقہ دے

نفس خودرا ۔اپنے نفس کو۔ دلا ۔اے دل۔ عطا ۔بخشش۔ ناسپاس ۔ناشکرہ۔ مہر ۔محبت،شفقت، رحم۔ وفا ۔نباہ،خیر خواہی۔ صفا ۔خلوص،بے کھوٹ۔ بخشد ۔بخش دیتا ہے،فعل مضارع،صیغہ واحد غائب،بخشیدن مصدر سے،بخشا،فعل امر،بخش۔ غیرحق ۔اللہ کے علاوہ،غیر خدا۔ دردل او ۔اس کے دل میں۔ نیست جا ۔کوئی جگہ نہیں ہے۔

صدقہ

حل لغات: صدقہ ۔خیرات، جو راہ خدا میں محتاج کو دی جاتی ہے۔ اماں یابی ۔ پناہ پائے، فعل مضارع صیغہ واحد حاضر،یافتن مصدر سے،پانا۔ قہر ۔عذاب،غضب۔ کردگار ۔پیدا کرنے والا،

فارسی	اردو
صدقہ دِہ ہر مبا مداد و ہر پگاہ	ہرصبح وشام صدقہ دیا کر
تا بلاہا از تو گرداند الٰہ	تا کہ اللہ تجھ سے بلاؤں کو پھیر دے
ہر کہ اورا خیر عادت می شود	جس شخص کو بھلائی کی عادت ہو جاتی ہے
بیگماں عمرش زیادت میہ شود	یقیناً اس کی عمر زیادہ ہو جاتی ہے
آنکہ نیکی می کند در حقِ ناس	وہ جو لوگوں کے حق میں نیکی کرتا ہے
بہترین مردماں اورا شناس	تو اس کو بہترین انسان پہچان
آنکہ از وے ہست مردم را ضرر	وہ جس سے لوگوں کو تکلیف ہو
درمیانِ خَلق ز و نبُود بتر	مخلوق کے درمیان اس سے بدتر کوئی نہ ہوگا
دیں ندارد ہر کہ نبود ترس گار	وہ دین نہیں رکھتا جو شخص ڈرنے والا نہ ہو
نیست عقل آں را کہ باشد نابکار	اس کو عقل نہیں جو بے کار رہو
باوَرَع باش اے پسر گر مومنی	اے لڑکے پرہیزگار رہ اگر تو مومن ہے
کافری از قہرِ حق گرا یمنی	خدا کے عذاب کا منکر ہے اگر تو نڈر رہے

پروردگار،ذات باری تعالیٰ۔ درنہاں وآشکار ۔ظاہر وباطن میں۔ بامُداد ۔صبح۔ پگاہ۔سحر،تڑکا،بھور ۔ بلاہا ۔ بلا کی جمع ہے،مصیبت۔ گرداند ۔پھیر دے،فعل مضارع،صیغہ جمع غائب،گردانیدن مصدر سے۔ اِلٰہ ۔معبود،اللہ۔ خیر ۔خیرات،صدقہ۔ زیادت می شود ۔زیادہ ہو جاتی ہے،فعل حال ،صیغہ واحد غائب،شدن مصدر سے۔ ناس ۔لوگ۔ مردماں ۔مردم کی جمع ہے،لوگوں،انسان۔ ضرر ۔تکلیف،نقصان۔ خلق ۔مخلوق۔ بتر ۔بہت بُرا،اصل میں ”بدتر“ ہے،زیادہ بُرا۔ ترس گاہ ۔ڈرنے والا۔ نابکار ۔بے کار۔ ورع۔ پرہیزگاری۔ کافری ازقہرحق گرایمنی ۔خدا کے عذاب کا منکر ہے اگر تو نڈر رہے۔

تعظیم مہمان	مہمان کی تعظیم
اے بَرادر ! میہماں را نیک دار	اے بھائی مہمان کو اچھا رکھ (عزت کر)
ہست مہماں از عطاے کردگار	مہمان اللہ کی عطا سے ہے
میہماں روزی بخود می آورد	مہمان روزی اپنے ساتھ لاتا ہے
پس گناہِ میزباں رامی بَرد	پھر میزبان کے گناہ کو لے جاتا ہے
ہر کرا جبّار دارد دشمنش	جس کو اللہ دشمن رکھتا ہے
باز دارد میہماں از مسکنش	مہمان کو اس کے گھر سے باز رکھتا ہے
اے برادر !دار مہماں را عزیز	اے بھائی مہمان کو عزیز رکھ
تا بیابی عزت از رحماں تو نیز	تا کہ تو بھی اللہ سے عزت پائے
ہر کرا شد طبع از مہماں ملول	جس کی طبیعت مہمان سے رنجیدہ ہو
ازوے آزردہ خدا وہم رسول	اس سے خدا اور رسول بھی رنجیدہ ہوتے ہیں
بندہ کو خدمتِ مہماں کند	جو شخص مہمان کی خدمت کرتا ہے
خویش را شائشتۂ رحماں کند	اپنے کو رحمت کے لائق کرتا ہے

تعظیم مہمان

حل لغات: نیک دار ۔عزت کر، رکھ۔فعل امر، صیغہ واحد حاضر، داشتن مصدر سے۔ از عطائے کردگار۔خدا کی عطا سے۔ میہماں۔مہمان۔ بخود۔اپنے ساتھ۔ می آورد ۔لاتا ہے، فعل حال، صیغہ واغد غائب، آوردن مصدر سے، لانا۔ پس ۔پھر۔ می بَرد ۔لے جاتا ہے فعل حال، صیغہ واحد حاضر، بردن مصدر سے۔ میزبان ۔وہ شخص جس کے یہاں مہمان آئے، مہمان دار۔ جبّار ۔زبردست، خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔ مسکن ۔گھر، قیام گاہ، منزل۔ طبع ۔طبیعت۔ ملول ۔رنجیدہ، اداس۔ آزردہ ۔رنجیدہ، تکلیف، ملول۔ شائستہ ۔لائق۔ تکلف ۔تکلیف اٹھا کر کوئی کام کرنا، بناوٹ۔ نان بدہ ۔روٹی دے، فعل امر، صیغہ واحد حاضر، دادن مصدر سے۔ جائعان ۔جائع کی جمع ہے، بھوکا۔ بہشت ۔جنت۔ عدن جا ۔ہمیشہ رہنے کی جگہ۔ تن عور ۔برہنہ، ننگا جسم۔ بخشد

فارسی	اردو
از تکلف دور باش اے میزباں	اے میزبان تکلف سے دور رہ
تا گرانی نبودت از میہماں	تا کہ مہمان سے تجھے کوئی گرانی (بیزاری) نہ ہو
نان بدہ بر جائعاں بہرِ خدا	خدا کے لئے بھوکوں کو روٹی دے
تا دہندت در بہشت عدن جا	تا کہ تجھے جنت عدن میں جگہ دے
با تنِ عور آنکہ بخشد جامۂ	جو شخص ننگوں کو کپڑا بخشتا ہے
حق دہد اورا ز رحمت نامۂ	اللہ اس کو رحمت کا پیغام دیتا ہے
گر برداری حاجتِ محتاج را	اگر تو محتاج کی ضرورت برلائے (پوری کرے)
بر سرِ اقبال یابی تاج را	تو تاج کو بلندی کے سر پر پائے گا
ہر کرا بشد بدولت بخت یار	جس کی عزت قسمت کے بدولت ہوتی ہے
خیر وَرْزَددر نہاں و آشکار	وہ ظاہر و باطن میں بھلائی کرتا ہے
تانخوانندت بخوانِ کس مَرَ و	جب تک تجھے نہ بلائیں کسی شخص کے دسترخوان
در پئے مُردار چوں کرگس مَرَو	پر مت جا گدھ کی طرح مردار کے پیچھے مت جا
گر کنی خیر تو آں از خود مبیں	اگر تو کوئی بھلائی کر سکتا ہے تو خو سے مت دد یکھ
ہر چہ بینی نیک نیں و بد مبیں	جو کچھ دیکھے نیکی دیکھ بُرائی مت دیکھ

۔بخش دے۔فعل مضارع صیغہ واحد غائب۔بخشیدن مصدر سے۔ جامہ ۔کپڑا۔ حق دہد ۔اللہ دیتا ہے۔فعل مضارع صیغہ واحد غائب دادن مصدر سے۔ نامہ ۔پیغام۔ براری ۔برلائے، پورہ کرے۔فعل مضارع صیغہ واحد حاضر۔آوردن مصدر سے۔ حاجت ۔ضرورت۔ بخت یار ۔خوش قسمت، خوش نصیب۔ خیر ورزد ۔بھلائی کرتا ہے۔فعل مضارع صیغہ واحد غائب ورزیدن مصدر سے۔ خوان ۔دستر خوان۔ مرو ۔مت جا۔فعل نہی صیغہ واحد حاضر رفتن مصدر سے۔ در پئے ۔پیچھے۔ چوں ۔طرح، مانند۔ کرگس ۔گدھ۔ خیرے ۔کوئی بھلائی۔ از خود مبیں ۔خود سے مت کر یا مت دیکھ۔فعل نہی صیغہ واحد حاضر۔دیدن مصدر سے۔ ہر چہ بینی نیک بیں ۔جو کچھ تو دیکھے اچھائی دیکھ۔ بد مبیں ۔برائی مت دیکھ۔فعل نہی۔صیغہ واحد حاضر ، دیدن مصدر سے ، دیکھنا ۔

نصائح دینی و دُنیوی	دینی اور دنیوی نصیحتیں
خواب کم کن اول روز اے پسر	اے لڑکے صبح کے وقت نہ سو
نفس را بدخو میاموز اے پسر	اے لڑکے نفس کو بُری عادت مت سیکھا
آخر روز ت نکو نبود منام	شام کے وقت سونا اچھا نہیں ہوتا ہے
پیش شام ت خواب ہم آمد حرام	شام سے پہلے سونا بھی حرام آیا ہے
اہل حکمت را نمی آید صواب	عقلمندوں کو درست نہیں آتا
درمیانِ آفتاب و سایہ خواب	کہ دھوپ اور سایہ کے درمیان سوئے
دست را بر رُخ زدن شوم است شوم	ہاتھ کو چہرے پر مارنا بدفالی ہی بدفالی ہے
استماعِ علم کن ز اہلِ علوم	اہل علم سے علم کی بات غور سے سننا
شب در آئینہ نظر کردن خطا است	رات کو آئینہ میں نظر کرنا خطا ہے
روز گر بینی تو رُوے خود رواست	اگر دن میں دیکھے تو اپنا چہرہ تو جائز ہے
خانہ گر تنہا و تاریک بُود	اگر تمہارا گھر تنہائی اور تاریکی میں ہو کسی
مونسے باید کہ نزدیک بود	دوست کو چاہیئے کہ تمہارے پاس ہو

نصائح دینی و دنیوی

حل لغات: نصائح ۔نصیحت کی جمع ہے ۔نیک مشورہ، بھلی بات ۔ خواب کم کن ۔نہ سو۔ اول روز ۔ صبح کے وقت ۔ بدخو ۔ بری عادت ۔ میاموز ۔مت سیکھ، مت ڈال ۔فعل نہی صیغہ واحد حاضر ۔ آموختن مصدر سے ۔سیکھنا، سیکھانا ۔فعل مضارع صیغہ واحد غائب ۔آموزد ۔فعل امر بیاموز ۔ منام ۔نیند، سونے کی جگہ ۔ نکو ۔اچھا ۔ خواب ۔نیند ۔ اہل حکومت ۔عقلمند ۔ نمی آید ۔نہیں آتا ہے ۔ فعل مضارع منفی، صیغہ واحد غائب ۔آوردن مصدر سے ۔صواب ۔ درست، ٹھیک ۔ میان ۔ درمیان ۔ آفتاب ۔دھوپ ۔ شوم ۔ بدفالی، منحوس ۔ استماع ۔سننا ۔ روئے خود ۔اپنا چہرہ ۔ رواست ۔جائز ہے ۔ خانہ ۔گھر ۔ مونس ۔غمخوار، انس رکھنے والا، دوست، یار ۔ نزدیکت ۔

دست را کم زن تو در زیر زَنخ	ہاتھ کو ٹھوڑی کے نیچے مت رکھ
نزدِ اہل علم سرد آمد چو یخ	اہل علم کے نزدیک برف کی طرح ناپسندیدہ ہے
چار پایاں را چو بینی در قطار	چوپایوں کو جب تو قطار میں دیکھے
درمیان شاں نیائی زینہار	تو ان کے درمیان ہرگز نہ آئے
تا فزاید قدر و جاہت را خدا	تا کہ خدا قدر و منزلت زیادہ کرے
روز و شب می باش دائم در دعا	دن و رات دعا میں برابر رہے
تا شود عمرت زیادہ در جہاں	تا کہ دنیا میں تیری عمر زیادہ ہووئے
رو نکوئی کن نکوئی در نہاں	تو جا پوشیدگی میں نیکی کر
تا نکاہد روزیت در روزگار	تا کہ زمانے میں تیری روزی کم نہ ہو
معصیت کم کن بعالم زینہار	دنیا میں ہرگز گناہ نہ کر
ہر کہ رو دَر فسق و در عصیاں کند	جو شخص فسق اور گناہوں میں مائل کرتا ہے
ایزد اندر رزقِ او نقصاں کند	اللہ تعالیٰ اس کے زرق میں کمی کر دیتا ہے
کم شود روزی ز گفتار دروغ	جھوٹی باتوں سے روزی کم ہو جاتی ہے
در سخن کذّاب را نبوَد فروغ	زیادہ جھوٹ بولنے والے کی بات میں ترقی نہیں ہوتی

تمہارے پاس یا نزدیک ۔ کم زن ۔مت رکھ ۔"کم" اگرچہ تقلیل کے لئے آتا ہے لیکن اکثر اس کا معنیٰ نفی کا ہوتا ہے ۔ زنخ ۔ٹھوڑی ۔ سرد آمد ۔بے رونق معلوم ہوا، ناپسندیدہ ہے ۔ یخ ۔ برف، بہت ٹھنڈا ۔ چار پایاں ۔چار پا کی جمع ہے چوپاؤں ۔ چو ۔جب ۔ درمیان شاں ۔انکے درمیان ۔ نیابی ۔نہ آئے، فعل مضارع منفی، صیغہ واحد حاضر، یافتن مصدر سے ۔ زینہار ۔ ہرگز، کبھی ۔ فزاید ۔زیادہ کرے ۔فعل مضارع صیغہ واحد حاضر ۔افزودن مصدر سے ۔بڑھنا، بڑھانا ۔ وجاہت ۔حسن، خوب صورتی ۔ دائم ۔ہمیشہ، برابر ۔ رُو نکوئی کن ۔ظاہر میں نیکی کر ۔ نہاں ۔باطن، پوشیدہ ۔ نکاہد ۔کم نہ ہوئے، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، کاہیدن، کاہانیدن مصدر سے، کم ہونا ۔ روزگار ۔ زمانہ ۔ معصیت ۔گناہ ۔ بعالم ۔دنیا میں ۔ فسق ۔بدکاری ۔ عصیاں ۔عاصی کی جمع ہے، گناہ ۔

اردو	فارسی
اے لڑکے زیادہ سونا فاقہ لاتا ہے	فاقہ آرد خواب بسیار اے پسر !
اے لڑکے کم سو بیدار رہ	خواب کم کن، باش بیدار اے پسر !
جو شخص رات میں ننگا سویا کرتا ہے	ہر کہ در شب خواب عریاں می کند
اپنی قسمت میں نقصان کرتا ہے	در نصیب خویش نقصاں می کند
ننگے پیشاب کرنا بھی محتاجی لاتا ہے	بَول عریاں ہم فقیری آوَرَد
زیادہ رنج وغم اور بڑھاپا لاتا ہے	اَندُہِ بسیار پیری آوَرَد
ناپاکی میں کھانا کھانا بُرا ہوتا ہے	در جنابت بد بود خوردن طعام
یہ خاص وعام کے نزدیک ناپسندیدہ ہے	ناپسند است ایں بنزد خاص عام
روٹی کے ٹکڑے کو پیر کے نیچے مت ڈال	ریزۂ ناں را میفگن زیرِ پا
اگر تو خدا سے نعمت چاہتا ہے	گر ہمی خواہی تو نعمت از خدا
رات کو گھر میں جھاڑو ہرگز نہ مار	شب مزن جاروب ہرگز خانہ در
کوڑا کرکٹ بھی سر کے نیچے مت رکھ	خاکرو بہ ہم مَنِہ در زیر سر
اگر تو ماں باپ کو نام سے بلائے	گر بخوانی باب و امامت را بنام
تو تجھ پر اللہ کی نعمت حرام ہوجائے گی	نعمت حق بر تو می گردَد حرام

ایزد ۔ اللہ۔ نقصان کند ۔ کمی کر دیتا ہے، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، کردن مصدر سے۔ کم شود ۔ کم ہوجاتی ہے۔ فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، شدن مصدر سے۔ ز گفتار دروغ ۔ جھوٹی باتوں سے۔ کذّاب ۔ بہت زیادہ جھوٹ بولنے والا، بڑا جھوٹا۔ فروغ ۔ روشنی، تابندگی، درخشندگی، ترقی۔ فاقہ آرد ۔ مفلسی، غربت، محتاجی لاتا ہے، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، آوردن مصدر سے۔ خواب عریاں می کند ۔ ننگا سوتا ہے، فعل حال، صیغہ واحد غائب، کردن مصدر سے۔ نصیب خویش ۔ اپنی قسمت۔ بول ۔ پیشاب۔ فقیری آوَرَد ۔ محتاجی لاتا ہے، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، آوردن مصدر سے۔ اَندُہ ۔ رنج، غم۔ جنابت ۔ وہ ناپاکی جو صحبت کرنے یا احتلام

اردو	فارسی
اگر ہر کوئی لکڑی سے تو دانتوں میں خلال کرے	گر بہ ہر چوبے کنی دنداں خلال
تو فقیر ہوجائیں گا اور مصیبت میں پڑ جائے گا	بے نوا گردی و اُفتی در ملال
ہاتھ کو مٹی اور دھول سے کبھی صاف نہ کر	دست را ہرگز بخاک وگل مشوے
ہاتھ دھونے کے لئے پانی تلاش کر	از برائے دست شستن آب جوے
اے لڑکے دروازے کی چوکھٹ پر مت بیٹھ	اے پسر بر آستانِ در منشیں
ایسے کام (عمل) سے روزی کم ہوجاتی ہے	کم شود روزی ز کردار چنیں
دروازے کے بازو سے ٹیک نہ لگا	تکیہ کم کن نیز در پہلوے در
ہمیشہ ایسی عادت سے دور رہ	باش دائم از چنیں خصلت بدر
پاخانہ کی جگہ میں اگر تو طہارت کرتا ہے	در خلا جا گر طہارت می کنی
تو اپنے وقت کو جان جو تو برباد کرتا ہے	وقت خود را داں کہ غارت می کنی
جسم پر کپڑا سینا مناسب نہیں ہوتا ہے	جامہ بر تن نشاید دوختن
لوگوں سے ادب سیکھنا چاہئے	باید از مرداں ادب آموختن
اگر دامن سے اپنا چہرہ صاف کرے گا	گر بدامن پاک سازی روے خویش
اے درویش تیری روزی زیادہ کم ہوجائے گی	روزیت کم گردد اے دَرویش بیش

سے ہو۔ بد ۔ بُرا۔ بنزد خاص وعام ۔ خاص وعام کے نزدیک۔ ریزہ ۔ ٹکڑا۔ میفگن ۔ مت ڈال ۔ فعل نہی۔ صیغہ واحد حاضر، افگندن مصدر سے، ڈالنا، فعل مضارع، افگند، فعل امر، بیفگن ۔ زیر پا ۔ پیر کے نیچے۔ شب مزن جاروب ۔ رات میں جھاڑو مت مار، لگا۔ فعل نہی، صیغہ واحد حاضر، زدن مصدر سے، مارنا۔ خاکروبہ ۔ سمیٹا ہوا کوڑا کرکٹ۔ زیر سر ۔ سر کے نیچے، سرہانے۔ منہ ۔ مت رکھ۔ فعل نہی، صیغہ واحد حاضر، نہادن مصدر سے، رکھنا، فعل مضارع، نہد، فعل امر، بنہ۔ باب و امامت ۔ باپ اور ماں۔ چوب ۔ لکڑی۔ دنداں ۔ دانت۔ خلال کردن ۔ کسی چیز سے دانت کریدنا، صاف کرنا۔ بے نوا ۔ فقیر، بے سامان۔ ملال ۔ مصیبت۔ ہرگز ۔ کبھی۔ بخاک وگل ۔ دھول۔ مشوئے ۔ مت صاف کر، مت دھل۔ فعل نہی، صیغہ واحد حاضر، شستن مصدر سے، دھونا، فعل

دیر رَو بازار بیروں آے زود
زانکہ از رفتن نیابی ہیچ سود
نیک نبود گر کُشی از دَم چراغ
رہ مدہ دُودِ چراغ اندر دماغ
کم زن اندر ریش شانہ مشترک
زانکہ آں خاص تو باشد خوشترک
از گدایاں پارہ ہاے ناں مخر
زانکہ می آرد فقیری اے پسر
دور کن از خانہ تارِ عنکبوت
باشد اندر ماندنش نقصانِ قوت

بازار دیر سے جا جلدی واپس آ
کیونکہ جانے سے کچھ فائدہ نہیں پائے گا
اچھا نہیں ہوتا ہے اگر تو بھونک سے چراغ بجھائے
چراغ کے دھوئیں دماغ کے اندر مت جانے دے
ساجھی کی گنگھی بال میں مت لگا
کیونکہ جو خاص تمہاری ہو زیادہ اچھا ہے
فقیروں سے روٹی کے ٹکڑے مت خرید
کیونکہ اے لڑکے وہ غریبی لاتا ہے
گھر سے مکڑی کا جالا دور کر
اس کے رہنے سے روزی میں کمی ہوتی ہے

مضارع، شوید، فعل امر، بشو۔ برائے ۔کے لئے۔ آب ۔پانی۔ جوئی ۔تلاش کر، فعل مضارع، صیغہ واحد حاضر، جستن مصدر سے، ڈھونڈھنا۔ فعل امر، بجو۔ برآستاں در ۔دروازے کی چوکھٹ پر ۔ مشیں ۔مت بیٹھ، فعل نہی، صیغہ واحد حاضر۔ نششتن مصدر سے، بیٹھنا۔ ز کردار چنیں ۔ایسے عمل، کام سے۔ تکیہ کم کن ۔ٹیک نہ لگا۔ پہلوئے در ۔دروازے کا بازو۔ چنیں خصلت ۔ایسی عادت۔ درخلا جا ۔پاخانہ کی جگہ میں۔ دان ۔تو جان۔ فعل امر، صیغہ واحد حاضر، دانستن مصدر سے۔ غارت ۔تباہ، برباد۔ جامہ برتن نشاید دوختن ۔جسم پر کپڑا اسلنا مناسب نہیں ہوتا ہے۔ نشاید ۔فعل مضارع منفی، صیغہ واحد غائب، شایستن مصدر سے۔ دوختن ۔مصدر، سینا، فعل مضارع، دوزد، فعل امر، بدوز۔ مرداں ۔مرد کی جمع ہے، لوگوں۔ ادب آموختن ۔ادب سیکھنا، مصدر، فعل مضارع ، آموزد، فعل امر، بیاموز۔ پاک سازی ۔صاف کرے، پاک کرے، سازی، فعل مضارع، صیغہ واحد حاضر، ساختن مصدر سے۔ ہیچ سود ۔کچھ فائدہ۔ گر کُشی از دم چراغ ۔اگر تو پھونک سے چراغ بجھائے۔ دود ۔دھواں۔ کم زن اندر ریش شانہ مشترک ۔ساجھی کی گنگھی بال میں مت لگا۔ خوشترک ۔بہت اچھا۔ گدایاں ۔گدا کی جمع ہے، فقیروں۔ پارہ ہائے ۔ٹکڑے۔ مخر۔

خرج را بیروں ز اندازہ مکن
خشک ریشِ را تازہ مکن
دسترس گر باشدت تنگی مکن
چونکہ رہواری برہ لنگی مکن

اندازے کے باہر خرچ مت کر
اپنے سوکھے زخم کو تازہ مت کر
اگر تو دولتمند ہے تو بخیلی مت کر
تو سوار ہے راہ میں لنگڑاہٹ مت کر

در بیان آنکہ دوستی را نشاید

اس کے بیان میں جو دوستی کے لائق ہوتی

دوستِ بد باشد زیاں کار اے پسر!
تو طمع زاں دوست برادر اے پسر!
ہر کہ می گوید بدیہاے تو فاش
دوست مشمارش باو ہمدم مباش

بُرا دوست نقصان کا کام کرنے والا ہوتا ہے
اے لڑکے تو اس دوست سے امید رکھے
جو شخص تیری بُرائی کو فاش کرے اسے
دوست مت شمار کر اس کے ساتھ دوستی مت کر

مت خرید، فعل نہی، صیغہ واحد حاضر، خریدن مصدر سے، خریدنا، مول لینا، فعل مضارع، خرد، فعل امر، بخرہ۔ زانکہ ۔کیونکہ، اس لئے۔ می آرد فقیری ۔محتاجی لاتا ہے، فعل حال، صیغہ واحد غائب، آوردن مصدر سے۔ تار عنکبوت ۔مکڑی کا جالا۔ ماندنش ۔اس کے رہنے سے۔ قوت ۔روزی۔ ریش ۔زخم۔ تازہ مکن ۔تازہ مت کر۔ فعل نہی، صیغہ واحد حاضر، کردن مصدر سے۔ دسترس ۔قدرت، پہونچ۔ رہواری ۔تو سواری ہے۔ لنگی ۔درمیان سفر کسی جگہ آرام کرنا، لنگڑاہٹ، دم لینا۔

در بیان آنکہ دوستی را نشاید

حل لغات: دوست بد ۔ بُرا دوست ۔ زیاں کار ۔نقصان کا کام کرنے والا۔ طمع ۔امید۔ بدیہائے ۔بدی کی جمع ہے ۔ دہ خوار ۔ شرابی۔ از چناں کس ۔ایسے شخص

دوستی ہرگز مکن با بادہ خوار
از چناں کس خویشتن را دُور دار

شرابی سے ہرگز دوستی مت کر
ایسے شخص سے اپنے کو دور رکھ

منعمے گر می کند ترکِ زکوٰۃ
دور ازوے باش تاداری حیوٰۃ

کوئی مالدار زکوٰۃ دینا ترک کرتا ہے
اس سے دور رہ جب تک زندہ رہے

دور شو زانکس کہ خواہد از تو سُود
گر سرِ خود بر خود قدمہاے تو سُود

اس شخص سے دور ہو جا جو تجھ سے نفع چاہتا ہے
اگرچہ تیرے قدموں پر اپنا سر رگڑے

اے پسر از سود خوارا ں کن حَذر
خصم ایشاں شد خداے داد گر

اے لڑکے سود خوروں سے پرہیز کر
انصاف کرنے والا خدا ان لوگوں کا دشمن ہوگیا ہے

آنکہ از مردم ہمے گیرد رِبا
زینہار اورا نگوئی مرحبا

جو شخص لوگوں سے سود لیتا ہے
اس کو ہرگز شاباش نہ کہہ

سے۔ دور دار ۔دور رکھ۔ فعل امر صیغہ واحد حاضر۔داشتن مصدر سے ۔ منعم ۔ دولت مند ، مالدار۔ ترک زکوۃ ۔زکوۃ دینا، چھوڑ دے۔ از وے ۔اس سے۔ تا داری حیوۃ ۔جب تک زندہ رہے۔ دور شو ۔دور ہو جا۔ فعل امر صیغہ واحد حاضر۔شدن مصدر سے۔ از تو سود ۔تجھ سے نفع۔ بر قدمہائے تو ۔تیرے قدموں پر۔قدم کی جمع ہے۔ سود ۔رگڑے۔ فعل ماضی، صیغہ واحد غائب۔ سودن مصدر سے۔ رگڑنا۔ گھسنا۔اس سے فعل مضارع امر اسم فاعل نہیں آتا ہے۔ سود خوراں ۔سود خور کی جمع ہے۔سود کھانے والوں۔ کن حذر ۔پرہیز کر۔ خصم ایشاں شد ۔ان لوگوں کا دشمن ہو گیا۔ داد گر ۔انصاف کرنے والا، منصف۔ ہمی گیرد ربا ۔سود لیتا ہے۔ زینہار ۔ہر گز، کبھی۔ اورا ۔اسکو۔ مرحبا ۔شاباش۔ نگوئی ۔نہ کہے۔

غم خواری مردم

بر سرِ بالینِ بیمار اں گذر
زانکہ ہست ایں سنت خیر البشر

لوگوں کے غم خوار

بیماروں کی مزاج پرسی کر
کیونکہ یہ سب سے بہتر انسان کی سنت ہے

تاتوانی تشنہ را سیراب کن
در مجالس خدمتِ اصحاب کن

جب تک ہو سکے پیاسے کو سیراب کر
مجلسوں میں اصحاب کی خدمت کر

خاطرِ اَیتام را در یاب نیز
تا ترا پَیوستہ دارد حق عزیز

یتیموں کی دل جوئی کر
تاکہ اللہ تجھ کو ہمیشہ عزیز رکھے

چوں شود گریاں یتیمے ناگہاں
عرشِ حق در جنبش آید آں زماں

جب کوئی یتیم اچانک روتا ہوتا ہے
تو اس وقت عرش الٰہی جنبش میں آجاتا ہے

ثوں یتیمے را کسے گریاں کند
مالک اندر دوزخش بریاں کند

جب کسی یتیم کو کوئی شخص رُلائے گا
اللہ اس کو جہنم کے اندر بھون دے گا

غم خواری مردم

حل لغات: برسر بالین بیماراں ۔بیمار کی جمع ہے۔ بیماروں کے مزاج پرسی۔ گذر ۔جا۔ فعل امر صیغہ واحد حاضر۔گزشتن مصدر سے۔ سنت ۔طریقہ۔ خیر البشر ۔تمام انسانوں میں سب سے بہتر۔(ﷺ) تشنہ ۔پیاسا۔ مجالس ۔مجلس کی جمع ہے، محفل۔ اصحاب ۔صاحب کی جمع ہے۔ساتھی۔ خاطر ۔دل جوئی۔ ایتام ۔یتیم کی جمع ہے۔نا بالغ بچہ جس کا باپ مر گیا ہو۔ یاب ۔پالے۔ فعل امر صیغہ واحد حاضر۔یافتن مصدر سے۔ پیوستہ ۔ہمیشہ۔ دارد ۔رکھے۔ فعل مضارع صیغہ واحد غائب۔ داشتن مصدر سے۔ چون ۔جب۔ گریاں ۔رونے والا۔ نالاں ۔اسم فاعل مصدر گریستن سے۔ رونا۔ فعل مضارع گیرد۔ بگیر۔ فعل امر۔ ناگہاں ۔یکا یک، اچانک۔ عرش حق ۔عرش الٰہی۔ آزماں ۔اس وقت۔ بریاں ۔بھنا ہوا۔ خنداند ۔ہنساتا، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، خنداندن یا خندانیدن مصدر سے، ہنسانا، فعل امر، بخنداں۔ خستہ ۔زخمی، بدحالی۔ بازیابد ۔کھلا پائے گا، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، یافتن مصدر سے، فعل امر، بیاب۔ در بستہ ۔بند

فارسی	اردو
آنکہ خس داند یتیمے خستہ را	جو شخص کسی بدحال یتیم کو ہنساتا ہے
باز یابد جنت در بستہ را	وہ جنت کے بند دروازے کو کھلا پاتا ہے
ہر کہ اَسرارت کند فاش اے پسر!	اے لڑکے جو شخص تیرا راز فاش کرے
از چناں کس دور می باش اے پسر!	اے لڑکے ایسے شخص سے دور رہ
در جوانی دار پیراں را عزیز	جوانی میں بوڑھوں کو عزیز رکھ
تا عزیز دیگراں باشی تو نیز	تا کہ دوسرے بھی تجھے عزیز رکھے
بر ضعیفاں گر بجشائی رواست	کمزوروں پر اگر تو بخشش کرے جائز ہے
کیں ز سر تیاے خوب اولیا ست	کیونکہ یہ ولیوں کی بہترین سیرتوں میں سے ہے
بر سر سیری مخور ہرگز طعام	آسودہ ہونے پر ہرگز کھانا نہ کھا
تا بمیرد در بدن قلب اے غلام	اے لڑکے جسم کے اندر دل مردہ نہ ہوجائے
علت مردم ز پُر خواری بود	لوگوں کی بیماری زیادہ کھانے سے ہوتی ہے
خوردنِ پُر تخمِ بیماری بود	زیادہ کھانا بیماری کا بیج ہوتا ہے
راحتے نبود حسود شوم را	منحوس حاسد کو راحت نہیں ہوتی ہے
کاذب بد بخت را نبود وفا	بد بخت جھوٹا وفادار نہیں ہوتا ہے

دروازہ۔ اسرار ۔سر کی جمع ہے، راز، بھید۔ از چناں کس ۔ایسے شخص سے۔ پیراں ۔پیر کی جمع ہے، بوڑھا۔ ضعیفاں ۔ضعیف کی جمع ہے۔ بوڑھا، کمزور۔ گر بجشائی ۔اگر تو بخشش کرے، فعل مضارع صیغہ واحد حاضر، بخشودن مصدر سے۔ رواست ۔جائز ہے۔ کیں ۔کیونکہ۔ سیر تہا ۔سیرت کی جمع ہے، عادت، خصلت۔ خوب ۔بہترین۔ اولیاء۔ ولی کی جمع ہے، دوست۔ سیری ۔آسودگی۔ مخور ۔مت کھا، فعل نہی، صیغہ واحد حاضر، خوردن مصدر سے۔ نمیرد ۔نہیں مرے گا۔ فعل مضارع منفی، صیغہ واحد غائب، مردن مصدر سے، مرنا۔ علت ۔بیماری۔ پُر ۔بھرا ہوا، بھرپور۔ تخم ۔دانہ، بیج۔ شوم ۔منحوس۔ راحتے نبود ۔کوئی آرام نہ ہو۔ حسود ۔حسد کیا گیا۔ بد بخت ۔بدنصیب۔ کاذب ۔جھوٹ بولنے والا۔ بدخو ۔بدکردار۔ کجا۔ کہاں۔ محکم ۔ پائیدار، مضبوط۔ مر بخیلاں ۔خاص کر

فارسی	اردو
توبۂ بد خو کجا محکم بود	بدکردار کی توبہ کہاں پائیدار ہوتی ہے
مر بخیلاں را مُروّت کم بود	خاص کر بخیلوں میں انسانیت کم ہوتی ہے
تا شود دینِ تو صافی چوں زُلال	تا کہ تیرا دین شیریں پانی کی طرح صاف ہوجائے
باش دائم طالب قوتِ حلال	ہمیشہ حلال روزی کا طالب رہ
آنکہ باشد درپئے قوتِ حرام	جو شخص حرام روزی کے پیچھے ہوتا ہے
در تنِ او دل ہمی میرد تمام	اس کے تمام جسم میں دل مردہ ہوجاتا ہے
در صلۂ رحم	**رشتہ داروں سے نیک سلوک کرنے میں**
رَو بپرسید ن بر خویشانِ خویش	اپنے رشتہ داروں کی پرسش کرنا
تا کہ گردد مدتِ عمرِ تو بیش	تا کہ تیری عمر کی مدت زیادہ ہوجائے
ہر کہ گرداند ز خویشا اند رُو	جو شخص اپنے لوگوں سے منہ پھیرتا ہے
بیگماں نقصاں پذیرد عمر او	یقیناً اس کی عمر نقصان قبول کرلیتی ہے
ہر کہ او ترکِ اقارب می کند	ہر وہ شخص جو رشتہ داروں سے قطع تعلق کرلیتا ہے
جسمِ خود قوتِ عقارب می کند	اپنا جسم بچھوں کا خوراک کرلیتا ہے

بخیلوں ۔بخیل کی جمع ہے۔ مروت ۔انسانیت۔ زلال ۔شیریں پانی۔ قوت حلال ۔حلال روزی۔ درپئے قوت حرام ۔حرام روزی کے پیچھے۔ درتن او ۔اس کے جسم میں۔ ہمی میرد ۔مردہ ہوجائے فعل مضارع، صیغہ واحد مردن مصدر سے۔ دائم ۔ہمیشہ۔

در صلۂ رحم

حل لغات: صلۂ رحم ۔رشتہ داروں سے نیک سلوک کرنا۔ خویشانِ ۔رشتہ دار۔ رو۔ جا۔ فعل امر، صیغہ واحد حاضر، رفتن مصدر سے، جانا۔ پیش ۔زیادہ۔ گرداند ۔پھیرتا ہے، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، گردانیدن مصدر سے، پھیرنا۔ زخویشا اند ۔اپنوں سے، رشتہ داروں۔ بیگمان ۔یقیناً، بے شک۔ پذیرد ۔قبول کرتی ہے، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، پزیرفتن مصدر سے، قبول کرنا، فعل امر، بپزیر۔ اقارب ۔اقرب کی جمع ہے، رشتہ داروں۔ ترک ۔قطع تعلق، چھوڑنا۔ قوت ۔

ہر کہ او خویش خود بیگانہ شد
نامش از روے بدی افسانہ شد

ہر وہ شخص جو اپنے عزیزوں سے بیگانہ ہوگیا
اس کا نام بُرائی کے چہرے سے مشہور ہوگیا

خاتمہ

اہلِ دیں را ایں قدر کافی بود
اہل دنیا را ہمیں وافی بود ہر کہ اینہا

را بداند عاقل است
وانکہ اینہا کار بندد کامل است

در جوارِ انبیا دار السلام
ہمنشیں اولیا باشد مُدام

آخری حصہ، انتہا

دین داروں کو اس قدر (نصیحت) کافی ہے
دنیا داروں کو یہی کافی ہے

جوان کو جان لیتا ہے تو عقلمند ہے
اور جوان پر عمل کرتا ہے تو کامل انسان ہے

انبیاء کی پڑوس جنت میں
اولیا کی صحبت میں ہمیشہ رہے گا

روزی۔ عقارب ۔عقرب کی جمع ہے، بچھوں۔ خویش ۔عزیز، رشتہ دار۔ بیگانہ ۔اجنبی، غیر ملکی، پر دیسی۔ بدی ۔ برائی۔ افسانہ شد ۔مشہور ہوگیا۔ فعل ماضی، صیغہ واحد غائب، شدن مصدر سے۔

خاتمہ

حل لغات: اہل دیں ۔ دین دار لوگ۔ اہل دنیا ۔ دنیا دار لوگ۔ ہمیں ۔ یہی۔ بداند ۔ جان لیتا ہے، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، دانستن مصدر سے۔ عاقل است ۔عقلمند ہے۔ کار بندد ۔عمل کرتا ہے، فعل مضارع، واحد غائب، بستن مصدر سے، باندھنا۔ کامل است ۔مکمل ہے۔ جوار ۔ پڑوس، ہمسائیگی۔ انبیاء ۔ نبی کی جمع ہے، پیغمبر۔ دار السلام ۔سلامتی کا گھر، جنت۔ ہمنشیں ۔ صحبت۔ اولیاء ۔ولی کی جمع ہے، دوست۔ مُدام ۔ ہمیشہ۔

دعا

یارب آں ساعت کہ جاں برلب رسد
جسم پژمردہ بتاب و تب رسد
شربتِ شہد شہادت نوشیم
خلعت راہِ سعادت پوشیم
چوں ندارم در دو عالم جز تو کس
ہم تو می باشی مرا فریادرس

☆☆☆☆☆☆

تمت بالخیر

دعا

اے اللہ اس وقت جب جان لب پر پہونچے
کُملایا ہوا جسم بیقراری میں پہونچے
ہم شہادت کے شہد کا شربت پیئیں
اور سعادت کے راستے کا لباس پہنیں
جب میں دونوں جہاں میں تیرے علاوہ کسی کو نہیں
رکھتا تو، تو ہی میرے فریاد کو پہونچنے والا ہے

☆☆☆☆☆☆

تمت بالخیر

دعا

حل لغات: یارب ۔اے پالنے والے۔ ساعت ۔گھڑی، لمحہ۔ برلب رسد ۔لب پر پہونچے، فعل مضارع، صیغہ واحد غائب، رسیدن مصدر سے، پہونچنا۔ پژُمردہ ۔کملایا ہوا، نڈھال۔ تاب وتب ۔بیقراری، گھبراہٹ۔ شہادت ۔خدا کی راہ میں مارا جانا، گواہی۔ نوشیم ۔ہم پیئے، فعل ماضی، صیغہ جمع متکلم، نوشیدن مصدر سے، پینا، فعل مضارع، نوشد، فعل امر، بنوش۔ خلعت ۔ وہ پوشاک جو بادشاہ یا امرا کی طرف سے بطور عزت افزائی ملے۔ پوشیم ۔ہم پہنے، فعل ماضی، صیغہ، جمع متکلم، پوشیدن مصدر سے، پہننا، فعل مضارع، پوشد، فعل امر، بپوش۔ چوں ۔جب۔ ندارم ۔میں نہیں رکھتا ہوں، فعل ماضی منفی، صیغہ واحد متکلم، داشتن مصدر سے، رکھنا۔ دو عالم ۔دونوں جہان۔ جز تو ۔تیرے علاوہ۔ ہم تو می باشی ۔تو تو ہی ہوئے، ہوگا، فعل مضارع، صیغہ واحد حاضر، بودن مصدر سے، خلاف قیاس۔ مرا فریادرس ۔میرے فریاد پہونچنے والا، مددگار۔

ختم شدہ